باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

چیف ایڈیٹر
ملک نعیم خان کاکڑ

صفحات 8

جلد نمبر 34 | بروز جمعرات 2 مئی 2024ء / 23 شوال 1445ھ / قیمت 12 روپے | شمارہ نمبر 122

WWW.Dailysahafatquetta.com

شہباز شریف

بجٹ میں تنخواہوں میں اضافے کی کوشش کرینگے

ہنرمند اور باصلاحیت افرادی قوت وقت کی ضرورت ہے، محنت کش طبقے کو یکساں ترقی کے مواقع فراہم کریں گے، محنت کشوں کی خوشحالی کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے، بطور خادم پاکستان صوبوں سے ملکر محنت کشوں کی خدمت کرینگے

ملک کے تمام محنت کشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، محنت کش ملکی ترقی کے لیے خون پسینہ بہاتے ہیں، مزدوروں کی فلاح و بہبود کے عزم پر قائم ہیں، عملی اقدامات کے لیے قومی لیبر کانفرنس منعقد کریں گے، شہباز شریف

اسلام آباد (یو این اے) وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ فضول خرچیوں میں بے پناہ کمی لے کر آئیں گے، مشکلات کے باوجود بجٹ میں تنخواہوں میں اضافے کی کوشش کریں گے۔ لاہور میں اپنی رہائشگاہ پر مزدوروں کے اعزاز میں ظہرانہ سے خطاب میں وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ محنت کش ہمارے اصل ہیرو ہیں، محنت کشوں کی خوشحالی کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے، بطور خادم پاکستان صوبوں سے ملکر محنت کشوں کی خدمت کریں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 1)



آئی پی پی کو ایک اور جھٹکا، سعدیہ سہیل رانا نے پارٹی کو خیرباد کہہ دیا

لاہور (یو این اے) استحکام پاکستان پارٹی (آئی پی پی) کو ایک اور جھٹکا، سابق رکن پنجاب اسمبلی (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

توشہ خانہ کیس، عمران خان اور بشریٰ بی بی کے خلاف نئی تحقیقات کا آغاز

راولپنڈی (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف کے قائد عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے (باقی صفحہ 2 نمبر 3)



مزدور اور محنت کش طبقہ کے مسائل ختم کریں گے، علی امین گنڈاپور

پشاور (یو این پی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور نے کہا ہے کہ اچھی بات ہے کہ مولانا فضل (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

اسرائیل نام کا دنیا میں کوئی خطہ نہیں ہے لیکن اس کو تسلیم کرنے کی باتیں ہورہی ہیں، یہودیوں کو ایک سازش کے تحت برطانیہ کی سرپرستی میں آباد کیا گیا

خطہ اسرائیل کا نام تاریخ میں نہیں ملتا، ہم نے نظریہ پاکستان سے بھی بے وفائی کی، حیرت اس بات پر ہے جس کا حدود اربعہ ہی نہیں اسے تسلیم کرنے کی باتیں کی جارہی ہیں

مولانا فضل الرحمٰن

ہم نے قائداعظم کا اسرائیل مخالف نظریہ سمجھا ہی نہیں

امریکا اور یورپ جنگی جرم میں شریک ہیں، امریکا انسانی حقوق کا قاتل ہے، تاریخ میں سب سے پہلے امریکا نے ایٹمی طاقت کا استعمال کیا آج تک اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل نہیں کیا گیا، اقوام متحدہ اسرائیل کو دفاع کا جواز فراہم کرتا ہے

مسجد اقصیٰ امت مسلمہ کا ہے، سعودی عرب کو یقین دلایا ہے حرمین کے تحفظ کیلئے کٹ مرنے کیلئے تیار ہیں، مسلم دنیا کیوں ہچکچا رہی ہے گولان کی پہاڑیاں ان کے قبضے میں ہیں، قومی فلسطینی کانفرنس سے خطاب

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے حکومتی پالیسیوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسرائیل نام کا دنیا میں کوئی خطہ نہیں ہے لیکن اس کو تسلیم کرنے کی باتیں ہو رہی ہیں، ہم نے قائد اعظم کا اسرائیل مخالف نظریہ سمجھا ہی نہیں۔ لاہور میں قومی فلسطین کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مولانا فضل الرحمان نے کانفرنس میں شریک فلسطینی راہنماؤں سے عربی زبان میں یکجہتی کا اظہار کیا اور کہا کہ کبھی کہتے ہیں کہ اسرائیل کو تسلیم کرلیں۔ انہوں نے کہا کہ خطہ اسرائیل کا نام تاریخ میں نہیں ملتا، یہودیوں کو ایک سازش کے تحت برطانیہ (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

لاہور، وزیراعظم محمد شہباز شریف عالمی یوم مزدور کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان کی افغانستان میں مسجد پر ہونے والے حملے کی شدید مذمت

پاکستان عبادت گاہوں پر نفرت انگیز حملوں سمیت دہشت گردی کی تمام شکلوں اور مظاہرے کی مذمت کرتا ہے

دکھ کی اس گھڑی میں ہماری ہمدردیاں اور دعائیں متاثرین اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں

اسلام آباد (یو این اے) پاکستان نے افغانستان کے شہر ہرات میں دہشت گردی کے واقعہ کی شدید الفاظ میں مذمت کی۔ ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرا بلوچ کا کہنا ہے کہ پاکستان ہرات میں مسجد پر ہونے والے دہشت گردانہ حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

تمام نشے کے عادی افراد کا علاج مفت کیا جائیگا، وزیراعلیٰ بلوچستان

منشیات کے عادی افراد ہمارے معاشرے کا حصہ ہیں اگر وہ غلط صحبتوں کی وجہ سے، اس لت میں پڑ گئے ہیں تو ہم نے انکی بحالی کیلئے کیا کیا؟

اللہ نے مجھے اپنے لوگوں کی خدمت کا موقع دیا ہے میں اپنی بساط سے بڑھ کر اس مسئلے پر توجہ دوں گا کیونکہ یہ انسانیت کا سوال ہے، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے شہر میں منشیات کے عادی افراد کی بڑھتی ہوئی تعداد اور ان کے جرائم میں ملوث ہونے کو انسانیت سوز قرار دیتے ہوئے ان کی دوبارہ بحالی کا پروگرام ہنگامی بنیادوں پر شروع کرنے کا حکم دے دیا ہے۔ یہ حکم انہوں نے سوشل ویلفیئر ڈپارٹمنٹ کے سیکرٹری کو منشیات کے عادی افراد کی دوبارہ بحالی کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں دیا۔ انہوں نے اجلاس میں اظہار برہمی کر (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

یوم مزدور ہمیں شہدا شکاگو کی جدوجہد کی یاد دلاتا ہے، محسن نقوی

میں اس موقع پر پاکستان کی تمام افرادی قوت کو دلی مبارکباد دیتا ہوں اور ان کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہوں

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ محنت کشوں (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے علاقائی عمائدین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

آصف زرداری

مناسب اجرت سے محنت کش طبقے کے حالات بہتر بنائے جاسکتے ہیں

پاکستان میں مزدور اور محنت کش طبقے کو مہنگائی، ضروریات زندگی کی بڑھتی قیمتوں، بے روزگاری اور موسمیاتی تبدیلی کے منفی اثرات جیسے چیلنجز کا سامنا ہے

محنت کش طبقے کے حالات کو بہتر بنانے کیلئے مناسب اجرت، کام کیلئے محفوظ ماحول، صحت کی سہولیات اور مزدوروں کے بچوں کو تعلیمی سہولیات فراہم کرنا ہوگی

اسلام آباد (یو این پی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے مزدوروں کے عالمی دن کے موقع پر پاکستان کی سماجی اور اقتصادی ترقی کے لئے انتھک کوشش کرنیوالے محنت کشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ محنت کش طبقے کے حالات کو بہتر بنانے کیلئے مناسب اجرت، کام کیلئے محفوظ ماحول، صحت کی سہولیات اور ان کے بچوں کو تعلیمی سہولیات فراہم کرنے بارے اقدامات کی ضرورت ہے۔ بدھ کو ایوان صدر (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

بلوچستان اسمبلی کے دو ارکان کی کامیابی کے نوٹیفکیشن جاری

اسلام آباد / کوئٹہ (یو این پی) الیکشن کمیشن نے بلوچستان اسمبلی کے دو ارکان کی کامیابی کے نوٹیفکیشن جاری کر دیے۔ پی بی 20 خضدار سے بی این پی کے جہانزیب (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

پی آئی اے کی نجکاری میں غیر ملکی کمپنیوں کی عدم دلچسپی

پی آئی اے کی نجکاری کے لیے خلیجی ممالک کی صرف دو کمپنیوں نے رجوع کیا

کراچی (یو این پی) پی آئی اے کی نجکاری کی بولی میں غیر ملکی کمپنیوں نے عدم دلچسپی کا اظہار کر دیا، خلیجی ممالک کی صرف دو کمپنیوں نے رجوع کیا۔ میڈیا کو ذرائع نے بتایا ہے کہ خلیجی ممالک کی صرف دو کمپنیوں نے سرمایہ کاری کیلئے پانچ ہزار ڈالرز جمع کرا کے کاغذات حاصل کیے (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

یکم مئی کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ کے دروازے عوام کیلئے کھلے رہے

عوام کے مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی "مزدور ڈے" کے موقع پر عوام کے درمیان رہے ان کے مسائل سنے اور حل کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کیے یکم مئی کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ کے دروازے عوام کے لئے کھلے رہے جہاں مزدوروں، بزرگ شہریوں (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

گوگل کا پاکستان میں 50 اسمارٹ اسکول قائم کرنے کا منصوبہ

نیویارک (یو این پی) گوگل نے اسلام آباد میں 50 اسمارٹ اسکول قائم کرنے کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اسمارٹ اسکولز 30 ہزار گوگل فار ایجوکیشن آئی (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

گیمبیا، نائب وزیراعظم پاکستان وزیر خارجہ اسحاق ڈار کا گیمبیا پہنچنے پر حکام استقبال کر رہے ہیں

پاکستان، آئی ایم ایف کے درمیان نئے قرض پروگرام پر مذاکرات کا شیڈول طے

سخت شرائط پر ملنے والے 6 سے 8 ارب ڈالرز کے نئے قرض پروگرام کا دورانیہ 3 سال یا اس سے زیادہ ہوسکتا ہے، ذرائع وزارت خزانہ

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان نئے قرض پہلے تکنیکی اور پھر پالیسی سطح کے مذاکرات ہونگے، قرض کا نیا پروگرام آئی ایم ایف کی سخت شرائط پر ملنے کا امکان ہے

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان کی جانب سے 3 ارب ڈالرز کا قلیل مدتی قرض پروگرام کامیابی سے مکمل کرنے کے بعد نئے بڑے قرض پروگرام پر مذاکرات کے لیے پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان شیڈول طے پا گیا۔ رپورٹ کے مطابق آئی ایم ایف مشن 15 مئی کو نئے قرض پروگرام پر بات چیت کے لیے پاکستان پہنچے گا۔ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان نئے قرض پہلے تکنیکی اور پھر پالیسی سطح کے مذاکرات ہوں گے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کا کہنا ہے کہ قرض کا نیا پروگرام 6 سے 8 ارب ڈالرز اور دورانیہ 3 سال یا اس سے (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

کراچی، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو پاکستان کوسٹ گارڈز ہیڈکوارٹرز کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جا رہی ہے

دہشتگردی سے نمٹنا پاک امریکہ مشترکہ مفاد میں ہے، امریکی محکمہ خارجہ

ہم دہشتگردی کا مقابلہ کرنے اور شہریوں کی حفاظت اور تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے پاکستان کی کوششوں کی حمایت کرتے ہیں

سکیورٹی کے مسائل پر پاکستان کیساتھ ہماری شراکت داری میں یقیناً انسداد دہشتگردی کے حوالے سے اعلیٰ سطح پر مکالمہ شامل ہے

واشنگٹن (یو این پی) امریکی محکمہ خارجہ نے کہا ہے کہ علاقائی سلامتی کو درپیش خطرات سے نمٹنا امریکہ اور پاکستان کے مشترکہ مفاد (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

دکی کول مائنز ایریا سے اغواء ہونے والے 7 مغوی مزدور 38 دن بعد رہا

مغوی مزدوروں کو اغواء کاروں نے جھالار کے پہاڑی علاقے ذکی سور میں چھوڑ کر رہا کر دیا

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) دکی کول مائنز ایریا سے اغواء ہونے والے 7 مغوی مزدور 38 دن بعد رہا کر دیئے گئے دکی میں کول مائنز ایریا سے 23 مارچ کو اغواء ہونے والے (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

حب، جھاڑیوں سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد

حب (نامہ نگار) ساکران حیدر گوٹھ کے قریب جھاڑیوں سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ذرائع کے مطابق ضلع حب کے علاقے ساکران حیدر گوٹھ کے قریب جھا (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

کوئٹہ، بھائیوں نے غیرت کے نام پر بہن سمیت دو افراد کو قتل کر دیا

ملزمان نے سریاب روڈ پر لاڑکانہ کے رہائشی راشد کو فائرنگ کرکے قتل کیا پھر مشرقی بائی پاس پر خاتون کو قتل کر دیا

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں 3 بھائیوں نے غیرت کے نام پر اپنی بہن اور ایک نوجوان کو قتل کر دیا۔ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں بدھ کی صبح فائرنگ کے (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

اوستہ محمد، سیاہ کاری کے نام پر مرد اور خاتون قتل

اوستہ محمد (نامہ نگار) گوٹھ یاسین آباد میں ملزم غلام فرید ماچھی نے فائرنگ کرکے اپنی بیوی مسماۃ زرینہ اور اس کے آشنا رجب علی کھوکھر کو قتل کر دیا ایس ایچ او گنداخہ رحمت علی قمرانی (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ملک کی تعمیر و ترقی محنت کش طبقے کی مرہون منت ہے، داؤد شاہ کاکڑ

کوئٹہ (پ ر) پاکستان تحریک انصاف بلوچستان کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ نے کہا کہ یوم مزدور لیبر ڈے کے موقع پر مزدوروں اور محنت کش طبقے کو زبردست خراج تحسین (باقی صفحہ 2 نمبر 38)

توشہ خانہ کیس؛ بشریٰ بی بی نے نئی نیب انکوائری میں طلبی کا نوٹس چیلنج کر دیا

درخواست سماعت کیلئے مقرر، اسلام آباد ہائیکورٹ نے پٹیشن کی سماعت کیلئے 2 رکنی بینچ تشکیل دیدیا

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان تحریک انصاف کے قائد عمران خان کی اہلیہ (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

سندھ طاس معاہدے کی پاسداری: بھارت کی متعصب قوم پرستی اور پاکستان کو درپیش آبی تحفظ کے چیلنجز

اسلام آباد (بیورو چیف) سنٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سکیورٹی اسٹڈیز لاہور (CASS) کے زیر اہتمام ''سندھ طاس معاہدے کی پاسداری: بھارت کی متعصب قوم پرستی اور پا (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

ملکی معیشت میں مزدوروں کا کردار ناقابل فراموش ہے، نواب زہری

انسانی تاریخ میں محنت و عظمت اور جدوجہد سے بھرپور استعارے کا دن یکم مئی ہے

کوئٹہ (یو این پی) پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ عالمی یوم مزدور (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

تونسہ شریف میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کا حملہ، 7 اہلکار زخمی

20 دہشتگردوں نے تاریکی کا فائدہ اٹھا کر مختلف اطراف سے حملہ کیا، حملے میں راکٹ لانچرز، ہینڈ گرینڈ، لیزر لائٹ گنز سمیت جدید اسلحہ استعمال کیا

دہشتگرد جھنگی پولیس چیک پوسٹ پر قبضہ کرنا چاہتے تھے، زخمی اہلکاروں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، ایک کی حالت تشویشناک ہے پولیس حکام

تونسہ شریف (یو این پی) تونسہ شریف میں پولیس چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کے حملے میں 7 اہلکار زخمی ہو گئے۔ میڈیا (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

وطن عزیز کے ہر محنت کش اور ہنرمند کے بلند حوصلے کو سلام پیش کرتے ہیں: عبدالعلیم خان

ملکی معیشت میں مزدور کا پسینہ شامل ہے، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا یوم مئی پر گفتگو

اسلام آباد (بیورو چیف) وفاقی وزیر برائے نجکاری، سرمایہ کاری بورڈ و مواصلات عبدالعلیم خان نے یوم مئی پر گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ وطن عزیز کے ہر محنت کش، مزدور اور (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

وندر، بجلی کی تاریں کاٹ کر لے جانے والے 2 ملزمان گرفتار

وندر (یو این اے) وندر پولیس کی کامیاب کارروائی بجلی کی تاریں کاٹ کر لے جانے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے کیبل کے کور سمیت تاریں کاٹنے کیلئے استعمال ہو (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

آن لائن ٹیکسی کمپنی اوبر نے پاکستان میں اپنی سروس بند کر دی

اوبر کے ترجمان نے پاکستان میں سروس بند کرنے سے متعلق فیصلے کی تصدیق کر دی

لاہور (یو این پی) دنیا کے کئی ممالک میں کام کرنے والی آن لائن ٹیکسی کمپنی اوبر نے پاکستان میں اپنی سروس بند کر دی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق آن لائن ٹیکسی سروس کمپنی اوبر نے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

اوستہ محمد، ملزمان گرفتار، 2 موٹر سائیکلیں برآمد

اوستہ محمد (نامہ نگار) پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد اور 15 مددگار کی کامیاب کارروائیاں روپوش ملزمان گرفتار جبکہ پولیس تھانہ صدر اوستہ محمد نے 02 موٹر سائیکلیں برآمد کر لیں انسپکٹر جنرز (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

2700 ارب روپے کے محصولات اسٹے آرڈرز کی وجہ سے رکے ہوئے ہیں، وزیر قانون

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا کہنا ہے کہ 2700 ارب روپے کے محصولات اسٹے آرڈرز کی وجہ سے رکے ہوئے ہیں۔ اولڈ راوین ایسوسی (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

بلوچستان میں طلباء کیلئے آگاہی سیمینارز کا انعقاد ممکن بنایا جائیگا، راحیلہ حمید درانی

صوبے کے اسکولوں اور کالجوں کے نصاب میں مالیاتی خواندگی اور مالی امور میں طلباء و طالبات کو گلوبل ٹرینڈز سے متعلق آگاہی حاصل ہو سکے

غریب اور پسماندگی کی صورتحال بلوچستان کے نوجوانوں کو مالی خواندگی کی مطلوبہ مہارتوں سے آگاہ کرنا لازمی بناتی ہے، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید خان درانی نے کہا ہے کہ صوبے میں مالی و تکنیکی پیشہ ورانہ علوم کے فروغ میں ملک کے تمام بڑے اداروں کی معاونت حاصل کی جائیگی تاکہ صوبے کے اسکولوں اور کالجوں کے نصاب میں مالیاتی خواندگی اور مالی امور (باقی صفحہ 2 نمبر 36)

تربت پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی

پنجگور (نمائندہ خصوصی) تربت پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی (باقی صفحہ 2 نمبر 35)

سکیورٹی اور بلٹ پروف گاڑیوں کے بغیر چینی باشندوں کے گھومنے پھرنے پر پابندی

لاہور (یو این اے) پولیس نے پرائیویٹ سیکورٹی اور بلٹ پروف گاڑیوں کے بغیر چینی باشندوں کے گھومنے پھرنے پر پابندی عا (باقی صفحہ 2 نمبر 34)

کراچی، صدر مملکت آصف علی زرداری سندھ میں امن و امان سے متعلق منعقدہ اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سپیکر قومی اسمبلی کی تونسہ شریف میں جھنگی چیک پوسٹ پر حملے کی مذمت

دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم پولیس اور سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، ایاز صادق

اسلام آباد (یو این پی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے تونسہ شریف میں جھنگی چیک پوسٹ پر دہشتگردوں کے حملے کی مذمت کی ہے۔ یہاں جاری بیان میں سپیکر نے دہشتگر (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

وزیراعظم نے غیر ضروری خریدی گئی گندم کی تحقیقات کرانے کی منظوری دیدی

ممبر فیڈرل پبلک سروس کمیشن میاں مشتاق نگران دور میں گندم خریداری کی تحقیقات کریں گے

اسلام آباد (یو این پی) وزیراعظم نے نگران دور حکومت میں غیر ضروری خریدی گئی گندم کی تحقیقات کرانے کی منظوری دے دی۔ ممبر فیڈرل پبلک سروس کمیشن میاں مشتاق (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

2700 ارب روپے کی محصولات سٹے آرڈرز کی وجہ سے رکے ہوئے ہیں، اعظم نذیر تارڑ

وزیراعظم نے ذمے داری سونپی ہے ٹریبونلز اور اپیل کا نظام اور اس کے بعد ریفرنس کے فیصلوں کے نظام میں ریفارم کیا جائے

اسلام آباد (یو این پی) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا کہنا ہے کہ 2700 ارب روپے کے محصولات سٹے آرڈرز کی وجہ سے رکے ہوئے ہیں، وزیراعظم نے ذمے داری (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

ٹرانسپورٹروں کے مسائل حل کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، صوبائی وزیر داخلہ

باہمی مشاورت سے مسائل کا خاتمہ ممکن ہوگا ہم نے ٹرانسپورٹرز کے مسائل سن لئے، وزیراعلیٰ سے بات کرکے جلد انکے جائز مطالبات تسلیم کئے جائیں گے

ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے ٹرانسپورٹ کے مسائل حل کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے، باہمی مشاورت سے مسائل کا خاتمہ ممکن ہوگا، ٹرانسپورٹروں سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو کی قیادت میں حکومتی وفد نے احتجاج پر بیٹھے ہوئے ٹرانسپورٹرز سے ملاقات کی صوبائی وزراء کی ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے وفد سے ملاقات میں مسائل کے حل اور ممکنہ حل کو زیر بحث لایا گیا اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک، رکن (باقی صفحہ 2 نمبر 37)

مبینہ انتخابی دھاندلیوں کیخلاف اسٹریٹ پاور رکھنے والی جماعتوں کا اکٹھ

کراچی (یو این اے) مبینہ انتخابی دھاندلیوں کے خلاف سٹریٹ پاور رکھنے (باقی صفحہ 2 نمبر 33)

وزیراعظم کی ہدایت پر گندم اسکینڈل کی تحقیقات میں اہم پیشرفت

اسلام آباد (یو این پی) وزیراعظم شہباز شریف کی ہدایت پر گندم اسکینڈل کی تحقیقات میں اہم پیشرفت ہوئی ہے۔ میڈیا (باقی صفحہ 2 نمبر 32)



اسلام آباد، وزیر مملکت برائے آئی ٹی شزہ فاطمہ خواجہ ایشیا انٹرنیٹ کولیشن کے اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہیں

اعلان گمشدگی

بسم اللہ ولد زین الدین کے جماعت ہشتم سال 2023 رول نمبر 2349 اصل [ڈی ایم سی چمن بازار میں کہیں گر کر گم ہوگیا ہے اگر کسی بھی کو ملا ہے تو مطلع نمبر پر رابطہ کریں۔ موبائل نمبر 03108216141

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پاکستان کسی ایک کا نہیں، سب کا ملک ہے، پاکستان جلد اقوام عالم میں اپنا عظیم مقام حاصل کرلے گا۔ اپنے لیڈر نواز شریف کی قیادت میں پاکستان کو جائز مقام دلوائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ کرپشن سمیت دیگر معاملات کا خاتمہ ہونے والا ہے، سفارش آج سکہ رائج الوقت ہے، پاکستان بنانے کا مقصد اسلامی فلاحی مملکت تھا، ہر ایک کو پورا حق ہے محنت اور دیانت سے اپنا جائز مقام حاصل کرے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ سرمایہ کار اور محنت کش ایک ہی گاڑی کے پہیے ہیں، محنت کش کو جائز حق فی الفور نہ ملے تو ملک ترقی نہیں کرسکتا، مزدور کی محنت سے سرمایہ میں برکت آتی ہے۔ تاجروں، سرمایہ کاروں، صنعتکاروں کی دولت پر مزدور کا بھی حق ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے معاشی حالات انتہائی مشکلات سے دوچار ہیں، سعودی ولی عہد چاہتے ہیں پاکستان ترقی کرے اور خوشحالی آئے، پاکستان کے کھربوں روپے واپس لانے کی کوششیں کررہے ہیں۔ شہباز شریف کا کہنا تھا کہ غریب بڑی مشکل سے اخراجات برداشت کرتا ہے، پیٹرول، ڈیزل کی قیمت میں کمی مہنگائی کا متبادل نہیں، مہنگائی نے عام آدمی کی زندگی کو بہت زیادہ تنگ بنادیا، غریب آدمی پر زندگی تنگ ہے۔ جبکہ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان معاشی طور پر نازک دور سے گزر رہا ہے، اس صورتحال میں پائیدار اقتصادی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ یوم مزدور کے موقع پر اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ملک کے تمام محنت کشوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، محنت کش ملکی ترقی کے لیے خون پسینہ بہاتے ہیں، مزدوروں کی فلاح وبہبود کے عزم پر قائم ہیں، عملی اقدامات کے لیے قومی لیبر کانفرنس منعقد کریں گے۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا ہے کہ روزی کمانے والی باہمت خواتین کی عظمت کو سلام پیش کرتا ہوں، مہنگائی نے مزدور طبقے کو زیادہ متاثر کیا، معاشی طور پر کمزور ہم وطنوں کی مشکلات کم کریں گے، مزدور دوست پالیسیوں اور اقدامات کو یقینی بنائیں گے، ہنر مند اور باصلاحیت افرادی قوت وقت کی ضرورت ہے، محنت کش طبقے کو یکساں ترقی کے مواقع فراہم کریں گے۔ اسی طرح کیم مئی کے حوالے سے اپنے بیان میں صدر مملکت آصف زرداری نے کہا کہ محنت کش طبقے کو مہنگائی اور بیروزگاری جیسے چیلنجز کا سامنا ہے، محنت کشوں کے استحصال کے خاتمے کے لیے پالیسیوں کے عمل درآمد میں ریاست کا اہم کردار ہے

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

الرحمن سچ بول رہے ہیں، ان کے دل میں اور بھی راز ہیں۔ یوم مزدور کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس عمر میں اگر مولانا صاحب کلمہ حق پڑھتا ہے تو ہم ساتھ دیں گے۔ علی امین گنڈاپور کا کہنا تھا کہ مولانا فضل الرحمن نے کہا تھا کہ پی ٹی آئی کی حکومت میں نے گرائی، مولانا صاحب اب تمام باتوں کی وضاحت کریں۔ انہوں نے کہا کہ مولانا صاحب دھاندلی کے خلاف احتجاج کررہے ہیں مگر ان کو میں نے ہرایا ہے، مولانا فضل الرحمن کا مینڈیٹ چوری نہیں ہوا بلکہ ان کے ساتھ دھوکا ہوا۔ علی امین گنڈاپور کا کہنا تھا کہ مزدور اور محنت کش طبقہ کے مسائل ختم کریں گے، مزدوروں کے لیے قوانین میں اصلاحات لارہے ہیں، جس کے ساتھ زیادتی ہوگی، حکومت اس کا ساتھ دے گی۔ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا نے کہا کہ حکومت کبھی بھی زیادتی کرنے والے کا ساتھ نہیں دے گی، مزدوروں کے تمام پیکج ڈبل کریں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر چیز کا علاج ہے اور مجھے علاج کا پتا ہے، ہم یہاں مسائل کے حل کرنے کے لیے بیٹھے ہیں، مزدوروں کی اجرت 32 ہزار ہے، تو 32 ہزار ہی ہونی چاہیے۔ علی امین گنڈاپور نے کہا کہ مجسٹریٹ کو بھرتی کرکے اجرت پر عملدرآمد یقینی بنائیں گے، انڈسٹریز کے لیے سستی بجلی کا منصوبہ لا رہے ہیں، 25، 30 وزرا یا 91 ممبران میرے مسائل ختم نہیں کرسکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ عوام کا ساتھ ہوگا، تو مسائل حل کریں گے، گھوڑے کو لگام لگانا اور اسے تیز بھگانا جانتا ہوں

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

خلاف توشہ خانہ کیس میں نئی تحقیقات کا آغاز ہوگیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق توشہ خانہ کیس میں قومی احتساب بیورو (نیب) نے بانی چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کے خلاف نئی تحقیقات شروع کردی ہیں، اس حوالے سے سابق وزیراعظم پر قیمتی تحائف غیر قانونی طور پر فروخت کرنے کا الزام ہے، نیب نے بانی پی ٹی آئی کو نئی انکوائری میں طلب بھی کیا اور 16 اپریل کو عمران خان نیب کے راولپنڈی آفس طلب کیا گیا تھا، اس کے علاوہ قومی احتساب بیورو نے بانی چیئرمین پی ٹی آئی کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف بھی نئی تحقیقات کا آغاز کردیا ہے، اس مقصد کے لیے عمران خان اور بشریٰ بی بی کو نئی انکوائری میں طلبی کا کال اپ نوٹس موصول کروانے اور تحقیقات کے لیے نیب راولپنڈی کی جانب سے ڈپٹی سپرینٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو خط بھی لکھا گیا۔ بتاتے چلیں کہ توشہ خانہ کیس میں سابق وزیراعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی سزا معطل کردی گئی ہے اور عدالت نے انہیں رہا کرنے کا حکم دیا تھا، اسلام آباد ہائیکورٹ میں توشہ خانہ نیب ریفرنس میں بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کی سزا کے خلاف اپیل پر سماعت ہوئی جہاں چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے کیس پر سماعت کی، جہاں عدالت نے استفسار کیا کہ 'کیا آج اپیل سماعت کے لیے مقرر ہے؟ مرکزی اپیل شروع نہیں کریں گے اگر آپ چاہتے ہیں تو سزا معطلی پر دلائل دے دیں'، جس کے جواب میں وکیل علی ظفر نے کہا کہ 'ہم سزا معطلی کی بجائے مرکزی اپیل پر دلائل دیں گے'، اس پر چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ 'سائفر کیس کل سماعت کے لیے مقرر ہے جو کچھ دنوں میں مکمل ہوجائے گا، توشہ خانہ کیس آج سن کر کل سماعت کے لیے نہیں رکھ سکتے، سائفر کیس میں ایف آئی اے کے دلائل شروع ہونے ہیں، نہیں معلوم وہ کتنا وقت لیتے ہیں'۔ اس موقع پر جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے نیب پراسیکیوٹر سے استفسار کیا کہ 'کیا نیب سزا معطلی پر کوئی موقف پیش کرنا چاہتا ہے؟' جواب میں نیب پراسیکیوٹر نے کہا کہ فیصلے کا جائزہ لیا ہے یہ سزا معطلی کا کیس ہے اور ہمیں سزا معطلی پر کوئی اعتراض نہیں لیکن اپیلیں ابھی نہیں سنی جاسکتیں'، تاہم عمران خان کے وکیل نے استدعا کی کہ 'سزا معطلی کے ساتھ سزا کا فیصلہ بھی معطل کردیا جائے'، جس پر جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے کہا کہ 'وہ معاملہ سپریم کورٹ میں ہے ابھی اس کو چھوڑ دیں'، بعدازاں توشہ خانہ نیب کیس میں اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی سزا معطل کرکے ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دے دیا

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سعدیہ سہیل رانا نے پارٹی کو خیرباد کہہ دیا۔ تفصیلات کے مطابق سعدیہ سہیل نے ذاتی وجوہات کی بنا پر پارٹی چھوڑی ہے، پارٹی صدر علیم خان کو پارٹی چھوڑنے کے فیصلے سے تحریری آگاہ کردیا۔ واضح رہے کہ سعدیہ سہیل نے گزشتہ برس کے آخر میں جہانگیر ترین سے ملاقات کرکے آئی پی پی میں شمولیت کا اعلان کیا تھا۔ اس سے قبل سعدیہ سہیل تحریک انصاف سے وابستہ تھیں

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اور حملے کے نتیجے میں جانی اور مالی نقصان پر پاکستانی عوام اور حکومت افغانستان کے عوام سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ ممتاز زہرا بلوچ کا مزید کہنا تھا کہ دکھ کی اس گھڑی میں ہماری ہمدردیاں اور دعائیں متاثرین اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں، پاکستان عبادت گاہوں پر نفرت انگیز حملوں سمیت دہشت گردی کی تمام شکلوں اور مظاہرے کی مذمت کرتا ہے

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے اپنے پیغام میں کہا کہ آج کا عالمی دن ملکی سماجی اور اقتصادی ترقی کیلئے انتھک کوشش کرنیوالے محنت کشوں کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے منایا جارہا ہے۔ اس سال مزدوروں کے عالمی دن کا موضوع موسمیاتی تبدیلیوں کے دوران کام کی جگہ پر سلامتی اور صحت کو یقینی بنانا ہے، ہم مزدور کے وقار کو برقرار رکھنے کے عزم کا اعادہ کرتے اور ان کی تاریخی جدوجہد کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ دن مزدوروں کے حقوق، ان کے سماجی تحفظ، منصفانہ اجرت اور کام کیلئے محفوظ ماحول بارے کوششیں کرنے کی یاد دلاتا ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان میں مزدور اور محنت کش طبقے کو مہنگائی، ضروریات زندگی کی بڑھتی قیمتوں، بے روزگاری اور موسمیاتی تبدیلی کے منفی اثرات جیسے چیلنجز کا سامنا ہے، محنت کش طبقے کے حالات کو بہتر بنانے کیلئے مناسب اجرت، کام کیلئے محفوظ ماحول، صحت کی سہولیات اور مزدوروں کے بچوں کو تعلیمی سہولیات فراہم کرنے کیلئے اقدامات کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں کے استحصال کے خاتمے، سماجی تحفظ کے پروگرام شروع کرنے، حقوق کے تحفظ کیلئے پالیسیوں کے نفاذ اور عمل درآمد میں ریاست کا اہم کردار ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ آج ہم دل کی گہرائیوں سے ملک کی ترقی میں قابل ستائش کردار ادا کرنے والے محنت کشوں کی خدمات کا اعتراف کرتے ہیں، خطرناک ماحول میں کام کرنے والے مزدوروں کو ضروری تربیت اور حفاظتی سامان کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی، امید ہے کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے اپنا کردار ادا کریں گی، استحصالی طریقوں کے خاتمے اور مزدوروں کے لیے سماجی تحفظ کے پروگرام شروع کرنا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں محنت کش اور مزدور طبقے کے لیے ایسا سازگار ماحول پیدا کریں جہاں ان کی قدر اور عزت کی جائے، آجر منصفانہ اجرت، مزدوروں کی سلامتی اور صحت کے لیے اقدامات کریں

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ڈیز سے لیس ہوں گے، جن میں آرٹیفیشل انٹیلی جنس (اے آئی) اور بہتر تعاون اور پیداواری صلاحیت کے لیے ڈیجیٹل ٹولز جیسی خصوصیات شامل ہوں گی۔ گوگل فار ایجوکیشن ٹیم نے اپنے مقامی پارٹنر ٹیک ویلی کے ہمراہ سیکریٹری تعلیم سے ملاقات کی اور حکومت کو پاکستان کے تعلیمی شعبے کے لیے آنے والے منصوبے پیش کیے۔ ملاقات کے دوران کئی دیگر اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران گوگل فار ایجوکیشن ٹولز پر اساتذہ کی ورکشاپس، پبلک گوگل ریفرنس اسکول کا قیام سمیت 2 ہزار نوجوانوں کو گوگل کیریئر سرٹیفکیٹس کے ذریعے ملازمت دینے کے امور پر زیر بحث آئے

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

، طالب علموں اور غریب طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد سمیت لوگوں کی ایک بڑی تعداد نے وزیراعلیٰ سے ملاقات کی اور انہیں اپنے مسائل سے آگاہ کیا وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بیشتر مسائل کے حل کیلئے موقع پر ہی احکامات جاری کئے عوامی وفود سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عوام کے مسائل کا حل ہماری اولین ترجیح ہے گڈ گورننس کے قیام کے لئے سروس ڈیلیوری کو بہتر بنانا ضروری ہے گورننس کے بہتر ہونے سے ادارے فعال ہوں گے اور لوگوں کے مسائل ایک منظم طریقہ کار کے تحت میرٹ اور قواعد وضوابط کے تحت حل ہونا شروع ہوں گے اس وقت غریب عوام مصائب اور مشکلات سے دوچار ہیں عوام کے بیشتر مسائل مقامی سطح کے ہیں جنہیں حل کرنا مقامی افسران کی ذمہ داری ہے مقامی سطح پر ہی عوام کے مسائل حل ہوں تو انہیں صوبائی دارالحکومت آنے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی غریب افراد کو غیر ضروری پیچیدگیوں میں الجھادیا جاتا ہے جو باعث افسوس امر ہے افسران کو عام آدمی کے لئے آسانیاں پیدا کرنی ہوں گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ کام نہ کرنے والے افسران اور اہلکاروں کو اپنی روش تبدیل کرنا ہوگی عوام کے جائز امور کی انجام دہی میں سست روی یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی افسران کا عوام دشمن رویہ قابل برداشت نہیں میر سرفراز بگٹی نے افسران کو ہدایت کی کہ ہر شہری کو عزت واحترام دیکر ان کے جائز مسائل حل فوری حل کریں اور ان کو درپیش پریشانیوں کا مداوا کیا جائے

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

زیادہ ہوسکتا ہے، قرض کا نیا پروگرام آئی ایم ایف کی سخت شرائط پر ملنے کا امکان ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے آئی ایم ایف کے نئے پروگرام میں جانا ناگزیر ہے، بڑھتے قرضے اور لیے گئے قرضوں کی ادائیگی ایک بڑا چیلنج ہے

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی سرپرستی میں آباد کیا گیا، پاکستان نہیں بنا تھا کہ اسرائیل کے قیام کی قرارداد منظور ہوئی تھی۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ ہم نے قائد اعظم کے اسرائیل مخالف نظریہ کو بھی نہیں سمجھا، ہم نے نظریہ پاکستان سے بھی بے وفائی کی، حیرت اس بات پر ہے جس کا حدود اربعہ ہی نہیں اسے تسلیم کرنے کی باتیں کی جارہی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ آج تک اقوام متحدہ کی قراردادوں پر عمل نہیں کیا گیا، اقوام متحدہ اسرائیل کو دفاع کا جواز فراہم کرتا ہے، مسلم دنیا کیوں ہچکچا رہی ہے گولان کی پہاڑیاں ان کے قبضے میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امریکا کے مقابلے میں سپر پاور موجود تھی لیکن روس نے غلطی کرکے افغانستان میں جنگ چھیڑی جس سے دنیا میں طاقت کا توازن بگڑ گیا۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ مسجد اقصیٰ امت مسلمہ کا ہے، سعودی عرب کو یقین دلایا ہے حرمین کے تحفظ کے لیے کٹ مرنے کے لیے تیار ہیں۔ خطاب کے دوران حکومت پر تنقید کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہباز شریف کی حکومت کب ہے، کیپٹن صفدر نے ہمیں ڈانٹا ہے یا اپنے سسرال کو، اسے ڈانٹیں جن کی حکومت ہے۔ مولانا فضل الرحمان کا کہنا تھا کہ امریکا اور یورپ جنگی جرم میں شریک ہیں، امریکا انسانی حقوق کا قاتل ہے، تاریخ میں سب سے پہلے امریکا نے ایٹمی طاقت کا استعمال کیا، ابوغریب جیل میں آپ نے کیا کیا، عقوبت خانوں میں لگا ہوا خون تمہارے انسانی حقوق کے دعوؤں کو بے نقاب کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عراق پر ظلم ہوا، صدام حسین آج بھی زندہ ہے، جنہوں نے انہیں مارا وہ آج مرے ہوئے ہیں، امریکا انسانی حقوق کا قاتل ہے۔ غزہ پر جاری جنگ کے حوالے سے ان کا کہنا تھا کہ میں داد دیتا ہوں کہ جنوبی افریقہ فلسطینیوں کیلئے عالمی عدالت میں چلا گیا، آج اسرائیل کو قبول کرنے کا کوئی جواز نہیں ہے۔ مولانا فضل الرحمان نے کہا کہ حماس نے حملہ کرکے فلسطین کو آزاد کرنے کے لیے یہ کیا ہے، دنیا حماس کی جانب سے فلسطینوں کیلئے شروع کی جانے والی جنگ کو فلسطینوں کی آزادی کیلئے شروع کی گئی جنگ کہتے ہیں

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے عالمی دن ہمیں جبر واستبداد کے خلاف شکاگو کے شہدا کی جدوجہد کی یاد دلاتا ہے، محنت کش ہمارے ہیرو ہیں جو رزق حلال کما کر معیشت کو مضبوط کرتے ہیں۔ محنت کشوں کے عالمی دن پر پیغام میں انہوں نے کہا کہ میں اس موقع پر پاکستان کی تمام افرادی قوت کو دلی مبارکباد دیتا ہوں اور ان کے لئے نیک تمناؤں کا اظہار کرتا ہوں۔ محسن نقوی نے کہا کہ یہ دن ہمیں جبر واستبداد کے خلاف شکاگو کے شہدا کی جدوجہد کی یاد دلاتا ہے۔ محنت کش ہمارے ہیرو ہیں جو رزق حلال کما کر معیشت کو مضبوط کرتے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ ملک کی تعمیر وترقی میں محنت کشوں کی بہادرانہ جدوجہد کو خراج تحسین کرتے ہیں۔ محنت کش کو اللہ کا دوست قرار دے کر اس کی عظمت کو اجاگر کیا گیا ہے۔ محنت کشوں کی عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں کیونکہ ان کے بغیر کوئی بھی قوم ترقی وکامیابی کے راستے پر نہیں چل سکتی۔ محسن نقوی نے کہا کہ پیداوار کی بڑھوتری کیلئے مزدوروں کو جدید ترین ٹیکنالوجیز سے آراستہ کرنے کی ضرورت ہے۔ تیز رفتار، جامع اور پائیدار ترقی کا ہدف صرف محنتی، لگن اور پرعزم افرادی قوت کی وجہ سے حاصل ہوتا ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ ہر سال یوم مزدور ہمیں دنیا بھر میں اپنی قوموں کی ترقی وخوشحالی کے لیے محنت کشوں کی قربانیوں اور اصول شراکت کا اعتراف کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ آج ہم محنت کشوں کے حقوق کے تحفظ اور ان کی اجتماعی بھلائی کیلئے اقدامات کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تے ہوئے کہا کہ منشیات کے عادی افراد ہمارے معاشرے کا حصہ ہیں اگر وہ غلط صحبتوں کی وجہ سے یا پھر دیگر مسائل کی وجہ سے اس لت میں پڑ گئے ہیں یا اس جانب مائل ہوئے ہیں تو ہم نے انکی بحالی کے لئے کیا کیا؟ بدقسمتی سے کسی حکومت نے ان کو وہ توجہ نہیں دی جس کا تقاضا حالات یا یہ منشیات کی دلدل میں پھنسے لوگ یا ان کے خاندان والے کررہے تھے جس کی وجہ سے منشیات کے عادی افراد کی تعداد دن بدن بڑھتی گئی اور آج یہ ناسور کی شکل میں شہر کے گلی کوچوں شاہراہوں پر ایک بڑی تعداد میں دیکھنے کو ملتے ہیں ان کو دیکھ کر جب کوئی خبر یا ویڈیوز بھجواتا ہے تو میرا دل خون کے آنسو روتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ نے مجھے اپنے لوگوں کی خدمت کا موقع دیا ہے میں اپنی بساط سے بڑھ کر اس مسئلے پر توجہ دوں گا کیونکہ یہ انسانیت کا سوال ہے۔ اس سلسلے میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے حکم دیا کہ ریہیبلیٹیشن پروگرام فار ڈرگ ایڈکٹ فوری شروع کیا جائے، اس کے تحت تمام نشے کے عادی افراد کی دوبارہ بحالی کے پلان پر عمل درآمد کرائیں گے، جس میں پہلے ہم کوئٹہ کے تمام نشے کے عادی افراد کا علاج مفت کریں گے اور اس سلسلے میں ایک جامع پلان بنا رہے ہیں، جس میں ضلعی انتظامیہ، پولیس، نارکوٹیکس ڈیپارٹمنٹ کو ذمہ داریاں دی جائیں گی کہ وہ ایسے افراد کو پکڑنے کے بعد دوبارہ بحالی سینٹر منتقل کریں۔ وزیراعلیٰ نے حکم دیا کہ دیکھا جائے کہ کیا ہم منشیات کے عادی افراد کی دوبارہ بحالی کے ساتھ ہم بڑی عمر کے عادی افراد کے چھوٹے بچوں کی کفالت کے لیے کوئی انڈومنٹ فنڈ بناسکتے ہیں۔ اس سلسلے میں بھی ان کے لئے سفارشات مرتب کی جائیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ اب دیواروں پر منشیات سے متعلق اصلاحی باتیں لکھنے سے آگے بڑھ کر کام کرنا ہوگا۔ سماجی بہبود کے محکمے کو اب زیادہ فعال ہونا ہوگا اور سنجیدگی کے ساتھ روایتی کاہلی کو سائیڈ پہ رکھ کر ہنگامی بنیادوں پر منشیات کے عادی افراد کو ریاست کا باوقار شہری بنانے کے سلسلے میں شبانہ روز محنت کرنا ہوگی۔ جب ہر ڈیپارٹمنٹ اپنے کام احسن طریقے سے سرانجام دے گا اور ہر شخص اپنی اخلاقی ذمہ داری پوری کرے گا تبھی ہم ایک خوبصورت معاشرے کے قیام کی جانب عازم سفر ہوں گے اور قائداعظم کے حقیقی فلاحی ریاست کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرسکیں گے۔ سول سوسائٹی اور سنجیدہ حلقوں نے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کے اس جذبے کو سراہا ہے۔ اور منشیات اور اس سے جڑی سماجی برائیوں کی بیخ کنی کے وزیراعلیٰ کے عزم کے شانہ بشانہ رہنے کے عزم کا اظہار کیا ہے

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مینگل اور پی بی 22 لسبیلہ سے ن لیگ کے محمد زرین مگسی کی کامیابی کا نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔ دونوں امیدوار ضمنی انتخابات میں کامیاب ہوئے تھے

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اور مذکورہ کمپنیوں کی جانب سے ٹینڈرز کے لیے درخواستیں تاحال جمع نہیں کرائی جاسکیں۔ ذرائع نجکاری کمیشن کے مطابق پی آئی اے کی نجکاری سے متعلق ٹینڈرز کی درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ تین مئی ہے تاہم پی آئی اے کی نجکاری سے متعلق ٹینڈرز میں مزید ایک ماہ کی توسیع کا امکان ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پی آئی اے کی نجکاری سے متعلق مالیاتی مشیر سمیت نجکاری کے افسران بیرون ملک سے سرمایہ حاصل کرنے کیلئے ناواقف ہیں، بیرون ملک کے سرمایہ کاروں کے اس عمل سے دور عدم دلچسپی اس بات کی غمازی ہے کہ ابھی تک بیرون ملک کے سرمایہ کاروں کے پیغامات بھی نہیں پہنچ پائے۔ واضح رہے کہ ٹینڈروں کی درخواست جمع کرانے کی آخری تاریخ 3 مئی ہونے کے باوجود سرمایہ کاروں کی عدم دلچسپی سامنے آئی ہے، نجکاری کمیشن اور پی آئی اے انتظامیہ نے مختلف روڈ شو بھی کیے اس پر بھی خاطر خواہ کامیابی حاصل نہ ہوسکی

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ڑیوں سے نامعلوم شخص کی نعش برآمد نعش سول ہسپتال حب منتقل کردیا گیا تاہم شناخت نہ ہوسکی پولیس کے مطابق متوفی کی عمر 50 سے 55 سال درمیان ہے اس حوالے پولیس مزید کارروائی کررہی ہے

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں ہے، جس کے حصول کے لیے واشنگٹن اسلام آباد کی کوششوں کی حمایت کرتا ہے۔ محکمہ خارجہ کی بریفنگ کے دوران نائب ترجمان ویدانت پٹیل نے واشنگٹن میں تعینات پاکستان کے سفیر مسعود خان نے پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں کو بڑھانے کی ضرورت پر بیان پر امریکی اقدامات کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے نائب ترجمان ویدانت پٹیل نے کہا کہ ہم دہشت گردی کا مقابلہ کرنے اور شہریوں کی حفاظت اور تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے پاکستان کی ان کوششوں کی حمایت کرتے ہیں جن سے قانون کی حکمرانی اور انسانی حقوق کے تحفظ کو فروغ ملے۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی کے مسائل پر پاکستان کے ساتھ ہماری شراکت داری میں یقینا انسداد دہشت گردی کے حوالے سے اعلیٰ سطح پر مکالمہ، انسداد دہشت گردی کی مضبوط صلاحیت کے لیے مالی اعانت، مشترکہ پروگراموں کی تیاری اور امریکہ اور پاکستان کے درمیان عسکری سطح پر رابطے شامل ہیں۔ امریکی قائم مقام انڈر سیکرٹری برائے سیاسی امور جان باس کے دورہ پاکستان کے دوران ان کی مصروفیات سے متعلق سوال کے جواب میں نائب ترجمان نے کہا کہ ہمیں توقع ہے کہ اسلام آباد میں وہ پاکستانی حکام سے ملاقات اور علاقائی اور دوطرفہ امور پر بھی تبادلہ خیال کریں گے۔ امریکہ کے قائم مقام انڈر سیکرٹری برائے سیاسی امور جان باس کی سربراہی میں آنے والے وفد نے دورہ پاکستان کے دوران گزشتہ روز پاکستان کے قائم سیکرٹری خارجہ رحیم حیات قریشی سے اسلام آباد میں ملاقات کی وزارت خارجہ نے ایکس پر ایک پیغام میں کہا کہ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں پر نتیجہ خیز گفتگو ہوئی فریقین نے تجارت، سرمایہ کاری اور علاقائی سلامتی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ پاکستان میں آٹھ فروری 2024 کو عام انتخابات کے نتیجے میں بننے والی حکومت کے قیام کے بعد جان باس امریکہ سے پاکستان آنے والے اعلیٰ ترین امریکی عہدیدار ہیں ان کے اس دورے سے متعلق امریکی محکمہ خارجہ نے ایک بیان میں کہا تھا کہ اسلام آباد میں انڈر سیکرٹری پاکستانی حکومت کے اعلیٰ عہدیداروں سے ملاقات کریں گے تاکہ امریکہ اور پاکستان کی شراکت داری کے ایک حصے کے طور پر کئی علاقائی اور دوطرفہ امور پر تبادلہ خیال کیا جاسکے

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سات مغوی مزدور 38 دن بعد اغواء کاروں نے جھالار کے پہاڑی علاقے ذکی سورہ میں چھوڑ کر رہا کردیے ہیں۔ نیشنل لیبر فیڈریشن کے ضلعی صدر امیر خان سواتی کے مطابق اغواء ہونے والے سات مغوی کانکنوں کو مسلح کالعدم تنظیم بی ایل اے کے نام سے مسلح اغواء کاروں نے 23 مارچ کو مختلف کوئلہ کانوں سے اغواء کرکے لے گئے تھے۔ جنہیں اغواء کاروں نے آج از خود رہا کردیے ہیں۔ رہا ہونے والے مزدوروں کے متعلق یہ معلوم نہ ہوسکا ہے کہ انہیں کس بنیاد پر رہا کئے گئے ہیں۔ 23 مارچ کو اغواء ہونے والے مزدوروں میں جوہر خان ولد سلیم قوم شادوزئی، شاہ خان ولد بہادر اور باچا خان ولد خیر بدر اقوام یوسفزئی، غفور باتوزئی، ہمایوں جلالزئی، شکور میرزئی اور قائم شیخ شامل ہیں۔ مغوی مزدوروں میں سے چار کا تعلق ضلع قلعہ سیف اللہ دو کا تعلق خیبر پختونخوا کے علاقے سوات شانگلہ جبکہ ایک کا تعلق دکی سے ہے۔ امیر خان سواتی کے مطابق رہا ہونے والے مزدور تاحال دکی نہیں پہنچ سکے ہیں

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

2 مختلف واقعات رونما ہوئے۔ سریاب روڈ اور مشرقی بائی پاس پر فائرنگ کے 2 واقعات میں ایک خاتون سمیت 2 افراد جاں بحق ہوئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کا پہلا واقعہ سریاب روڈ پر پیش آیا جس میں نامعلوم افراد نے گھر میں گھس کر لاڑکانہ سے تعلق رکھنے والے راشد نامی نوجوان کو فائرنگ کرکے قتل کردیا۔ فائرنگ کا دوسرا واقعہ مشرقی بائی پاس پر پیش آیا جس میں ایک خاتون کو فائرنگ کرکے قتل کیا گیا۔ فائرنگ کے بعد ملزمان فرار ہوگئے۔ واقعہ کے فوراً بعد پولیس اور امدادی ٹیمیں جائے وقوعہ پر پہنچیں جہاں سے مقتول افراد کی لاشوں کو سول ہسپتال منتقل کیا گیا۔ سول ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثا کے سپرد کردی جائیں گی۔ پولیس کے مطابق ابتدائی تحقیقات سے پتہ چلا ہے کہ 3 بھائیوں نے غیرت کے نام پر پہلے ایک لڑکے کو فائرنگ کرکے قتل کیا اور بعد ازاں اپنی بہن کو بھی قتل کردیا۔ اس واقعہ کی مزید تحقیقات کا سلسلہ جاری ہے۔ واضح رہے کہ چند روز قبل بلوچستان کے ضلع خضدار میں بھی غیرت کے نام پر شوہر نے بیوی کو قتل کردیا تھا۔ شوہر نے موبائل استعمال کرنے پر بیوی کو گلا گھونٹ کر ہلاک کردیا تھا۔ خواتین کے حقوق کے لیے کام کرنے والی تنظیم عورت فاؤنڈیشن کی رپورٹ کے مطابق بلوچستان میں خواتین کو غیرت کے نام پر قتل کرنے کے واقعات میں گزشتہ 5 برسوں کے دوران یوں تو کمی واقع ہوئی ہے تاہم اس نوعیت کے مجرمانہ واقعات ختم نہیں ہوسکے۔ عورت فاؤنڈیشن کے اعداد وشمار کے مطابق گزشتہ برس خواتین پر تشدد کے رپورٹ ہونے والے 82 واقعات میں 52 خواتین جان کی بازی ہار گئی تھیں۔ قتل کی ان نصف وارداتوں میں 24 خواتین کو غیرت کے نام پر موت کے گھاٹ اتارا گیا۔ سال 2019 میں 82، 2020 میں 84، 2021 میں 36، 2022 میں 76 جبکہ گزشتہ برس 52 خواتین قتل ہوئی ہیں

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پولیس کے بھاری نفری جائے وقوع پہنچ کر نعشوں کو قبضہ میں لیکر پوسٹ مارٹم کے لیے اوستہ محمد سول اسپتال لائے پوسٹ مارٹم کے بعد نعش اپنے لواحقین کے حوالے کیا گیا جوں ہی نعشیں گھر پہنچیں تو کہرام بپا ہوگیا پولیس نے ملزم کی تلاش شروع کردیا ہے ایس ایچ او کے مطابق قاتل کو ہر حال میں گرفتار کیا جائے گا

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پاکستان میں اپنا آپریشن بند کردیا ہے، اوبر کے ترجمان نے پاکستان میں سروس بند کرنے سے متعلق فیصلے کی تصدیق کی ہے، کمپنی ترجمان کا کہنا ہے کہ 30 اپریل سے کمپنی نے اوبر ایپ سروسز کو مزید برقرار نہ کرنے کا مشکل فیصلہ کیا ہے، اوبر کی ذیلی سروس کریم آن لائن ٹیکسی ایپ پاکستان میں بدستور کام کرتی رہے گی، کریم ایپ کے ساتھ پاکستان بھر میں رائیڈ ہیلنگ سروسز اور ڈرائیوروں کے لیے روزگار کے مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ واضح رہے کہ اوبر نے 2009 میں کریم کو 3 اعشاریہ 1 ارب ڈالر میں خریدا تھا، اس وقت دونوں کمپنیوں کا کہنا تھا کہ 'وہ اپنی متعلقہ علاقائی خدمات اور بطور آزاد برانڈز کام جاری رکھیں گے'، تاہم 11 اکتوبر 2022 کو اوبر نے کراچی سمیت کئی شہروں میں آپریشن بند کردیا تھا، جس کے بعد سے اوبر صرف لاہور میں دستیاب تھی۔ دوسری طرف کراچی میں ملک کی پہلی ایئر ٹیکسی سروس کا آغاز ہوچکا ہے، ابتدائی طور پر نجی فضائی کمپنی کے تحت ملنے والی یہ سروس کے تحت کراچی سے اندرون سندھ اور بلوچستان کے تمام ایئرپورٹس کیلئے 4 ایئر ٹیکسیاں دستیاب ہوں گی بعد میں یہ سروس پنجاب اور خیبر پختونخوا کے تمام ایئرپورٹس کیلئے بھی دستیاب ہوگی، جس میں شہری سیر وتفریح یا کسی بھی ہنگامی صورتحال میں منزل مقصود تک پہنچنے کیلئے ایئر ٹیکسی بک کروا سکیں گے، ایئر ٹیکسی پر سفر کیلئے تعارفی کرایہ 95 ہزار روپے فی گھنٹہ مختص کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے کمپنی کے سی ای او عمران اسلم کا کہنا تھا کہ مسافرین موبائل ایپ کے ذریعے ٹیکسی بک کرواسکیں گے، ایئر ٹیکسی کا کرایہ اس سے بہت کم ہوگا جو چارٹرڈ طیاروں کے آپریٹرز وصول کرتے ہیں، چارٹرڈ سرورز کراچی سے سندھ اور بلوچستان کے دیگر شہروں کیلئے مسافروں کو لے جانے کیلئے کم از کم 25 لاکھ روپے وصول کرتی ہیں، سروس سے ملک میں سیاحت کو فروغ ملے گا، ابتدائی طور پر نشستوں کی مختلف تعداد کے حامل 8 طیارے استعمال کیے جائیں گے اور بعد میں مزید طیاروں کا اضافہ کیا جائے گا، ہم پہلے ہی ایک ایئر ایمبولینس اور موہنجوڈرو کیلئے فلائٹ چلائی جارہے ہیں اور پرواز کیلئے ترجیحی پروگرام بھی چلایا جارہا ہے، مجھے امید ہے بہت سے لوگ اس کوشش میں ہمارے ساتھ شامل ہوں گے کیوں کہ پاکستان میں بہت سے طیاروں کو ان کی صلاحیت کے مطابق استعمال نہیں کیا جارہا

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ایشن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ موجودہ پارلیمنٹ نے اپنا پہلا قانون پاس کیا جو کہ ٹیکس اصلاحات کے بارے میں ہے۔ وزیر قانون نے بتایا کہ 2700 ارب روپے کے محصولات اسٹے آرڈرز کی وجہ سے رکے ہوئے ہیں، وزیراعظم نے ذمہ داری سونپی ہے کہ ٹریبونلز اور اپیل کا نظام اور اس کے بعد ریفرنس کے فیصلوں کے نظام میں اصلاحات کی جائیں۔ اعظم نذیر کا کہنا تھا کہ وزیراعظم نے اپنے تمام اختیارات چھوڑتے ہوئے تعیناتیاں اب اوپن کمپیٹیشن کے ذریعے کرنے کا فیصلہ کیا ہے، کمشنر ان لینڈ ریونیو (ایڈجوڈیکیشن)، جوڈیشل اور اکاؤنٹنگ ممبرز اب اوپن کمپیٹیشن کے ذریعے اپوائنٹ ہوں گے، ایک آزادانہ سلیکشن کمیٹی تعیناتی کرے گی تاکہ میرٹ کو برقرار رکھا جائے

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہنرمند کے بلند حوصلے کو سلام پیش کرتے ہیں جو مشکل ترین حالات میں بھی اپنے فرائض کی بجا آوری میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھتا۔ انہوں نے کہا کہ مزدور کا خون پسینہ ہی ملکی نظام معیشت کو بحال اور فعال رکھتا ہے، آج کے دن ہمیں مزدوروں کی خوشحالی، معیشت کی بحالی کے سنہرے اصول کو اپنانا ہوگا اور محنت کشوں کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں دینے اور انہیں قومی دھارے میں شامل کرنے کی راہ نکالنی ہوگی۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا کہنا تھا کہ یوم مئی پر شکاگو کے شہداء ؒ کی عظمت کو دنیا ہمیشہ عقیدت بھرا سلام پیش کرتی ہے کیونکہ یہ دن دنیا بھر کے محنت کشوں کے حقوق کے عملی اعتراف کی یاد دلاتا ہے۔ عبدالعلیم خان نے کہا کہ وطن عزیز میں بسنے والے ہر مزدور کے لئے وہ نیک خواہشات رکھتے ہیں اور ان کی سلامتی کے لئے دعا گو ہیں۔

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے والی آلات برآمد کرلی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز ایس ایچ او پولیس تھانہ وندر سب انسپکٹر عبدالوہاب رند نے ایس ایس پی ضلع حب کی جانب سے جاری کردہ ہدایات پر عمل درآمد کرتے ہوئے ڈی ایس پی وندر سرکل کی نگرانی میں اپنی ٹیم کے ہمراہ وندر پولیس تھانے کی حدود میں دوران گشت بریدو کیمپ آری ریچ کے علاقے میں مشکوک افراد کو دیکھ کر ان کو حراست میں لے کر ان سے چھان بین کی تو معلوم ہوا کہ حراست میں لیے گئے دونوں ملزمان جن کے نام نواز ولد خمیسہ، علی حیدر ولد علی حسن بریدو کیمپ آری ریچ اور اس سے متصل علاقوں میں بجلی کی سپلائی فراہم کرنے کے لیے نصب کی گئی بجلی کے کھمبوں سے قیمتی تانبے کی تاریں کاٹ کرلے جاتے تھے زیر حراست ملزمان سے بجلی کی تاریں کاٹنے کے لیے استعمال کیے جانے والے آلات جن میں ایک عدد گرینڈر مشین ایک عدد ایک عدد آری بلیڈ ایک عدد بجلی کی تاریں کاٹنے والی کٹر برآمد کرکے ان کی نشاندہی پر بجلی کی کیبل تاروں کے کو رجن میں سے بجلی کی تاریں نکال کر کور کے چھلکے الگ کیے گئے تھے، برآمد کرکے ان کے خلاف بجلی کی تاریں کاٹ کر چوری کرکے لے جانے کا مقدمہ درج کرکے ان سے مزید تفتیش شروع کردی جن سے مزید انکشافات متوقع ہیں واضح رہے کہ بریدو کیمپ آری ریچ اور اس سے متصل علاقوں سے لاکھوں روپوں کی مالیت کی بجلی کی تاریں کاٹ کر چوری کی گئی ہیں چھاپہ مار کارروائی میں اے ایس آئی حبیب الرحمن، اے ایس آئی نذر احمد و دیگر ملازمان نے حصہ لیا

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پورٹس کے مطابق صوبہ خیبر پختونخوا سے ملحقہ علاقے وھوا میں قائم جھنگی چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کے حملہ میں 7 اہلکار زخمی ہوگئے جنہیں ٹی ایچ کیو ہسپتال تونسہ شریف منتقل کردیا گیا جہاں ڈاکٹروں کے مطابق ایک اہلکار کی حالت تشویشناک بتائی جارہی ہے۔ پولیس حکام کا کہنا ہے کہ پنجاب پولیس نے دہشت گردوں کا جھنگی پولیس چیک پوسٹ پر حملہ ناکام بنایا ہے، دہشت گرد جھنگی پولیس چیک پوسٹ پر قبضہ کرنا چاہتے تھے، اس مقصد کے لیے 15 سے 20 دہشت گردوں نے تاریکی کا فائدہ اٹھا کر مختلف اطراف سے حملہ کیا، حملے میں راکٹ لانچرز، ہینڈ گرینڈ، لیزر لائٹ گنز سمیت جدید اسلحہ استعمال کیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے تونسہ شریف کی نواحی جھنگی چیک پوسٹ پر دہشت گردوں کے حملے کی شدید مذمت کی گئی ہے، وزیراعلیٰ مریم نواز نے دہشت گردوں کا بھرپور مقابلہ کرنے پر پولیس ٹیم کو خراج تحسین پیش کیا، وزیراعلیٰ پنجاب نے زخمی اہلکاروں کو علاج کی بہترین سہولت فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ ادھر بہاولپور میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ (سی ٹی ڈی) اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کے تبادلے میں زیر حراست 2 دہشت گرد ہلاک ہوگئے، جن کی شناخت عدیل عرف سیف اللہ خراسانی اور زین عرف اسداللہ خراسانی کے نام سے کی گئی ہے، فائرنگ کے دوران سی ٹی ڈی ٹیم بھی بال بال بچ گئی، دونوں دہشت گردوں کو حاصل پور سے ایک قتل کی تفتیش کے دوران گرفتار کیا گیا تھا انہیں بہاولپور میں چھپائے گئے اسلحہ کی نشاندہی کے لیے لے جایا جارہا تھا کہ راستے میں دہشت گردوں کے ساتھیوں نے گھات لگا کر فائرنگ کی

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ل آف پولیس بلوچستان وڈی آئی جی نصیرآباد ریج کی خصوصی ہدایات پر ایس پی اوستہ محمد انور بادینی کے احکامات پر عملدرآمد کرتے ہوئے ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد خادم حسین مگسی کی زیر نگرانی سب انسپکٹر عبدالرؤف جمالی ایس ایچ او پولیس تھانہ سٹی اوستہ محمد نے لڑائی جھگڑا کے مقدمہ میں روپوش ملزم جمشید ولد میر گل قوم ڈشتی ساکن گوٹھ علی اکبر جمالی ڈمب شاخ کو گرفتار کیا ہے۔ سب انسپکٹر ظہیر عباس جمالی انچارج 15 مددگار اوستہ محمد نے لڑائی جھگڑا کے مقدمہ میں روپوش ملزم بزدار ولد گلزار قوم ڈشتی ساکن گوٹھ علی اکبر جمالی ڈمب شاخ کو گرفتار کیا ہے۔ سب انسپکٹر منظور احمد جمالی ایس ایچ او پولیس تھانہ صدر اوستہ محمد گزشتہ شب روٹین گشت پر تھے کہ سامنے سے دو موٹر سائیکلوں پر تین اشخاص سوار آرہے تھے پولیس پارٹی کو دیکھ کر موٹر سائیکلیں موڑ کر رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھا کر فرار ہوگئے۔ موٹر سائیکلوں میں ایک موٹر سائیکل ڈکیتی شدہ ہے۔ جبکہ دوسرے موٹر سائیکل کو شعبہ السرقت جان کر قبضہ پولیس میں لیا گیا ہے۔ مذید کارروائی پولیس کر رہی ہے

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کستان کو درپیش آبی تحفظ کے چیلنجز" کے عنوان سے ایک سیمینار منعقد ہوا۔ اس سیمینار میں بھارت میں تیزی سے بدلتی سیاسی صورت حال کے پیش نظر سندھ طاس معاہدے کی روشنی میں پاکستان کے آبی وسائل کو درپیش چیلنجز کا جائزہ لیا گیا۔ سیمینار میں خطبہ استقبالیہ سنٹر فار ایرو اسپیس اینڈ سیکیورٹی اسٹڈیز لاہور (CASS) کے ایسوسی ایٹ سینئر ریسرچر ڈاکٹر بلال غضنفر نے پیش کیا۔ انہوں نے جنوبی ایشیائی خطے میں آبی وسائل کے محفوظ اشتراک کے لیے تنازعات کو ہوا دینے کی بجائے تعاون بڑھانے اور رابطے بحال کرنے پر زور دیا۔ سیمینار میں واٹر اینڈ ریسورس ڈیولپمنٹ کونسل کے کنوینر انجینئر سلیمان نجیب خان نے کلیدی خطبے میں بھارت کی آبی جارحیت کو مستقبل میں خطرناک ماحولیاتی تبدیلی سے تعبیر کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ ایک گھمبیر صورت حال ہے، اس لیے پاکستان کو اپنے آبی تحفظ کے لیے دریائے سندھ پر آبی راہداری یعنی انڈس کیس کیڈ تعمیر کرنے میں مزید تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔ ماحولیات کے وکیل احمد رفیع عالم نے سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے قانونی پہلوؤں پر توجہ دلائی۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو عالمی سطح پر متعلقہ تمام فورمز پر اپنے آبی حقوق کے دفاع کے لیے مضبوط لابنگ کی ضرورت ہے اور دو طرفہ تنازعات کے حل کے لیے بین الاقوامی حمایت حاصل کرنے اور معاہدے پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کے لیے کوششیں تیز کرنی چاہئیں۔ سیمینار کے آخر میں پاکستان کے مشہور ہائیڈرولوجسٹ ڈاکٹر حسن عباس نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ خطے میں ماحولیاتی امن کے قیام کے لیے ایک کلیدی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے آب وہوا کی تبدیلی اور جغرافیائی چیلنجز سے نبرد آزما ہونے کے لیے باہمی تعاون، پالیسیوں میں مستقل مزاجی اور علاقائی استحکام پر زور دیتے ہوئے پانی کی استعداد کاری کی بہتری یعنی واٹر مینجمنٹ کے لیے ایک جامع اور قابل عمل حل پیش کیا۔ صدر CASS لاہور جناب ایئر مارشل (ر) عاصم سلیمان نے اپنے اختتامی کلمات میں سندھ طاس معاہدے کے بنیادی اصولوں پر قائم رہنے کے لیے پاکستان کے موقف میں ثابت قدمی اور مستقل مزاجی پر زور دیا۔ ان کا کہنا تھا خطے میں امن کے قیام کے لیے بھارت پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے۔ انہوں نے بھارت پر زور دیا کہ وہ بین الاقوامی معاہدوں کی پاسداری میں سنجیدگی کا مظاہرہ کرے اور ایسے کسی یک طرفہ اقدام سے گریز کرے جو معاہدے کی سالمیت کو خطرے میں ڈال سکتا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ سندھ طاس معاہدے میں اہم کردار ادا کرنے والے بین الاقوامی اداروں کو بھی اس کی سالمیت اور افادیت کو یقینی بنانے کے لیے اپنا فعال کردار ادا کرنا چاہیے۔ سیمینار میں مقررین کا کہنا تھا کہ بھارت کے تعصب، قوم پرستی اور سندھ طاس معاہدے کی خلاف ورزی سے پاکستان کی آبی تحفظ اور علاقائی امن کو شدید خطرہ لاحق ہے، جس سے ممکنہ طور پر خطے کے لاکھوں لوگ معاشی مسائل کا شکار ہیں۔ انہوں نے توجہ دلائی کہ سندھ طاس معاہدے کی پاسداری نہ ہونے کے باعث پاکستان سیکورٹی کے شدید خطرات سے دوچار ہے؛ جن میں پانی کی کمی، موسمیاتی تبدیلی اور بھارت کی آبی دہشت گردی وغیرہ شامل ہیں۔ سیمینار معاہدے کو برقرار رکھنے کے پختہ عزم اور بین الاقوامی برادری سے اس معاہدے کی پاسداری یقینی بنانے کے مطالبے کے ساتھ اختتام پذیر ہوا۔

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بشریٰ بی بی نے توشہ خانہ کیس میں نئی نیب انکوائری میں طلبی کا نوٹس چیلنج کردیا۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیراعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کے خلاف نیب کی نئی تحقیقات کا معاملہ اسلام آباد ہائی کورٹ پہنچ چکا ہے جہاں سابقہ خاتون اول بشریٰ بی بی نے نئی انکوائری میں نیب کی جانب سے بھیجا جانے والا طلبی کا نوٹس چیلنج کردیا ہے، بشریٰ بی بی کی نیب نوٹس چیلنج کرنے کی درخواست کل سماعت کے لیے مقرر کردی گئی ہے، چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس طارق محمود جہانگیری کل سماعت کریں گے۔ بتایا گیا ہے کہ پی ٹی آئی قائد عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی نے نیب طلبی کا نوٹس بیرسٹر سلمان صفدر، عثمان ریاض گل اور خالد یوسف چوہدری کے ذریعے چیلنج کیا ہے، جس میں پٹیشن کے فیصلے تک نیب کال اپ نوٹس معطل کرنے کی استدعا کی گئی ہے جب کہ اسی معاملے پر عمران خان کو 16 اپریل کو نیب راولپنڈی میں بلایا بھی گیا تھا، اس نئی انکوائری میں نیب کی جانب سے بانی چیئرمین پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی پر قیمتی تحائف غیر قانونی طور پر فروخت کرنے کا الزام عائد کیا ہے، انکوائری کے مقصد کے لیے عمران خان اور بشریٰ بی بی کو نئی انکوائری میں طلبی کا کال اپ نوٹس موصول کروانے اور تحقیقات کے لیے نیب راولپنڈی کی جانب سے ڈپٹی سپرینٹنڈنٹ اڈیالہ جیل کو خط بھی لکھا گیا۔ بتایا جارہا ہے کہ توشہ خانہ کیس میں سابق وزیراعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی سزا معطل کردی گئی ہے اور عدالت نے انہیں رہا کرنے کا حکم دیا تھا، اسلام آباد ہائیکورٹ میں توشہ خانہ نیب ریفرنس میں بانی چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کی سزا کے خلاف اپیل پر سماعت ہوئی تھی جہاں چیف جسٹس عامر فاروق اور جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے کیس پر سماعت کی، جہاں عدالت نے استفسار کیا کہ 'کیا آج اپیل سماعت کے لیے مقرر ہے؟ مرکزی اپیل شروع نہیں کریں گے اگر آپ چاہتے ہیں تو سزا معطلی پر دلائل دے دیں'، جس کے جواب میں وکیل علی ظفر نے کہا کہ 'ہم سزا معطلی کی بجائے مرکزی اپیل پر دلائل دیں گے'، اس پر چیف جسٹس عامر فاروق نے ریمارکس دیے کہ 'سائفر کیس کل سماعت کے لیے مقرر ہے جو کچھ دنوں میں مکمل ہوجائے گا، توشہ خانہ کیس آج سن کر کل سماعت کے لیے نہیں رکھ سکتے، سائفر کیس میں ایف آئی اے کے دلائل شروع ہونے ہیں، نہیں معلوم وہ کتنا وقت لیتے ہیں'۔ اس موقع پر جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے نیب پراسیکیوٹر سے استفسار کیا کہ 'کیا نیب سزا معطلی پر کوئی موقف پیش کرنا چاہتا ہے؟' جواب میں نیب پراسیکیوٹر نے کہا کہ فیصلے کا جائزہ لیا ہے یہ سزا معطلی کا کیس ہے اور ہمیں سزا معطلی پر کوئی اعتراض نہیں لیکن اپیلیں ابھی نہیں سنی جاسکتیں'، تاہم عمران خان کے وکیل نے استدعا کی کہ 'سزا معطلی کے ساتھ سزا کا فیصلہ بھی معطل کردیا جائے'، جس پر جسٹس میاں گل حسن اورنگزیب نے کہا کہ 'وہ معاملہ سپریم کورٹ میں ہے ابھی اس کو چھوڑ دیں'، بعدازاں توشہ خانہ نیب کیس میں اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی چیئرمین تحریک انصاف عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی سزا معطل کرکے ضمانت پر رہا کرنے کا حکم دے دیا

بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کیم مئی) کو منانے کا مقصد امریکا کے شہر شکاگو کے محنت کشوں کی جدوجہد کو یاد کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملکی معیشت میں مزدوروں کا کردار ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے، اسلام نے تمام طبقات کے حقوق متعین کئے ہیں، مزدور کے حقوق کے حوالے سے اسلام میں کہا گیا ہے کہ اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے اس کی مزدوری ادا کردی جائے، آنحضرت ﷺ کی طرف سے مزدوروں کے حق میں اہل دنیا کے لئے یہ ایک اہم پیغام ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آج بھی مختلف طبقات مزدوروں کے ساتھ ظلم کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ نواب ثناء اللہ زہری نے کہا کہ انسانی تاریخ میں محنت وعظمت اور جدوجہد کے بھرپور استعارے کا دن کیم مئی ہے، 1886 میں شکاگو میں سرمایہ دار طبقے کے خلاف اٹھنے والی آواز اور اپنا پسینہ بہانے والی طاقت کو خون میں نہلا دیا گیا مگر ان جاں نثاروں کی قربانیوں نے محنت کشوں کی توانائیوں کو بھرپور کردیا۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں کا عالمی دن کارخانوں، کھیتوں، کھلیانوں، کانوں اور دیگر شعبوں میں سرمائے کی بھٹی میں جلنے والے لاتعداد محنت کشوں کا دن ہے اور یہ محنت کش انسانی ترقی اور تمدن کی تاریخی بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج ہم عالمی یوم مزدور کے موقع پر شکاگو کے ان محنت کشوں کی لازوال جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں، مزدور دنیا کے کسی بھی خطے سے تعلق ہو قابل قدر ہے

بقیہ 29 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دوں کے حملے کو ناکام بنانے پر پولیس اہلکاروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پولیس اہلکاروں کی بروقت کارروائی سے دہشتگردی کا بڑا منصوبہ ناکام ہوا۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگردوں کے خلاف جنگ میں پولیس اور سیکورٹی فورسز کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، دہشتگرد انسانیت کے دشمن ہیں، ان سے آہنی ہاتھوں کے ساتھ نمٹا جائے گا۔ سپیکر نے کہا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم پولیس اور سیکورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ انہوں نے زخمی پولیس اہلکاروں کی جلد صحتیابی کیلئے دعا بھی کی

بقیہ 30 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نگران دور میں گندم خریداری کی تحقیقات مکمل کرکے وزیراعظم کو رپورٹ پیش کریں گے۔ حکومت نے فیڈرل پبلک سروس کمیشن کے سینئر ممبر میاں مشتاق کو چیئرمین لگانے کا فیصلہ بھی کیا ہے۔ میاں مشتاق کی ایف پی ایس سی میں 13 مہینے سروس باقی رہتی ہے، 15 کامن سے تعلق رکھنے والے میاں مشتاق پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس گریڈ 22 کے ریٹائرڈ افسر ہیں

بقیہ 31 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سونپی ہے کہ ٹریبونلز اور اپیل کا نظام اور اس کے بعد ریفرنس کے فیصلوں کے نظام میں ریفارم کیا جائے، وزیراعظم نے اپنے تمام اختیارات چھوڑتے ہوئے اپوائنٹمنٹس اب اوپن کمپٹیشن کے ذریعے کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اسلام آباد میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ان کا مزید کہنا تھا کہ ایک انڈیپنڈنٹ سلیکشن کمیٹی تعیناتی کرے گی تاکہ میرٹ کو برقرار رکھا جائے۔ موجودہ پارلیمنٹ نے اپنا پہلا قانون پاس کیا جو کہ ٹیکس اصلاحات کے بارے میں ہے۔ ملکی مفاد اور ملکی معیشت کو آگے بڑھانے کیلئے یہ قانون پارلیمنٹ نے پاس کیا ہے۔ کمشنر ان لینڈ ریونیو (ایڈجوڈیکیشن)، جوڈیشل اور اکاؤنٹنگ ممبرز اب اوپن کمپٹیشن کے ذریعے اپوائنٹ ہوں گے۔ یاد رہے کہ قبل ازیں وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کا کہنا تھا کہ طاقت کی دھمکیوں سے نہ کسی کو فائدہ ہوا ہے اور نہ ہوگا۔ اپنے ایک بیان میں وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا تھا کہ علی امین گنڈاپور نے پہلی بار اسلام آباد پر قبضے کی بات نہیں کی۔ ایسی باتوں کا نتیجہ پہلے بھی عوام کے سامنے ہے۔ پی ٹی آئی کا جو رویہ ہے وہ قوم دیکھ چکی۔ عدالتی معاملات کو عدالت اور سیاسی معاملات ڈائیلاگ سے حل کرنے چاہئیں۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ جمہوریت کو مضبوط کرنے کیلئے۔ مذاکرات ضروری ہیں۔ گندم خریداری پر ایک سپیشل کمیٹی تشکیل دیدی گئی ہے جو تین دن بعد رپورٹ پیش کرے گی۔ گندم کی خریداری کا معاملہ حل کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر قانون نے کہا کہ کسانوں کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے نہ صرف ٹارگٹ بڑھایا بلکہ صوبائی حکومتوں سے بھی بات کی ہے

بقیہ 32 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے مطابق وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی نے نجی شعبے کو گندم درآمد کرنے کی کھلی چھوٹ دینے سے متعلق وزیراعظم آفس کو بریفنگ دی، وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی نے وزارت تجارت اور ٹی سی پی کی تجاویز کو نظر انداز کیا۔ نگران دور میں وزارت خزانہ کی سفارش پر نجی شعبے کو مقررہ حد کی بجائے کھلی چھوٹ دی گئی، گندم کے درآمد کنندگان کو کسٹم ڈیوٹی اور جی ایس ٹی کی چھوٹ بھی دی گئی۔ منظم منصوبے کے تحت اضافی گندم درآمد ہوئی جس سے 300 ارب روپے سے زائد کا نقصان ہوا۔ پاسکو اور صوبائی محکمے مطلوبہ ہدف 7.80 ملین ٹن کی بجائے 5.87 ملین ٹن گندم خرید سکے۔ نگران کابینہ کی منظوری کے بعد وزارت نیشنل فوڈ سکیورٹی نے سمری ارسال کی۔ گزشتہ سال 28.28 ملین ٹن گندم پیدا ہوئی جبکہ 2.45 ملین ٹن درآمد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ وزیراعظم کمیٹی بنا کر ذمہ داران کا تعین کریں گے اور ان کے خلاف کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ نیوز ایجنسی کے مطابق نگران دور حکومت میں 35 لاکھ میٹرک ٹن سے زائد گندم درآمد کی تحقیقاتی رپورٹ آئندہ ہفتے وزیراعظم کو پیش کی جائے گی۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم کی ہدایت پر قائم کی گئی تین ممبران پر مشتمل اعلیٰ سطح تحقیقاتی کمیٹی نے ابتدائی طور پر دو اجلاس منعقد کئے تاہم ان اجلاسوں میں کسی حتمی نتیجے پر نہیں پہنچا جاسکا، کمیٹی آئندہ دو تین دن میں مزید حقائق کا جائزہ لے کر اپنی رپورٹ کو حتمی شکل دے گی، کمیٹی کی سربراہی ممبر فیڈرل پبلک سروس کمیشن محمد مشتاق احمد نے کی

بقیہ 33 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

والی جماعتوں کا اکٹھ ہوا۔ جے یو آئی، جی ڈی اے، پی ٹی آئی قیادت کے درمیان مشاورت ہوئی، جماعت اسلامی بھی احتجاجی مہم شروع کرنے پر غور کر رہی ہے۔ مولانا فضل الرحمان دورہ کراچی پر آج پہنچ رہے ہیں، مولانا فضل الرحمان اور پیر پگارا کے درمیان ملاقات متوقع ہے، اس سلسلہ میں جے یو آئی نے جی ڈی اے رہنماؤں سے رابطے کیے ہیں۔ جمعیت علمائے اسلام نے کراچی میں کل ہونے والے جلسے کے لیے جی ڈی اے، ایاز لطیف پلیجو کو بھی دعوت دی ہے

بقیہ 34 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ئد کردی۔ پولیس کے اس فیصلے کے بعد متعدد کاروباری چینی باشندے بغیر سکیورٹی کی وجہ سے ہوٹلوں تک محدود ہوکر رہ گئے جبکہ نان سی پیک منصوبوں پر کام کرنے والے چینی باشندوں کی سکیورٹی کیلئے پولیس کی جانب سے خط بھی لکھا گیا۔ دوسری جانب محکمہ داخلہ کا کہنا ہے کہ مزید دو دن میں بلٹ پروف گاڑیاں نہ لینے والے پراجیکٹ ،تھیب کو بند کردیا جائے گا، بلٹ پروف گاڑیاں خریدی جائیں یا کرائے پر حاصل کی جائیں۔ علاوہ ازیں محکمہ داخلہ کے سیکشن آفیسر چائنیز سکیورٹی نے ڈی آئی جی اسپیشل پروٹیکشن یونٹ کو خط لکھ دیا، بلٹ پروف گاڑیاں خریدنے کے لیے دو دن کی مہلت نجی وسرکاری نان سی پیک منصوبوں کو دی گئی ہے، حکام نے چینی باشندوں کی سکیورٹی اور بلٹ پروف گاڑیوں کے لیے پہلے آگاہ کردیا تھا

بقیہ 35 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

، قتل کی واردات میں ملوث مطلوب ملزمان گرفتار، جناب ایس پی کیچ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی سٹی جاکر خان کی سربراہی میں ایس آئی/ایس ایچ او سٹی شیر جان ایس آئی ایڈیشنل ایس ایچ او سٹی محمد حسین دشتی ہمراہ پولیس ٹیم کی کامیاب کارروائی۔ قتل کے مقدمہ فرد نمبر 71/2024 بجرم زیر دفعہ 302ت، 109ت پ میں ملوث مطلوب ملزمان گرفتار محمد جان ولد جنگیان قوم بلوچ سکنہ سری کہن تربت۔ جنگیان ولد عصاء ؒ قوم بلوچ سکنہ سری کہن تربت نے عبدالوہاب ولد عباس قوم بلوچ سکنہ سری کہن تربت کو پسٹل سے فائر کرکے قتل کیا تھا ملزمان کو گرفتار کرکے مزید کارروائی وتفتیش کیلئے تفتیشی ٹیم کے حوالے کیے گئے

بقیہ 36 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں طلباء وطالبات کو گلوبل ٹرینڈز سے متعلق آگاہی حاصل ہوسکے اور وہ اپنے آمدن میں اضافے کیلئے نئے ایونیو ڈھونڈ سکیں یہ بات انہوں نے سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے ساتھ سکول ایجوکیشن بلوچستان کی جانب سے ایک مفاہمتی یادداشت (MOU) پر دستخط کے بعد گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ مفاہمتی یادداشت پر دستخط سیکرٹری سکول ایجوکیشن صالح محمد ناصر اور ایس ای سی پی کے سربراہ انویسٹر ایجوکیشن عثمان سعید نے دستخط کیے۔ اس موقع پر ماہرین نے بتایا کہ ایس ای سی پی کے ساتھ انوسٹر ایجوکیشن اقدام' جاماپونچی 'صوبے میں جدید علوم میں مہارت کی جانب ایک اہم قدم ہو گا اور اس منصوبے کے تحت مالی وتکنیکی موضوعات کو شامل کرکے اساتذہ کے تربیتی پروگرام کے ذریعے اساتذہ کو ضروری مہارتوں سے آراستہ کیا جائے گا تاکہ وہ طلباء وطالبات کی بھرپور رہنمائی کرتے ہوئے انکی استعداد میں اضافہ کریں مزید برآں ایس ای سی پی کی جانب سے بلوچستان میں طلباء کے لیے آگاہی سیمینارز کا انعقاد بھی ممکن بنایا جائے گا، جمع پونچی اقدام کے تحت طلباء بجٹ، بچت، سرمایہ کاری اور قرض کے انتظام جیسے بنیادی تصورات سیکھیں گے۔ مالی خطرات اور ذمہ داریوں کے بارے میں آگاہی ان کے مالی نقصانات، جیسے قرضوں کا جمع ہونا اور سرمایہ کاری کے ناقص انتخاب کے خطرے کو کم کرنے جیسے موضوعات سے بہرہ مند ہوں گے۔ وزیر تعلیم بلوچستان محترمہ راحیلہ حمید خان درانی، سیکرٹری فیڈرل ایجوکیشن اینڈ پروفیشنل ٹریننگ محی الدین احمد وانی اور دیگر اعلیٰ حکام نے پیشہ ورانہ تربیت میں تقریب کا مشاہدہ کیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم محترمہ راحیلہ حمید خان درانی نے کہا کہ دور دراز علاقوں کے لوگ مالیاتی کمی کا زیادہ شکار نظر آتے ہیں، آمدن اور بچت کی سطح کافی کم ہے، غریب اور پسماندگی کی صورتحال بلوچستان کے نوجوانوں کو مالی خواندگی کی مطلوبہ مہارتوں سے آگاہ کرنا لازمی بناتی ہے تاکہ وہ دور جدید کے تقاضوں کا بہتر طور مقابلہ کرسکیں انہوں نے وفاقی سیکرٹری برائے تعلیم اینڈ پروفیشنل ٹریننگ محی الدین احمد وانی کی ملک بھر میں پیشہ ورانہ علوم کے فروغ کی تعریف کی اور اس امر کا اظہار کیا کہ وفاقی حکومت صوبے میں تعلیم وتربیت سمیت جدید علوم کے فروغ میں بجٹ بڑھانے سمیت ہر طرح کی معاونت یقینی بنائے گے تاکہ صوبے کی پسماندگی کو تعلیم وتربیت سے حل کیا جاسکے

بقیہ 37 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

صوبائی اسمبلی میر لیاقت لہڑی اور کمشنر کوئٹہ حمزہ شفقات بھی موجود تھے اس موقع پر صوبائی وزیر میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ ٹرانسپورٹ ایسوسی ایشن کے ٹرانسپورٹ کے مسائل حل کرنا حکومت کی ذمہ داری ہے جبکہ باہمی مشاورت سے مسائل کا خاتمہ ممکن ہوگا ہم نے ٹرانسپورٹرز کے مسائل سن لئے، وزیراعلیٰ سے بات کرکے جلد ان کے جائزہ مطالبات تسلیم کئے جائیں گے انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی سے ٹرانسپورٹرز کے وفد کی ملاقات کروائیں گے، اس موقع پر صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک نے کہا کہ جلد ہی ٹرانسپورٹرز کے 12 رکنی وفد کی وزیراعلیٰ سے ملاقات کروا کر مطالبات پر غور ہوگا اور ہماری کوشش ہے کہ آج ہی ٹرانسپورٹرز کے مسائل کو حل کریں اور جلد ہی اس معاملے پر پیش رفت کریں گے ان کو مزید کہنا تھا کہ ٹرانسپورٹرز کو درپیش مسائل کا احساس ہے ہم عوامی نمائندے ہیں انہیں ہر مشکل سے باہر نکالیں گے

بقیہ 38 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کرتے ہیں صرف یوم مزدور کا دن منانے سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے انکی زندگی بدلیگی انکے حقوق کا تحفظ ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے کسی بھی ادارے اور ملک کی تعمیر وترقی محنت کش طبقے کی انتھک محنت کی مرہون منت ہے یہ بات انہوں نے یوم مزدور لیبر ڈے کے موقع پر اپنے خصوصی پیغام میں کہا کہ آج کا دن ہمیں شکاگو کے ان مزدوروں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جنہوں نے اپنے حقوق کی خاطر اپنی جانیں قربان کیں لیبر ڈے دنیا بھر میں محنت کش طبقے کے کردار، اپنے کام سے لگن اور عزم و استقامت کو اجاگر کرنے کی علامت کے طور پر منایا جاتا ہے انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی تاریخ میں پاکستان تحریک انصاف کے دور اقتدار میں مزدور اور محنت کش طبقے کے لئے مثالی اقدامات کیے جنکی گواہی آج پاکستان کا ہر مزدور اور محنت کش طبقہ دے رہا ہے انشاء ؒ اللہ پاکستان تحریک انصاف اقتدار میں آکر مزدور اور محنت کش طبقے کی زندگی میں بہتری اور مسائل کے حل کے لئے بہترین قانون سازی کرکے ماضی کی طرح عملی طور پر اقدامات اٹھائیں گی ضرورت اس امر کی ہے کہ بطور قوم صرف یوم مزدور لیبر ڈے منا کر یا سوشل میڈیا پر چند خوبصورت الفاظ شیئر کرکے ہم اپنے آپکو بری الذمہ نہیں ہوسکتے یہ ایک تلخ حقیقت ہے

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED بیباک صحافت کا علمبردار
Daily SAHAFAT Quetta
روزنامہ صحافت کوئٹہ
چیف ایڈیٹر ملک نعیم خان کاکڑ
صفحات 8

خاران، سابق صوبائی وزیر کریم نوشیروانی یوم مزدور کے موقع پر گندم کٹائی کر کے مزدوروں سے اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

ایک دن یوم مزدور منا کر اگلے روز مزدوروں کا استحصال کیا جاتا ہے، جمعیت

اسلام ہی کا درس ہے کہ مزدوروں کی مزدوری اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کردو، ایک دن مزدور کیلئے مختص کرنا مناسب نہیں ہے اسلام ہر روز صبح وشام مزدور کیساتھ انصاف کا علمبردار ہے

اسلام میں جہاں محنت کی عظمت اور کسب حلال کی اہمیت بڑی واضح ہے، وہاں حرام مال اور ناجائز آمدنی سے حاصل ہونیوالے رزق اور مال وجائیداد کو انسان کی تباہی قرار دیا گیا ہے، مولانا عبدالرحمان رفیق

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق نے یوم مزدور کی مناسبت سے مقامی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلام ہی کا درس ہے کہ مزدور کی مزدوری اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کردو۔ ایک دن مزدور کیلئے مختص کرنا مناسب نہیں ہے، اسلام ہر روز صبح وشام مزدور کے ساتھ انصاف کا علمبردار ہے۔ اسلام میں جہاں محنت کی عظمت اور کسب حلال کی اہمیت بڑا واضح ہے، وہاں حرام مال اور ناجائز آمدنی سے حاصل ہونے والے رزق اور مال وجائیداد کو انسان کی تباہی، اس کی نیکیوں کی بربادی اور اس کے تباہ کن اثرات کو بھی پوری وضاحت سے بیان کیا گیا ہے، چنانچہ کسب حلال کو ایک عظیم نیکی، باعث اجر وثواب عمل قرار دیا گیا اور دوسری جانب ناجائز اور حرام مال کو وبال اور گناہ کا بنیادی سبب قرار دیا گیا۔ مولانا عبدالرحمن رفیق نے کہا یہاں ہر سال محض رسمی طور پر مزدوروں کے حقوق کا ڈھنڈورا پیٹ کر اگلے (باقی صفحہ 5 نمبر 1)

سمگلنگ یا سیکورٹی کے نام پر ٹرانسپورٹروں کی تذلیل بند کی جائے، حاجی نور محمد شاہوانی

حکومت عوام پر روزگار کے دروازے بند نہ کریں اور غیر ملکی اشیاء کو بارڈر پر ہی بند کیا جائے

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی جنرل سیکرٹری حاجی عبدالباقی کاکڑ حاجی مراد خان کاکڑ حاجی یار یداد ملک نور خان کرد سیف اللہ شاہوانی سہیل خان کاکڑ حاجی ظاہر شاہ عبدالمجید رئیسانی حاجی عبدالخالق ہنگورئی حاجی محمد امین ابراہیم پرکانی اسماعیل لہڑی اور دیگر ٹرانسپورٹروں نے حکومت پاکستان کے اعلی عہدے داروں اور (باقی صفحہ 5 نمبر 4)

ہرنائی کیم مئی عالمی یوم مزدور کے حوالے سے ہرنائی بازار میں کوئلہ رائزنگ کنٹریکٹرز کی جانب سے ریلی کا انعقاد

ہرنائی (نامہ نگار) کیم مئی عالمی یوم مزدور کے حوالے سے ہرنائی بازار میں کوئلہ رائزنگ کنٹریکٹرز کی جانب سے ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ جس کی قیادت عبدالناصر ملازئی نے کی۔ ریلی میں کثیر تعداد میں مزدوروں نے شرکت کی (باقی صفحہ 5 نمبر 3)

کچھی کی حالیہ لیویز بھرتیوں کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے، فرحان جمالی

ڈی جی لیویز بلوچستان نے کرپشن کو پروان چڑھا کر کچھی کے نوجوانوں کی محنت کو پیسوں کی منڈی میں تبدیل کر دیا

چیف سیکرٹری بلوچستان کو ڈی جی لیویز بلوچستان کے خلاف اپیل دائر کر دی امید کرتے ہیں کہ وہ صاف شفاف تحقیقات کر کے انصاف فراہم کریں گے

بولان (نامہ نگار) نیشنل یوتھ فورم کچھی کے مرکزی چیئرمین رئیس فرحان جمالی، نگری محمد صلاح جتوئی، مہر اللہ مستوئی، میر دوست بلوچ، لیاقت علی جتوئی، محمد یاسین کھوسہ، پریس سیکرٹری علی نواز جاموٹ و دیگر رہنماؤں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ کچھی کی حالیہ لیویز بھرتیوں کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے ڈی جی لیویز بلوچستان نے کرپشن کو پروان چڑھا کر کچھی کے نوجوانوں کی محنت کو پیسوں کی منڈی میں تبدیل کر دیا سفارشی بنیاد پر ان فٹ افراد کی بھرتیاں کر کے کچھی کے امن کو تباہ و برباد کرنے کی مذموم سازش کی گئی ہے مگر کچھی کے نوجوان میرٹ کی پامالی کے خلاف خاموش نہیں بیٹھیں گے آنے والے دنوں اپنے حقوق لینے کیلئے سخت پر امن احتجاج کر کے ارباب اختیار کو آگاہ کریں گے کہ میرٹ کے برخلاف ہونے والی بھرتیا (باقی صفحہ 5 نمبر 2)

کوئٹہ، ایم این اے میاں خان بگٹی ایم این اے جمال شاہ کاکڑ کے ساتھ ملاقات کر رہے ہیں

6 مئی کو غیر معینہ مدت کیلئے دھرنا ہوگا، زمیندار ایکشن کمیٹی

دھرنے کو حتمی شکل دینے کیلئے ایکشن کمیٹی کا اجلاس آج ہوگا جس میں صوبے بھر کے زمینداران شرکت کرینگے، زمیندار ایکشن کمیٹی کے دھرنے کی حمایت کرنے والے سیاسی جماعتوں کے شکر گزار ہیں، ترجمان

سال 2022ء میں سیلاب سے زمینداروں کو اربوں روپے کے نقصانات کا سامنا کرنا پڑا، صوبائی اور وفاقی حکومتوں کی غیر سنجیدگی اور کیسکو کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے صوبے کی زراعت کا شعبہ تباہی کے دھانے پر پہنچ گیا

کوئٹہ (یو این اے) زمیندار ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام 6 مئی کو غیر معینہ مدت کیلئے دھرنا ہوگا، دھرنے کو حتمی شکل دینے کیلئے ایکشن کمیٹی کا اجلاس آج ہوگا جس میں صوبے بھر کے زمینداران شرکت کرینگے۔ زمیندار ایکشن کمیٹی کے ترجمان کے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ کیسکو کی جانب سے زمینداروں کے ساتھ بجلی کے معاملے پر ہٹ دھرمی کے خلاف زمیندار ایکشن کمیٹی کا اجلاس آج ہوگا جس میں 6 مئی کو کوئٹہ میں زمیندار ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام غیر معینہ مدت کیلئے دھرنے کے انتظامات کو حتمی شکل دیا جائے گا، زمیندار ایکشن کمیٹی کے دھرنے کی حمایت کرنے والے سیاسی جماعتوں کے شکر گزار ہیں، بدقسمتی سے صوبائی اور وفاقی حکومتوں کی غیر سنجیدگی اور کیسکو کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے صوبے کے زراعت کا شعبہ تباہی کے دھانے پر پہنچ گیا ہے، سال 2022ء میں سیلاب سے زمینداروں کو اربوں روپے کے نقصانات کا سامنا کرنا پڑا تھا اس سے قبل ٹڈی دل نے فصلات اور باغات تباہ کر دیئے تھے اور حال ہی میں تیز ژالہ باری سے بھی زمینداروں کو بھاری نقصانات کا سامنا کرنا پڑا ہے لیکن بدقسمتی سے صوبائی اور مرکزی حکومتیں ٹس سے مس نہیں ہو رہی جبکہ رہی سہی کسر کیسکو نے پوری کر دی، جس سیزن اور فصلات وباغات کو پانی کی ضرورت کے وقت بجلی کی فراہمی بند کر دی جاتی ہے جس کی وجہ سے 12 لاکھ ٹن سیب، 5 لاکھ ٹن انگور، 4 لاکھ ٹن پیاز، 5 لاکھ ٹن پیاز، 10 لاکھ ٹن ٹماٹر، 5 لاکھ ٹن کھجور، قالیزات اور سبزی جات راکھ کے ڈھیر میں تبدیل ہو جائیں گے جس کی تمام تر ذمہ داری حکومت وقت پر عائد ہوگی، جو زمیندار اپنے بل بوتے (باقی صفحہ 5 نمبر 5)

کیم مئی یوم مزدور ڈے پر شکاگو کے شہدا کو سلام پیش کرتے ہیں، ندیم رئیسانی

مزدور کسی بھی معاشرے کی تعمیر میں سنگ بنیاد کا کام کرتا ہے، صحافیوں سے گفتگو

مستونگ (یو این اے) کیم یوم مزدور ڈے ہر سال مزدوروں کی جدوجہد اور کاوشوں کو سراہنے کے دن پر دنیا بھر میں منایا جاتا ہے 1886 شکاگو کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار سیاسی اور قبائلی رہنما میر ندیم خان رئیسانی نے سراوان پریس کلب کے صحافیوں سے بات چیت کے دوران کہی ہے انہوں نے کہا ہے مزدور کسی بھی معاشرے کی تعمیر میں سنگ بنیاد کا کام کرتا ہے اور ہمارے مذہب اسلام کا درس بھی ہے کہ مزدوروں کی انکی پسینہ خشک ہونے سے پہلے اجرت دی جائے انہوں نے کہا ہے کہ افسوس آج مزدور ڈے پر بھی حقیقی مزدور رزق کی تلا (باقی صفحہ 5 نمبر 28)

بلوچستان لیبر فیڈریشن ہرنائی کی جانب سے کیم مئی عالمی یوم مزدور کے حوالے سے ریلی کا انعقاد کیا گیا

ہرنائی (نامہ نگار) بلوچستان لیبر فیڈریشن ہرنائی کی جانب سے کیم مئی عالمی یوم مزدور کے حوالے سے ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ اور پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کیا گیا۔ ریلی اور مظاہرے کی قیادت بلوچستان لیبر فیڈریشن ہرنائی کے ضلعی صدر حبیب اللہ نے کی۔ جبکہ اس موقع پر آل ملازمین اتحاد کے ضلعی صدر صاحب جا (باقی صفحہ 5 نمبر 8)

مزدوروں کا عالمی دن یکجہتی اور مزاحمت کی طاقتور علامت ہے، صدیق مدنی

مزدوروں کے عالمی دن کی ابتدا امریکہ میں 19 ویں صدی کے آخر تک معلوم کی جا سکتی ہے

چمن (یو این اے) شمشاد رائٹرز فورم پاکستان کے مرکزی مجلس عاملہ کی اجلاس حاجی شفیع اللہ کاکوزئی کے رہائشگاہ چمن میں ہوا۔ اجلاس کی صدارت شمشاد رائٹرز فورم پاکستان کے مرکزی صدر حافظ محمد صدیق مدنی نے کی۔ اجلاس کا آغاز حافظ سیف الرحمن کے تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ اجلاس سے شمشاد رائٹرز فورم پاکستان کے مرکزی صدر حافظ محمد صدیق مدنی، نائب صدر شیر زمان کاکڑ، جوائنٹ سیکرٹری سیف اللہ سلیمان خیل، سیکرٹری اطلاعات عبد الودود کاکوزئی اور آفس سیکرٹری بلال خان اچکزئی نے مزدوروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ کیم مئی (باقی صفحہ 5 نمبر 7)

زمینداروں کو دیوار سے لگانے کی ہرگز اجازت نہیں دینگے، زمیندار ایکشن کمیٹی

لورالائی (یو این اے) زمیندار ایکشن کمیٹی لورالائی، زمیندار ایسوسی ایشن لورالائی کے صدر ملک عصمت کدیزئی، جنرل سیکرٹری عبدالخالق اتمانخیل، حاجی پارہ دین اتمانخیل محمد زمان کدیزئی، مولوی محمد نور زخپخیل، حاجی ماشااللہ شبوزئی، ملک عالم (باقی صفحہ 5 نمبر 6)

بلوچستان کی 62 یونینوں پر عائد پابندی ختم کی جائے، منظور بلوچ

ڈکی سے 9 مغوی کانکنوں کو فوری طور پر بازیاب کرایا جائے، یوم مزدور کے موقع پر خطاب

کوئٹہ (پ ر) پاکستان ورکرز کنفیڈریشن بلوچستان کی کیم مئی کی ریلی پبلک ہیلتھ انجینئرنگ آفس سریاب لنک روڈ سے چیئرمین منظور بلوچ جنرل سیکرٹری علی بخش جمالی چیف آرگنائزر پیر محمد کاکڑ ایگریکلچر ورکرز یونین کے صدر حاجی عبدالکریم و دیگر کی قیادت میں نکالی گئی ریلی سریاب روڈ سے ہوتی ہوئی رانی باغ پہنچ کر جلسہ کی شکل اختیار کر گئی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے ایم میر لیاقت علی لہڑی کنفیڈریشن کے چیئرمین منظور بلوچ جنرل سیکرٹری علی بخش جمالی چیف ارگنائزر پیر محمد کاکڑ ایگریکلچر ورکرز یونین کے صدر حاجی عبدالکریم داد محمد بلوچ سلام زہری (باقی صفحہ 5 نمبر 25)

اٹھارویں ترمیم مزدوروں کیلئے سب قانون سازی نہ کرنا افسوسناک ہے، احمد خان

ملک میں آج بھی ہزاروں بچے جبری مشقت پر مجبور ہیں مزدور اپنے حق کیلئے 1886 کی طرح آج بھی سراپا احتجاج ہیں، اے کیو ایم

آج تک مزدوروں کا کوئی بھی مطالبہ حل نہیں ہوا، انکی آواز کو کچلنے کیلئے جاگیردارانہ سوچ کے حامل واقتدار قوتوں نے مزدوروں کا خون ناحق بہایا تھا

چمن (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے سربراہ قائد تحریک صدر احمد خان نے عالمی لیبر ڈے کو صرف ایک روایتی اور فرضی تہوار قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ آج بھی مزدور 1886 میں سانحہ شکاگو تحریک کی طرح آپنے حق کیلئے سراپا احتجاج ہیں آج تک انکا کوئی بھی مطالبہ حل نہیں ہوا ہے اس آواز کو کچلنے کیلئے جاگیردارانہ سوچ کے حامل واقتدار قوتوں نے مزدوروں کا خون ناحق بہایا تھا بدقسمتی سے آج بھی وہی جاگیردارانہ سوچ مزدوروں کو زر خرید غلام تصور کرتے ہیں اس وقت ملک میں لاکھوں جبکہ صوبہ بلوچستان کے شہر کوئٹہ میں دس ہزار سے زیادہ بچے جبری مشقت کرنے پر مجبور ہیں آج بھی ہزاروں مزدور گنتی اور بیلچے کے ساتھ مختلف چوکوں پر روزگار کی تلاش میں بے یارومددگار دیہاڑی کی تلاش میں مایوسی کی عالم میں (باقی صفحہ 5 نمبر 10)

دشت پنگوکلی بھنڈی در رئیس عبدل کے مکین روڈ سے محروم ہیں، حسین خان کرد

راستہ نہ ہونے کی وجہ سے جب بارش ہو تو لوگ گھروں میں محصور رہتے ہیں

دشت (یو این اے) ضلع مستونگ کے سب ڈویژن تحصیل دشت جماعت اسلامی تحصیل کے رہنما سوشل ورکر حسین خان کرد۔ محمد مراد کرد۔ میر علی نواز دینارزئی۔ نائب سیف اللہ کرد۔ مزار خان سرپرہ۔ فیض سرپرہ۔ منیر احمد سرپرہ۔ رئیس رحمت اللہ کرد۔ ملا عزیز کرد۔ گہور خان کرد۔ و دیگر نے نمائندہ یو این اے سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ کئی صدیوں پرانی گاہوں کلی رئیس عبدل بھنڈی در کلی گاجوزئی اور کلی فیض محمد وسب اس اکیسوی صدی میں بھی روڈ راستہ جیسے سہولت سے محروم ہے انہوں نے کہا ہے کہ روڈ راستہ نہ ہونے کی وجہ سے جب بارش ہو تو لوگ گھروں میں محصور رہتے ہیں جب تک پانی خوشک نہ ہو وہ اپنے ضروریات زندگی کی اشیا خریدنے کیلئے نہیں جا سکتے (باقی صفحہ 5 نمبر 9)

مزدور اور محنت کش آج بھی استحصال کا شکار اور جائز معاوضے سے محروم ہیں، کاشف حیدری

مہنگائی کے دور میں 8 سے 10 ہزار معاوضہ لینے والے مزدور بلخصوص انہی اشرافیہ اور جاگیرداروں کے شکنجے اور جبر واستحصال کا شکار ہیں

حکومت اور انسانی حقوق کی تنظیمیں یوم مزدور پر چھٹی منانے کے ساتھ ساتھ مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے بھی عملی اقدامات کریں

کوئٹہ (یو این اے) مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن اور بلوچستان نیشنل پارٹی کے ضلعی رہنما کاشف حیدری نے کیم مئی عالمی یوم مزدور کے حوالے سے شکاگو کے مزدوروں اور محنت کشوں کو سرخ سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ مزدور اور محنت کش آج بھی استحصال کا شکار اور جائز معاوضے سے محروم ہے، حکومت اور انسانی حقوق کی تنظیمیں یوم مزدور پر چھٹی منانے کے ساتھ ساتھ مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے بھی عملی اقدامات کریں، یہ بات انہوں نے گزشتہ روز یوم مزدور کے حوالے سے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی، انہوں نے کہا کہ کیم مئی 1886 کو شکاگو کے مزدور اور محنت کشوں نے سرمایہ دارانہ اور ظالمانہ نظام کیخلاف بغاوت کا اعلان کیا، جس کے باعث لاتعداد مزدور اور محنت (باقی صفحہ 5 نمبر 24)

سابق چیف آفیسر نصیب اللہ کو دوبارہ نہیں لانے دینگے، نیشنل پارٹی حب

اگر سابقہ کرپٹ چیف آفیسر نصیب اللہ کو تبادلہ کر کے حب لایا گیا تو ہم اتحادیوں کیساتھ ملکر شدید احتجاج کرینگے

حب (یو این اے) باخبر ذرائع سے معلوم ہوا ہیکہ میونسپل کارپوریشن حب کے سابقہ کرپٹ اور بد اخلاق چیف آفیسر نصیب اللہ کو دوبارہ حب لایا جارہا ہے اگر سابقہ کرپٹ چیف آفیسر نصیب اللہ کو تبادلہ کر کے حب لایا گیا تو ہم اتحادیوں کے ساتھ مل کر شدید احتجاج کریں گے ان خیالات کا اظہار نیشنل پارٹی حب کے ضلعی صدر و کونسلر میونسپل کارپوریشن حب عبدالغنی رند، کونسلر ارباب گسی وحید اسحاق بلوچ بشیر جمالی، حافظ رسول بخش، ضلعی جنرل سیکریٹری کامریڈ سلیم بلوچ نے اپنے ایک بیان میں کیا۔ انھوں نے مذید کہا ہیکہ موصوف نے اپنی کرپشن، لاپروائی واقربا پروری اور (باقی صفحہ 5 نمبر 27)

مسلط سیاسی طبقے نے عوام کو اقلیت میں تبدیل کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی، خالد توکل بلوچ

گذانی (یو این اے) ایم کیو ایم پاکستان ضلع حب کے صدر و حالیہ الیکشن میں نیشنل اسمبلی 257 کے امیدوار خالد توکل بلوچ نے اخباری بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ تحصیل گڈانی پر گزشتہ پچاس سالوں کے زائد عرصے سے ایک ہی خاندان کے افراد قابض ہیں جب (باقی صفحہ 5 نمبر 12)

بلوچستان لیبر فیڈریشن ہرنائی کی جانب سے کیم مئی عالمی یوم مزدور کے حوالے سے ریلی کا انعقاد کیا گیا

دنیا کے مزدور ایک ہو جاؤ دنیا بھر کی طرح صحبت پور یوم یکجہتی ریلی نکالی گئی

صحبت پور (یو این اے) دنیا کے مزدور ایک ہو جاؤ دنیا بھر کی طرح صحبت پور یوم یکجہتی ریلی نکالی گئی۔ چھٹی کے بجائے سرکاری سطح پر مزدور سے یک جہتی کی ضرورت ہے۔ حکومت سطح پر مزدور ڈے منایا جاتا۔ مزدور کی اجرت میں مہنگائی کی نسبت اضافہ کیا جائے مقررین۔ تفصیلات (باقی صفحہ 5 نمبر 26)

آزادی فلسطین مظاہرہ
کوئٹہ، پاکستان سنی تحریک کے زیر اہتمام پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا جارہا ہے

ملک بھر کی طرح ڈیرہ اللہ یار میں بھی عالمی یوم مزدور منایا گیا

مزدور تنظیموں اور ٹریڈ یونین کی جانب سے ریلیاں نکال کر جلسہ منعقد کیا گیا

ڈیرہ اللہ یار (یو این اے) ملک بھر کی طرح ڈیرہ اللہ یار میں بھی عالمی مزدور منایا گیا، مزدور تنظیموں اور ٹریڈ یونین کی جانب سے ریلیاں نکال کر جلسہ منعقد کیا گیا، مستری مزدور یونین، لوکل گورنمنٹ ایمپلاز، اریگیشن ایمپلاز، میونسپل ایمپلاز اور لائیو اسٹاک ایمپلاز کی جانب سے الگ الگ ریلیاں نکالی گئیں جبکہ ضلع کونسل ہال ڈیرہ اللہ یار میں لوکل گورنمنٹ اور میونسپل ایمپلاز یونین (باقی صفحہ 5 نمبر 23)

پنجگور میں پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ نظام عوام کیلئے وبال جان بن گیا

پنجگور (یو این اے) پنجگور میں پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ نظام عوام کیلئے وبال جان بن گیا ہے پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ نظام کی بدترین لوڈشیڈنگ سے کاروباری حضرات طلبا مالیاتی ادارے اور سرکاری دفتروں اور انٹرنیٹ سے وابسطہ صارفین شدید کوفت اور مشکلات کا شکار بن گئے ہیں پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ رات 12 بجے (باقی صفحہ 5 نمبر 19)

مزدوروں کا حق لینے کیلئے اتحاد واتفاق کی ضرورت ہے، شاہ ولی

موجودہ مہنگائی کے تناسب سے مزدوروں کی تنخواہیں کی جائیں

لورالائی (یو این اے) متحدہ لیبر فیڈریشن بلوچستان لورالائی کے زیر اہتمام یوم مئی کے سلسلہ میں ایک ریلی نکالی گئی ریلی میں اریگیشن لیبر فیڈریشن، میونسپل ورکر یونین، زراعت اور جنگلات یونینز کے نمائندوں اور ورکروں نے شرکت کی جسکی صدارت شاہ ولی نے کی ریلی کے شرکاء سے شاہ ولی، محمد زئی، راز محمد محمد اعجاالحق، نورالدین، مرزا خان، جلی محمد، حاجی قادر، امیر حمزہ، محمد الدین، روزی خان، ملا محمد جان، رحمت اللہ، شریف صافی، محمد طاہر، احمد جان اور دیگر نے کہا کہ مزدوروں کا حق لینے کیلئے سب سے پہلے اتحاد واتفاق کی ضرورت ہے آج مزدور مہنگائی (باقی صفحہ 5 نمبر 20)

حب میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کیخلاف عوام نے روڈ بند کر دیا

حب (یو این اے) کے الیکٹرک کی جانب سے حب میں رات کو غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف امداد ہوٹل کے سامنے عوام نے روڈ بند کر دیا، کے الیکٹرک انتظامیہ کے خلاف نعرہ بازی۔ مظاہرین کا موقف تھا کہ دن میں بجلی نہ ہونے کے برابر ہے اب تو رات کو بجلی کئی گھنٹے بند کی جاتی ہے۔ رات کی لوڈشیڈنگ کے الیکٹرک (باقی صفحہ 5 نمبر 13)

عالمی معیار کے مطابق مزدوروں کو سہولیات فراہم کی جائیں، اعجاز شاہوانی

محنت کش ملک کے خوشحالی اور ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں

دشت (یو این اے) دشت امن کمیٹی کے چیئرمین ملک اعجاز احمد شاہوانی نے عالمی دن یوم مزدور کے موقع پر اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ کیم مئی 1886 کو شکاگو میں محنت کش طبقہ نے استحصالی اور نہ برابری کیخلاف جدوجہد کی اور ایک تاریخ رقم کی انہوں نے شکاگو کے شہیدوں کے قربانیوں کو سرخ سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ کیم مئی کو شکاگو کے مزدوروں نے اپنے (باقی صفحہ 5 نمبر 11)

مزدور ومحنت کش سماج میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، میر عبدالصمد زہری

عالمی مزدور ڈے کے موقع پر وطن عزیز اور دنیا بھر کے بلند ہمت محنت کشوں کی عظمت کو ہم سلام پیش کرتے ہیں

حب (یو این اے) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی سیکرٹری ماہی گیری نے کیم مئی یوم مزدوروں کی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی مزدور ڈے کے موقع پر وطن عزیز اور دنیا بھر کے بلند ہمت محنت کشوں کی عظمت کو ہم سلام پیش کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ کیم مئی مزدور طبقے سے اظہار ہمدردی کا دن ہے، دنیا بھر میں کیم مئی کو مزدور ڈے کے حوالے سے منایا جاتا (باقی صفحہ 5 نمبر 22)

مستونگ میں سوئی گیس پریشر کی کمی اور پرانا لوڈشیڈنگ شیڈول برقرار

مستونگ (یو این اے) مستونگ میں سوئی گیس پریشر کی کمی اور پرانا لوڈشیڈنگ شیڈول برقرار، آل پارٹیز کی ڈپٹی کمشنر سے ملاقات اور میٹنگ کے فیصلے نظر انداز، سوئی گیس بجلی اور پینے کی پانی کی صورتحال شہری بدستور پریشان، اب تو عوام پر روڈ پر احتجاج کیلئے بھی نکلنے پر آل پارٹیز اجلاس میں پابندی لگا دی ہے، جب کے متعلقہ (باقی صفحہ 5 نمبر 18)

ضلع قلعہ سیف اللہ کے مختلف علاقوں میں یوم مزدور کے حوالے سے ریلیوں کا انعقاد کیا گیا

پنجگور کے میونسپل کارپوریشن میئر شکیل احمد سے تاجر برادری کے وفد کی ملاقات

پنجگور (یو این اے) پنجگور انجمن تاجران صدر فرید احمد کا چتکان بازار کے مختلف مقامات کے روڈ اور ترقیاتی اسکیمات کے حوالے سے پنجگور میونسپل کارپوریشن میئر شکیل احمد سے تاجر برادری کے وفد کا تفصیلی ملاقات اس میٹنگ میں انجمن تاجران کے جنرل سیرٹری قاسم الدین، نائب صدر لال دوست بلوچ، دوہم نائب صدر (باقی صفحہ 5 نمبر 14)

کچھی کی حالیہ لیویز بھرتیوں کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے، نیشنل یوتھ فورم کچھی

ڈی جی لیویز بلوچستان نے کرپشن کو پروان چڑھا کر کچھی کے نوجوانوں کی محنت کو پیسوں کی منڈی میں تبدیل کر دیا

بولان (یو این اے) نیشنل یوتھ فورم کچھی کے مرکزی چیئرمین رئیس فرحان جمالی، نگری محمد صلاح جتوئی، مہر اللہ مستوئی، میر دوست بلوچ، لیاقت علی جتوئی، محمد یاسین کھوسہ، پریس سیکرٹری علی نواز جاموٹ و دیگر رہنماؤں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ کچھی کی حالیہ لیویز بھرتیوں کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے ڈی جی لیویز بلوچستان نے کرپشن کو پروان چڑھا کر کچھی کے نو (باقی صفحہ 5 نمبر 15)

کوہلو ڈی ایچ کیو ہسپتال میں ادویات کا فقدان، پیناڈول کی گولی اور سرنج تک نایاب

ہم دور دراز علاقوں سے بڑی آس لیکر اپنے مریضوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال لاتے ہیں مگر ہمیں سرنج سمیت تمام ادویات نجی سٹوروں سے خریدنا پڑتے ہیں

ہسپتال میں کئی میل وفیمیل ڈاکٹرز تعینات ہیں جو ڈیوٹی نہیں دیتے، اتنے بڑے ہسپتال میں ڈاکٹر و دیگر سہولت میسر نہیں ہے، مریضوں کی صحافیوں سے گفتگو

کوہلو (یو این اے) بلوچستان ضلع کوہلو کے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ادویات وسہولیات کا اشد فقدان ہے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں دیگر ادویات کی طرح بخار کی گولی اور سرنج تک نایاب ہو گئے ہیں جبکہ ڈاکٹروں کی عدم موجودگی کے باعث مریضوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے، ہسپتال میں آئے ہوئے مریضوں اور ان کے لواحقین نے مقامی صحافی کو بتایا کہ ہم دور دراز علاقوں سے بڑے آس لے کر اپنے مریضوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال لاتے ہیں مگر سہولیات کی الیہ یہ کہ ہمیں سرنج سمیت تمام ادویات نجی سٹوروں سے خریدنا پڑتے ہیں جبکہ ہسپتال میں کئی میل وفیمیل ڈاکٹرز تعینات ہیں جو ڈیوٹی نہیں دیتے، اتنے بڑے ہسپتال میں ڈاکٹر و دیگر سہولت میسر نہیں ہے، جس کی وجہ سے ہمیں تمام ادویات نجی سٹوروں سے (باقی صفحہ 5 نمبر 21)

میرے لیے سیاست نہیں عوامی خدمت اہم ہے، رب نواز بہرانی

نکاسی آب شہر کا اہم اور پیچیدہ مسلہ ہے، حل کیے بغیر دیگر ترقیاتی منصوبے دیرپا ثابت نہیں ہو سکتے

ڈیرہ اللہ یار (یو این اے) ڈپٹی میر میونسپل کارپوریشن ڈیرہ اللہ یار میر رنجواز خان بہرانی نے کہا کہ نکاسی آب شہر کا اہم اور پیچیدہ مسلہ ہے، حل کیے بغیر دیگر ترقیاتی منصوبے دیرپا ثابت نہیں ہو سکتے، نکاسی آب کے لیے ایم پی اے ہادیہ نواز بلوچ کے فنڈز سے خصوصی رقم مختص کرائی ہے تا کہ شہر کا دیرینہ اور اہم مسلہ حل ہو سکے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے بہرانی ہاس ڈیرہ اللہ یار میں صحافیوں کے وفد سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر چیف زادہ عمل کھوسہ، میر محمد علی کھوسہ، بابو حبیب اللہ بہرانی، حاجی مرید خان بہرانی و دیگر بھی موجود تھے، میر رنجواز خان بہرانی نے کہا کہ تین سیلابوں اور طوفانی بارشوں نے شہر کے انفراسٹرکچر کو تباہ کر دیا، علاقہ تعلیم اور صحت کے لحاظ (باقی صفحہ 5 نمبر 17)

بلاول بھٹو زرداری اپنے نانا کے نقش قدم پر چل رہے ہیں، غلام محی الدین رند

سرکاری ملازم کی تنخواہوں میں مہنگائی کی تناسب سے اضافہ کا اعلان انقلابی اقدام ہے

پیپلز پارٹی نے ہمیشہ مزدوروں کے حقوق کی بات کی ہے پی پی پی مزدوروں کی جماعت ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی ڈپٹی جنرل سیکریٹری میر غلام محی الدین رند نے یوم مزدور کے موقع پر اپنے خطاب میں آئندہ بجٹ میں سندھ اور بلوچستان کے سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں مہنگائی کے تناسب سے اضافہ، اسٹیل مل کی خریداری اور پی آئی اے کی نجکاری کی تجویز کا خیر مقدم کیا ہے۔ اور اسے مزدور وعوام دوست اقدام قرار دیا ہے۔ اور کہا ہے۔ کہ پیپلز پارٹی مزدوروں کی جماعت ہے۔ پیپلز پارٹی نے اپنے قیام سے لیکر آج تک مزدوروں کے حقوق کی نگہبانی کی ہے۔ اور پارٹی جب بھی اقتدار میں آئی ہے۔ مزدوروں کی حالت بدلنے کیلئے اقدامات اٹھائے ہیں۔ اور قائد عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو نے پوری دنیا کو مزدوروں کی عظمت کا احساس دلایا ہے۔ انھوں نے کہا۔ کہ چیئرمین بلاول بھٹو (باقی صفحہ 5 نمبر 16)

کوئٹہ، بلوچستان لیبر فیڈریشن، آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونین اور بی ڈبلیو ایف کے زیر اہتمام یوم مئی کے موقع پر جلسہ سے حاجی رمضان اچکزئی، ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمن، خادو دیگر خطاب کر رہے ہیں

LABOR DAY
مزدور دشمن انتظامیہ
کوئٹہ، آل پاکستان لیبر فیڈریشن اینڈ پاکستان سینٹرل مائنز لیبر فیڈریشن کے زیر اہتمام یوم مزدور ڈے کے موقع پر منعقدہ تقریب میں سلطان محمد خان، پروفیسر ڈاکٹر کلیم اللہ بریچ، شاہ علی بگٹی، منظور احمد بلوچ اور دیگر اسٹیج پر بیٹھے ہیں

Daily SAHAFAT Quetta

روزنامہ صحافت کوئٹہ

پبلشر ملک نعیم خان کاکڑ نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ صحافت کوئٹہ فلیٹ نمبر 8 دبئی پلازہ منان چوک کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 081-2828822 فیکس نمبر 03337887770 اسلام آباد بیورو: آفس نمبر: 712 فرسٹ فلور کشمیر کلاتھ ہاؤس آبپارہ مارکیٹ اسلام آباد فون نمبر 051-2603196
E-Mail Address: dailysahafat.quetta@gmail.com

یوم مزدور اور مزدور

یوم مئی جسے دنیا بھر میں یوم مزدور کے طور پر بھرپور طریقے سے منایا جاتا ہے اور آج بلوچستان میں بھی بھرپور طریقے سے منایا گیا صوبے کے مختلف اضلاع اور بالخصوص صوبائی دارالحکومت میں مزدور رہنماؤں نے ریلیاں نکالیں اور جلسے جلوس کئے لیکن افسوس ناک امر یہ ہے کہ حقیقی مزدور جو دو وقت کی روٹی کمانے کیلئے کام کی تلاش میں سال بھر سردی گرمی سرگرداں نظر آتا ہے وہ آج بھی اسی تگ و دو میں رہا نہ تو کسی نے اس مزدور کو چھٹی دی نہ ہی اس کی مالی مشکلات کے حل کا کوئی راستہ نکالا جس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ ہمارے ملک میں مزدوروں کی بہتری کیلئے ہر یکم مئی کو جلسے جلوس اور تقاریب تو منعقد کی جاتی ہیں لیکن سال بھر میں ایک بھی دن اس مزدور کی بہتری کیلئے کوئی عملی کام نہیں کیا جاتا حکومتی سطح پر ہر سال مزدوروں کی بہتری کیلئے صرف دعوے کئے جاتے ہیں لیکن عمل تا حال کوئی نظر نہیں آتا جس کی واضح مثال ہمارے موجودہ محکمہ لیبر کی ہے جسے سال میں ایک مرتبہ تو مزدور یاد آ جاتے ہیں لیکن اسے کئی سال گزرنے کے باوجود یہ بھی علم نہیں کہ صوبے میں حقیقی مزدوروں کی تعداد کتنی ہے کیونکہ ہمارے ملک کی طرح صوبے میں بھی محکمہ لیبر سمیت دیگر متعلقہ ذمہ دار اور این جی اوز صرف انہیں ہی مزدور تصور کرتے ہیں جو سرکاری محکموں میں کام کر رہے ہیں لیکن ہمارے معاشرے کے حقیقی مزدور جو صبح سے شام تک محنت مزدوری کرتے ہیں اور رات کو ملنے والی مزدوری پر اپنا گزر بسر کرتے ہیں اس کے متعلق نہ تو آج تک کوئی پالیسی بنائی گئی ہے نہ ہی اس پر عملدرآمد کروایا گیا ہے ویسے تو حکومت مزدوروں کی اجرت ہر سال مقرر کرتی ہے لیکن بصد افسوس آج تک اس پر بھی کبھی پوری طرح عملدرآمد نہیں ہوا جس کی وجہ سے مزدور کی حالت زار بھی آج تک نہیں بدلی اس لئے حکومت وقت اور این جی اوز کو چاہیے کہ وہ جلسے جلوس اور تقاریب کے بجائے مزدوروں کی حالت زار بدلنے کیلئے عملی پالیسیاں بنائیں اور ان پر عملدرآمد بھی کروائیں کیونکہ اس وقت ہمارے حکمرانوں کی حالت زار یہ ہے کہ وہ مزدوروں کیلئے اعلان کردہ اجرت پر بھی عملدرآمد نہیں کروا پا رہے اور نجی کارخانوں فیکٹریوں اور روزانہ اجرت لینے والوں کو نجی کارخانہ دار سے لیکر ایک عام دکاندار بھی من پسند مزدوری ادا کرتا ہے اور حکومت کی جانب سے اس پر کوئی چیک اینڈ بیلنس نہیں جس کا نقصان صرف اور صرف غریب مزدور کو ہوتا ہے اس لئے صوبائی حکومت کو چاہیے وہ مزدوروں کی بہتری کیلئے صرف پالیسیاں بنانے اور تقاریب کے بجائے ان پالیسیوں پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات اٹھائے تاکہ مزدوروں کو حقیقی معنوں میں ریلیف مل سکے ورنہ یکم مئی کو صرف تقاریب جلسے اور جلوس کرنے سے مزدوروں کو کوئی ریلیف نہیں ملے گا۔

قرض کی پیتے تھے مے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں!!!!!

محمد اکرم چوہدری

مجھے پاکستان کا عالمی اداروں سے قرض لینے کی خبریں، یا دوست ممالک سے تعاون کی اپیلیں یا دنیا کے مختلف ممالک سے ساتھ دینے کی درخواستیں اتنی تکلیف پہنچاتی ہیں کہ دن کا ستیاناس ہو جاتا ہے۔ مطلب ہم اس حد تک بےحس ہو گئے ہیں کہ قرض ملنے پر مبارکبادیں وصول کرتے ہیں، قوم کو خوشخبری سناتے ہیں، ایک دوسرے کے گلے لگتے ہیں۔ مطلب کچھ تو خدا کا خوف کرو یار، حکمرانوں کو کیا ہو گیا ہے۔ اقتدار میں انے کی خواہش رکھنے والا ہر شخص انے سے پہلے بلند و بانگ دعوے کرتا ہے لیکن حکومت سنبھالنے کے بعد گھٹنے ٹیک دیتا ہے۔ ان دنوں بھی ہم شدید معاشی بحران کا شکار ہیں، قرض پر چل رہے ہیں۔ جب یہ خبریں سنتا، دیکھتا اور پڑھتا ہوں تو شدید تکلیف ہوتی ہے کہ اخر ہمارے کب حالات بہتر ہوں گے اور ہم کب مشکلات سے نکلیں گے، کون تعین کرے گا کہ " نو مور قرض " کون یہ سوچ پیدا کرے گا، کون اس سوچ کو پھیلانے کے لیے کام کرے گا، کون اس معاشی غلامی سے نکالنے کے لیے کام کرے گا، کون ہے جو مافیا سے دشمنی لے گا۔ مطلب ہمیں یہ سوچ کون دے کہ ہم لگ بھگ پچیس کروڑ لوگوں کا ملک ہیں، دنیا کیا سوچتی ہو گی کہ ہم کہاں کھڑے ہیں، ہماری حالت کیا ہے، ہم کہاں کھڑے ہیں، کون ہم کب تک لوگوں سے قرض مانگتے رہیں گے، ہم کب تک یہ تکلیف برداشت کریں گے، بچے بڑے ہو رہے ہیں، نوجوان نسل کس طرح سر اٹھا کر چل سکتی ہے۔ لگ بھگ پچیس کروڑ لوگ مقروض ہیں۔ ملکی اخراجات اور امدن میں کوئی توازن نہیں ہے، یہ تباہی کسی اور کی وجہ سے نہیں ہے۔ اس کی ذمہ داری حکومتوں پر ہی عائد ہوتی ہے۔ کیوں اخراجات میں اضافہ کیا جاتا رہا، کیوں وسائل میں اضافہ نہیں کیا گیا، کیوں امدن و اخراجات میں توازن کے لیے بہتر حکمت عملی اختیار نہیں کی گئی، کیا اس بدانتظامی کو صرف اتفاق کہا جا سکتا ہے، یقیناً نہیں یہ مجرمانہ غفلت ہے۔ بالخصوص گزشتہ بیس پچیس برس میں ملک پر حکومت کرنے والے ہر شخص سے یہ پوچھنا چاہیے کہ کیا اپ اپنے گھر کے مالی معاملات کو بھی اس غفلت کے ساتھ دیکھتے ہیں، کیا کوئی بھی باشعور اپنے گھر کے امدن و اخراجات میں توازن کو نظر انداز کرتا ہے یقیناً نہیں پھر کیوں ملکی سطح پر یہ تباہ کن فیصلے کیے گئے ہیں۔ کیوں قرضے لے لے کر کام چلایا جاتا رہا اور کیوں معاشی اصلاحات کے بجائے انکھیں بند کر کے قرضوں کے پیچھے لگے رہے۔ اج بھی قرضوں کا حصول سب سے اولین ترجیح ہے۔ کیا یہ ممکن ہے کہ حکومت طے کر لے کہ کسی ٹیکس چور کو نہیں چھوڑا جائے گا، ٹیکس ادا نہ کرنے والے کسی بھی شخص سے کوئی رعایت نہیں ہو گی، ٹیکس کی رقم سے افسران کو مراعات نہیں دی جائیں گی، سینیٹ، قومی اسمبلی و صوبائی اسمبلیوں کے اجلاسوں کا ایجنڈا جاری ہونے کے بعد اگر وہاں صرف بیانات اور لڑائیاں جھگڑے ہوں تو اجلاس پر انے والے اخراجات اراکین کے اکاونٹ سے کاٹے جائیں، قومی و صوبائی اسمبلی کے اجلاسوں سے غیر حاضر رہنے والوں کو بھی جرمانے کیے جائیں، سرکاری افسران کو ملنے والی مراعات پر نظرثانی کی جائے۔ کیا مقروض ملک کے افسران کو زیب دیتا ہے کہ وہ ہزاروں ارب خسارے میں رہنے والے ملک میں فضول خرچیاں کرتے پھریں۔ دیکھیں کیا حالت ہے ملک کے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کہتے ہیں کہ " قرض لینا کامیابی نہیں، کامیابی اس دن ہو گی جس دن قرض سے نجات پائیں گے، درست سمت میں تسلسل سے محنت جاری رہی تو معاشی خوشحالی کا دور جلد ائے گا۔" جناب میاں صاحب عرض ہے کہ قرض سے نجات اگر صرف بیانات سے ممکن ہوتی تو گزشتہ دور حکومت میں پاکستان نا صرف قرضوں کے بوجھ سے نکل چکا ہوتا بلکہ عین ممکن تھا کہ ساری دنیا پاکستان کی مقروض ہوتی کیونکہ جتنے بیانات گزشتہ حکومت نے جاری کیے اس کی تو مثال نہیں ملتی اب تو اپ وزیراعظم ہیں سو اپ سے درخواست ہے کہ اس قسم کے بیانات نہیں بلکہ عملی اقدامات کی طرف بڑھیں۔

پاکستان پھر کسی لیڈر کی تلاش میں

ڈاکٹر طاہر محمود بھلر

آج کا ہر پاکستانی اس سوچ میں مجھے تو غلطاں یا ناطقہ سربگریباں نظر آ رہا ہے کہ کاش پاکستان کو اچھی اور تجربہ کار جسے عرف عام میں ،،کایاں،، لیڈرشپ کہتے ہیں کبھی میسر ہو گی جو پاکستان کو اس کی کشتی کو ہمیشہ کی طرح منجدھار سے نکال سکے جو بقول مغربی دوستوں کے نزدیک نہ تو عمران خان کی طرح انا پرستی اور بے لچک سیاست اور نہ بھٹو کی طرح ضرورت سے زیادہ چالاکی ہوشیاری کا مظاہرہ کرے جس کو امریکا نے اپنی توہین جانا اور ذوالفقار علی بھٹو کو اپنی سپر پاور کے زعم اور نشے میں تختہ دار تک پہنچا کر ہی دم لیا۔ جان ایف کینیڈی ساٹھ کی دہائی میں امریکا کے نوجوان صدر بنے۔ ان کے بقول جب انہیں انڈین وزیراعظم پنڈت جواہر لال سے مذاکرات کا موقع ملا تو انہوں نے پنڈت نہرو کو دھیمے مزاج کا ایک رہنما محسوس کیا لیکن بعدازاں جب انہیں کشمیر پر رائے شماری پر عمل کرنے کا کہا جاتا تو وہ طرح دے کر نکل جاتے اور اپنے موقف پر پتھر کی طرح اڑ جاتے۔ وہ غیر وابستہ تحریک کے چینی رہنما چو این لائی، سوئیکارنو، مصری صدر ناصر کے ساتھ بھی رہے لیکن امریکا کے ساتھ انہوں نے ہمیشہ مدبرانہ دوستی کا کامیاب رشتہ رکھا۔ ایسے ہی ایک مثال جناب عصمت انونو کی یاد آتی ہے جب لاکھ کوشش کی برطانیہ کے دوسری جنگ کے ہیرو چرچل نے کہ ترکی جرمنی کے خلاف اس کو اڈے یا اس کی سفارتی محاذ پر حمایت ہی کرے، لیکن ترکی کے عصمت انونو نے دوسری جنگ عظیم میں پانچ سال تک کسی بلاک کی ذرہ بھر حمایت نہ کر کے ترکی کو دوسری جنگ عظیم کے منجدھار میں بچا کر لے گئے اور بڑے ملکوں جن کو ہاتھی کہنا مناسب ہو گا کی لڑائی سے بچا لیا۔ شائد انونو کو اتاترک کی نصیحت اور سلطنت عثمانیہ کی ہزیمت یاد تھی یاد تھی کہ باسفورس کی بندرگاہ کسی متحارب ملک یا بلاک کو استعمال نہ کرنے نہ دینا، اگر استعمال کرنے دی تو مخالف فریق دشمنی میں آپ کو معاف نہیں کرے گا لیکن پاکستان کے ساتھ ہمیشہ یہ بدقسمتی رہی ہے کہ ہمارے اکثر حکمران امریکی اثر و نفوذ کے آگے ڈھیر ہوتے گئے۔ ایسی ہی ایک مثال جنرل ضیا صاحب کی بھی ہے۔ جنرل ضیا بھی اپنے پیشرو جرنیلوں یحییٰ خان، ایوب خان کی طرح آسانی سے امریکی اثر کے آگے ڈھیر ہو گئے، وہ اس میں اپنے اقتدار کو گیارہ سال تک محیط کر گئے لیکن امریکا کے سامنے اپنی کم ہمتی اور افغانستان کی جنگ میں امریکا کو انکار نہ کر سکنا اور اقتدار کا لالچ انہیں اور پاکستان کو ایک ایسی جنگ میں جھونک گیا جس کا خمیازہ ابھی تک روزانہ کی شہادتوں میں قوم آج بھی کفارہ ادا کر رہی ہے۔ جنرل ضیا کا یہ بیان رکارڈ پر ہے جب جونیجو کی حکومت نے افغانستان کی امریکی مسلط کردہ جنگ میں وہ بھی امریکا ہی کے کہنے پر افغانستان کی جنگ میں مذاکرات کر کے روس کو ،، فیس سیونگ ،، دینے کی کوشش کی، کہ اب گورباچوف افغانستان کے جنگ میں ملوث ہونے کی وجہ سے اپنی معیشت پر زیادہ بوجھ برداشت کرنے اس لئے بھی قابل نہ تھا کہ اس کی عالمی ذمہ داریاں اور امریکا کا ریگن کے دور میں ،،سٹریٹجک اینیشو،، جس میں امریکا ایٹمی شیلڈ بنانے میں کامیاب ہو چکا تھا۔ یاد رہے اس میں امیرا نے اس میں اربوں ڈالر جھونک ڈالے تھے تاکہ روس کو مجبور کیا جا سکے وہ اپنی سپر پاور کے کردار سے ہٹ جائے۔ اور اس میں امریکا اپنی کامیاب معیشت، ٹیکنالوجی کی ترقی اور کھلی عوامی جمہوریت اور پرکشش سرمایہ دارانہ مارکیٹ کے طفیل کامیابی سے ہمکنار ہوا۔ آپ کو یہ بھی یاد ہو گا کہ افغانستان کی جنگ کے اختتامی دنوں میں جنرل ضیا کو یہ کہنا پڑ گیا کہ کاش ہم افغانستان کی جنگ میں شامل نہ ہوتے، یہ تو کولوں کی دلالی میں منہ کالا کرنے والی بات ہے۔ اسی جنگ افغانستان میں انیس سو چھتر میں کسنجر خصوصی طور پر پاکستان آئے اور بھٹو کو افغانستان میں امریکی مداخلت میں مدد کے لئے کئی گھنٹے مذاکرات کرتے رہے لیکن وزارت خارجہ کی دستاویزات میں واضح ہے کہ ذوالفقار علی بھٹو نے کمال جرات سے نہ صرف اس نئی افغان جنگ میں شامل ہونے سے انکار کر دیا بلکہ اگلے ہی دن ایران کا دورہ رکھ لیا اور شہنشاہ ایران کو بھی اس بات پر قائل کر لیا کہ ایران بھی اس سلسلہ میں امریکی جنگ کا حصہ نہ بنے۔ افغان جنگ میں انکار کرنا بھٹو کو اقتدار سے محروم کرنے کی ایک بڑی وجہ بنی تھی۔ کبھی بھٹو نے اس ڈوبتی ہوئی قوم کی نیہ کو پار لگانے کی کوشش اگر کی تو خود ہی جان کی بازی ہار گئے۔ ایسا گمان ہوا جیسے ذوالفقار علی بھٹو نے کچھ ایسے گہرے پانیوں میں پاکستان کی کشتی کو جا پہنچایا کہ وہ خود اور پاکستان دونوں ہی اس گہرے پانیوں کے سمندر میں دوسری بڑی سپر طاقتوں جو سیاست کے اس وسیع سمندر میں ویل جیسی مچھلیوں کی حیثیت رکھتی ہیں کیلئے خطرے کا باعث بنتے ہوئے نظر آنے لگے۔ کجا مشرقی پاکستان جو پاکستان کی آبادی کا چھ کروڑ سے زیادہ والا اکثریتی صوبہ تھا کی علیحدگی ہونے کے بعد مغرب پاکستان کو بھی اکہتر میں ایشیا کا مرد بیمار سمجھنے لگا تھا لیکن جب اسی مرد بیمار سے ایٹمی طاقت بننے کے خطرات مغرب کو محسوس ہوئے تو انہوں نے اسی پاکستان پر ریڈ لائن لگا کر اسکو سزا دینے کا فیصلہ کر لیا تھا جو بھٹو کی پھانسی سے شروع ہو کر، افغانستان میں ہمیں جنرل ضیا کے دور میں دھکا کر شامل کرا کے آج تک دہشت گردی کی جنگ کی صورت میں ہمیں درپیش ہے۔ جاری ہے۔

ان کے بقول جب انہیں انڈین وزیراعظم پنڈت جواہر لال سے مذاکرات کا موقع ملا تو انہوں نے پنڈت نہرو کو دھیمے مزاج کا ایک رہنما محسوس کیا لیکن بعد ازاں جب انہیں کشمیر پر رائے شماری پر عمل کرنے کا کہا جاتا تو وہ طرح دے کر نکل جاتے اور اپنے موقف پر پتھر کی طرح اڑ جاتے۔ وہ غیر وابستہ تحریک کے چینی رہنما چو این لائی، سوئیکارنو، مصری صدر ناصر کے ساتھ بھی رہے لیکن امریکا کے ساتھ انہوں نے ہمیشہ مدبرانہ دوستی کا کامیاب رشتہ رکھا۔ ایسے ہی ایک مثال جناب عصمت انونو کی یاد آتی ہے جب لاکھ کوشش کی برطانیہ کے دوسری جنگ کے ہیرو چرچل نے کہ ترکی جرمنی کے خلاف اس کو اڈے یا اس کی سفارتی محاذ پر حمایت ہی کرے، لیکن ترکی کے عصمت انونو نے دوسری جنگ عظیم میں پانچ سال تک کسی بلاک کی ذرہ بھر حمایت نہ کر کے ترکی کو دوسری جنگ عظیم کے منجدھار میں بچا کر لے گئے

شعبہ تعلیم میں بڑھتی گراوٹ

محمد حمزہ عزیز

چند دن پہلے، میرے ایک دوست یونیورسٹی میں اپنی پروفیسر سے ریسرچ کے حوالے سے کچھ سوال پوچھ رہے تھے۔ ابھی اس سنجیدہ گفتگو کو شروع ہوئے صرف پانچ منٹ ہی ہوئے تھے کہ عمارت کی پہلی منزل سے چھ سات طلبہ کی اونچی آواز میں گانا گانے کی مشق نے موضوع سے ہٹا دیا۔ صبر کیا لیکن گانے رکنے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا۔ میرے دوست نے اپنی پروفیسر سے سوال کیا کہ ''کیا یہ ہے پاکستان کا مستقبل؟''۔ پروفیسر نے انہیں جواب دیا کہ ''یہ تلخ حقیقت ہے کہ اب پاکستان میں تعلیم اس کے لیے نہیں جو پڑھنا چاہتا ہے، بلکہ اس کے لیے ہے جو پڑھائی کے اخراجات کی استطاعت رکھتا ہے۔'' دنیا میں کسی بھی معاشرے میں خواندگی کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ پڑھے لکھے افراد معاشرے کی ترقی و خوشحالی کے ضامن ہوتے ہیں اور یہی لوگ معاشرے میں بہترین انتظامات اور مسائل کا حل پیش کر سکتے ہیں، اور ایک ناخواندہ معاشرہ کسی جنگل کی طرح ہوتا ہے جہاں کوئی قانون نہیں ہوتا، بلکہ جس کی لاٹھی اس کی بھینس والا سسٹم ہوتا ہے۔ تعلیم انسان میں شعور پیدا کرتی ہے۔ دنیا کے جتنے بھی بڑے لیڈر گزرے ہیں سب نے تعلیم پر بہت زور دیا ہے۔ کسی بھی معاشرے کی ترقی کا راز تعلیم میں پوشیدہ ہے، تعلیم سے صرف ایک فرد کی شخصیت نکھرنے کے علاوہ معاشرے پر بھی مثبت اثرات پڑتے ہیں۔ یہ سچ ہے کہ تعلیم ایک ایسا طاقتور ہتھیار ہوتا ہے جس کے ذریعے آپ دنیا بدل سکتے ہیں لیکن اس امر کے لیے تعلیمی نظام کا عمدہ ہونا بھی ضروری ہے مگر بدقسمتی سے ہمارا موجودہ نظام تعلیم مسائل میں اضافے کا باعث بن رہا ہے۔ پاکستان میں تعلیم ایک کاروبار بن گیا ہے۔ یہاں دو طرح کے تعلیمی نظام نظر آتے ہیں ایک اردو میڈیم اور دوسرا انگریزی میڈیم۔ اردو میڈیم سرکاری اور محلے کے چھوٹے سکولوں کے لیے ہے۔ یہاں اردو مضامین کو اہمیت دی جاتی ہے۔ یہاں پڑھنے والے طلباء کے لئے انگریزی زبان ہمیشہ ایک ڈراونا خواب بن کر رہتی ہے۔ اگر انگریزی میڈیم والے سکولوں کی بات کریں تو ان کی فیسیں بہت زیادہ ہوتی ہیں، ان سکولوں میں صرف انگریزی زبان کی تعلیم پر ہی توجہ دی جاتی ہے۔ ان سکولوں میں اسلامیات اور اردو جیسے مضامین کو زیادہ اہمیت نہیں دی جاتی، نظام تعلیم بہتر نہ ہونے کی ایک بنیادی وجہ ہے فیسوں میں بلاوجہ کا اضافہ ہے۔ اس کی وجہ سے طلباء معیاری تعلیم حاصل نہیں کر پاتے اور اردو میڈیم والے بچے ہمیشہ احساس کمتری کا شکار رہتے ہیں۔ موجودہ نظام تعلیم کی ایک اور بڑی خرابی جو بہت سال سے چلی آ رہی ہے کہ طلباء کی ذہنی نشوونما کی بجائے زیادہ نمبر حاصل کرنے پر ہی زور دیا جاتا ہے۔ آج بھی ہمارے ملک میں زیادہ نمبر حاصل کرنے والے کو ہی ذہین سمجھا جاتا ہے اور باقی بچوں کو معمولی تصور کیا جاتا ہے۔ حالانکہ یہ سب محض رٹا سسٹم سے بھی ممکن ہے۔ ہمارے نظام میں پریکٹیکل کام کی کوئی اہمیت نہیں۔ طلباء کو ایک مخصوص نصاب کے ساتھ باندھ دیا گیا ہے۔ دوسرے ممالک میں کوکنگ کالجز، ہیر ڈریسنگ کالجز اور اس طرح دوسرے تعلیمی ادارے جہاں پریکٹیکل کاموں پر توجہ دی جاتی ہیں بہت کامیاب ہیں اور وہاں ہر شخص اپنے کام میں فخر محسوس کرتا ہے۔ ہائیر ایجوکیشن کے بعد طلباء کی رہنمائی کا بھی کوئی سسٹم موجود نہیں کہ کس طالب علم کے لئے کون سی فیلڈ زیادہ بہتر ہے، اس طرح ٹیلنٹ بھی سامنے نہیں آ سکتا۔ آپ خود ہی سوچیں کہ اگر بابر اعظم کے والدان کے ٹیلنٹ پر یقین کرنے کی بجائے انہیں بھی کتابوں کے پیچھے لگائے رکھتے تو آج پاکستان کو اتنا زبردست بلے باز نہ ملتا۔ زیادہ تر طلباء کو پتہ ہی نہیں ہوتا کہ انہوں نے تعلیم مکمل کرنے کے بعد کیا کرنا ہے۔ نوکریوں کی تلاش میں پھرتے طلباء بے روزگاری سے پریشان ہیں۔ 80 فیصد طلبہ ڈپریشن کا شکار ہو جاتے ہیں۔ حکومت کی طرف سے بھی کسی قسم کی سنجیدگی دکھائی نہیں دیتی کہ طلباء اور تعلیمی نظام کے اندر کن اصلاحات کی ضرورت ہے۔ دنیا کے دیگر ممالک کی طرح وطن عزیز پاکستان میں بھی تعلیم کی ترقی کے بلند و بانگ نعرے لگائے جاتے ہیں۔ سکالرشپس اور وظائف کے اجراء کے لئے کروڑوں کے فنڈز مختص کئے جاتے ہیں۔ مگر آخر میں جب تحقیق ہوتی ہے تو پتہ چلتا ہے کہ وفاقی سطح سے یونین کونسل سطح تک کے افسروں کی ملی بھگت سے وہ فنڈز ان کے ذاتی اکاونٹس میں منتقل ہو چکے ہیں۔ میرے ایک دوست نے بلوچستان میں کتابیں چھاپنے کا حکومت کی طرف سے ٹنڈر اٹھایا تھا اور انہوں نے مجھے بتایا کہ وہاں اتنی زیادہ کرپشن ہے کہ ایجوکیشن بورڈ کے چند افسروں کی وجہ سے تقریباً 250 سے 300 سرکاری سکولوں میں کتابیں نہیں پہنچ پاتی، کیونکہ وہ پیسے افسروں نے اپنے لیے غائب کر لیتے ہیں۔ صاحب استطاعت طبقہ سرکاری نظام تعلیم کی بجائے پرائیویٹ نظام تعلیم کی طرف جانا زیادہ پسند کرتا ہے۔ تجربے کی بنا پر بات کرتا ہوں کہ زیادہ تر پرائیویٹ ادارے پڑھے لکھے جاہل بنا رہے ہیں۔ تعلیم کو پیچھے چھوڑ کر دوسری کاموں میں بچوں کو مصروف کر دیا ہے، بچے اب یونیورسٹیوں میں یہ دیکھ کر داخلہ نہیں لیتے کہ تعلیم کا معیار کیسا ہے، بلکہ یہ دیکھتے ہیں کہ یہاں ہر سال فنکشنز کتنے ہوتے ہیں اور سوسائٹی کتنی ہیں۔ پڑھائی سے زیادہ یونیورسٹیاں موج میلے کی جگہ بن چکی ہے۔ نہ کوئی پراپر ڈریس کوڈ ہوتا ہے اور نہ ہی کوئی ادب و آداب، لبرل ایجوکیشن کے نام پر گندگی اور فحاشی پھیلاتے ہیں لیکن یونیورسٹی کبھی کسی کو کچھ نہیں کہتی کیونکہ ان کا کاروبار تو دن دگنی رات چوگنی ترقی کر رہا ہوتا ہے اور اگر انہوں نے اس لبرل نظام پر روک تھام کی تو ان کا کاروبار ٹھپ ہو جائے گا۔ پھر وہاں پر کچھ بچے باغی بن جاتے ہیں، کچھ بیچ میں ڈگری چھوڑ دیتے ہیں اور جو چار سال کے بعد فارغ ہوتے ہیں پھر وہ حکومت کو گالیاں دیتے ہیں کہ ملک میں نوکری کرنے کے مواقع نہیں ہیں۔ پاکستان کے معاملے میں روز اول سے تعلیمی نظام میں بے شمار نقائص رہے ہیں۔ ہمیں دنیا کے ساتھ چلنے اور اپنے نظام تعلیم کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ دوسری اہم تجویز تعلیمی بجٹ میں اضافے کی ہے۔

محلاتی سازشوں کی "ملامت"

نصرت جاوید

پیر کی شام ایک طویل وقفے کے بعد جمعیت العلمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے قومی اسمبلی کے اجلاس میں اپنے ذہن پر چھائے خیالات سے عوام کو آگاہ کیا۔ اندھی نفرت و عقیدت سے مغلوب اذہان گھمبیر ترین مسائل کے ایک سطری حل ڈھونڈنے کے خواہاں ہوتے ہیں۔ ایسے لوگ مولانا کے خطاب سے محض ایک نکتہ اخذ کریں گے اور وہ یہ کہ شہباز حکومت کو عوامی تائید حاصل نہیں۔ مولانا فضل الرحمٰن کی نگاہ میں موجودہ وزیر اعظم ایک ایسے ایوان یعنی قومی اسمبلی کے قائد ہیں جس کے اراکین صاف شفاف انتخاب کے ذریعے منتخب نہیں ہوئے۔ وہاں بیٹھے افراد نے بقول مولانا ''نشستیں خریدی ہیں''۔ حقیقت یہ بھی ہے کہ مبینہ طور پر ''خریدی'' نشستوں کی اکثریت تحریک انصاف کے حمایت کنندگان کے پاس ہے۔ مولانا کی اس کے باوجود یہ خواہش تھی کہ شہباز شریف وزارت عظمیٰ کا عہدہ چھوڑ کر تحریک انصاف کو حکومت بنانے کا موقع دیں۔ جس ''موقع'' کا مولانا صاحب شہباز صاحب سے تقاضہ کر رہے تھے وہ پیپلز پارٹی نے نہایت ہوشیاری سے 8 فروری کے انتخابات کے فوری بعد مہیا کر دیا تھا۔ بیک ڈور رابطوں کی مجھے خبر نہیں۔ بلاول بھٹو زرداری لیکن متعدد بیانات کے ذریعے یہ تاثر اجاگر کرتے رہے کہ اگر واحد اکثریتی جماعت کی حیثیت میں ابھرے تحریک انصاف کے حمایت یافتہ افراد نے حکومت سازی کی کوشش کی تو وہ اس کا خیر مقدم کریں گے۔ فرض کیا ایسے ہو جاتا تو شاید پیپلز پارٹی اسی انداز میں تحریک انصاف کی حمایت بھی کر سکتی تھی جس انداز میں یہ جماعت ان دنوں مسلم لیگ (نون) کا ساتھ دے رہی ہے۔ تحریک انصاف کے حمایت یافتہ افراد مصر رہے کہ پہلے ان کی ''چرائی'' نشستیں لوٹائی جائیں تاکہ وہ تن تنہا حکومت بنائیں۔ ''چرائی'' نشستوں کو فوری طور پر تحریک انصاف کے حوالے کرنے کا لیکن کوئی طریقہ آئین اور قانون کی کتابوں سے دریافت نہ ہو سکا۔ مسلم لیگ (نون) یوں تحریک انصاف کے کنفیوژن اور غیر لچکدار رویے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پیپلز پارٹی کی حمایت سے وفاقی حکومت بنانے میں کامیاب ہو گئی۔ اسے ہٹانے کا واحد طریقہ اب شہباز شریف کے خلاف تحریک عدم اعتماد پیش کر کے اسے کامیاب بنانا ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن مگر اس جانب بڑھتے سنائی نہ دئے۔ شہباز شریف اور بلاول بھٹو زرداری کو مشورہ دیتے رہے کہ وہ از خود حکومت اور اس کی حمایت سے دستبردار ہو کر تحریک انصاف کو حکومت سنبھالنے کو مائل کریں۔ مولانا فضل الرحمٰن جیسے زیرک اور انتہائی تجربہ کار سیاستدان سے مجھے ایسی ''سادگی'' کی ہرگز توقع نہیں تھی۔ ان کا یہ دعویٰ اگرچہ جھٹلانا ناممکن ہے کہ ہمارے ہاں گزشتہ کئی دہائیوں سے جمہوری نظام کے نام پر درحقیقت محلاتی سازشوں کے ذریعے حکومتی ڈھانچے بنائے اور اکھاڑے جاتے ہیں۔ اس حقیقت کو تسلیم کرتے ہوئے بات آگے بڑھائیں تو 2022ء کا آغاز ہوتے ہی عمران حکومت کے خلاف بھی مولانا فضل الرحمٰن کی بیان کردہ محلاتی سازشوں کی بدولت تحریک عدم اعتماد کی گیم لگی تھی۔ مولانا اس گیم کو کامیاب بنانے میں پیش پیش تھے۔ وہ کامیاب ہو گئی تو نئے حکومتی بندوبست میں مولانا کی جماعت نے اپنے جثے سے زیادہ حصہ بھی وصول کیا۔ حالیہ تاریخ کی ایک گہری محلاتی سازش کا کلیدی کردار ہوتے ہوئے مولانا فضل الرحمٰن کی زبان سے ایسی سازشوں کی مذمت میرے جھکی ذہن کو لہٰذا دوغلا پن سنائی دی۔ سازشیں محلاتی ہوں یا غیر محلاتی، جمہوری نظام کے نام پر لگائے تماشوں کا اہم ترین حصہ ہیں۔ ان کے بغیر ،،محفل جمہوریت'' سجتی ہی نہیں ہے۔ حقیقت مگر یہ بھی ہے کہ عوام کی حمایت سے مالا مال حکومتوں یا سیاسی جماعتوں کو محلاتی یا دیگر سازشیں کمزور کرنے میں ہمیشہ ناکام رہتی ہیں۔ سوال اٹھتا ہے کہ تحریک انصاف سمیت وطن عزیز کی کونسی جماعت نے کب یہ فیصلہ کیا کہ وہ ''ان'' کی سرپرستی اور حمایت کے بغیر فقط عوام کی حمایت سے حکومت میں انا چاہے گی۔ 1985ء کے برس سے ملکی سیاست کا متحرک شاہد ہوتے ہوئے میں نے کسی ایک سیاسی جماعت کو اس رویے پر کاربند ہوتے نہیں دیکھا۔ اپریل 2022 میں جس حکومت کو ''محلاتی سازش'' کے ذریعے ہٹایا گیا تھا بذات خود 2014 کے برس سے ہلکی آنچ پر رکھی ''سازش'' کی بدولت ہی 2018ء کے ''انتخاب'' کے ذریعے برسراقتدار ائی تھی اور اپنے زوال تک ''ان'' کے ساتھ ''سیم پیج'' پر ہونے کی بابت بہت نازاں رہی۔ ہماری سیاسی جماعتوں کا حتمی ہدف ''سیم پیج'' پر شراکت داری ہے۔ جسے نصیب ہو جائے وہ کچھ عرصے تک اتراتے پھرتا ہے۔ اس سے محرومی ''حقیقی ازادی'' کی تڑپ بیدار کر دیتی ہے۔

یکم مئی ''ہیں تلخ بہت بندہ مزدور کے اوقات''

شیخ وامق

لیبر ڈے کے تقاضے اور مزدوروں کے حقوق پوری دنیا کی طرح پاکستان میں بھی اج مزدوروں کا عالمی دن منایا جا رہا ہے جس کا بنیادی مقصد انیسویں صدی کے اواخر میں شکاگو میں مزدوروں کے حقوق کے لیے اواز بلند کرنے کی پاداش میں خون میں نہلا دیے گئے افراد کی یاد تازہ کرنے کے ساتھ معاشرے میں محنت کش طبقے کی اہمیت و افادیت کو اجاگر کرنا بھی ہے_ ماضی میں منائے گئے مزدوروں کے عالمی دنوں کی طرح اج بھی نہ صرف مختلف شہروں میں ریلیاں نکالی جائیں گی اور واکس کا اہتمام بھی کیا جائے گا بلکہ جلسوں اور اجلاسوں کا انعقاد بھی عمل میں لایا جائے گا اور پھر پورے ایک سال کے لیے خاموشی چھا جائے گی یوں محسوس ہو گا جیسے اس ملک اور وسیع تر تناظر میں بات کی جائے تو اس دنیا میں مزدور نام کا کوئی طبقہ کوئی نفس موجود ہی نہیں ہے_ اس ٹھوس حقیقت سے کوئی انکار کر سکتا ہے کہ ہمارے معاشرے میں سب سے زیادہ جسمانی محنت مزدور کرتا ہے اس کے باوجود سب سے کم معاوضہ انہی کو ملتا ہے جس کے باعث وہ کسمپرسی کی حالت میں زندگی بسر کرنے پر مجبور ہوتے ہیں_ مزدوروں کے حالات کا اندازہ اس امر سے لگایا جا سکتا ہے کہ ہماری حکومت نے کم از کم تنخواہ کی جو حد مقرر کر رکھی ہے مزدور طبقے کا ایک بڑا حصہ اس سے بھی محروم ہے_ مہنگائی اس تیزی سے بڑھ رہی ہے کہ متوسط اور متمول طبقات کے لیے بھی اپنے مہینے بھر کے اخراجات پورے کرنا ممکن نہیں رہا اور لوگوں کو اپنی ایک ضرورت پوری کرنے کے لیے اپنی کسی دوسری ضرورت گلا گھونٹنا پڑ رہا ہے_ یومیہ اجرت پر کام کرنے والے مزدور کے حالات اس سے بھی بدتر ہیں کیونکہ انہیں کبھی کام ملتا ہے اور کبھی پورا دن کہیں سبب نہیں بنتا اور انہیں خالی ہاتھ گھر واپس جانا پڑتا ہے_ ان دیہاڑی دار مزدوروں کو جس روز کام نہیں ملتا اس روز ان کے گھروں پر فاقے ہوتے ہیں کیونکہ چولہا جلانے اور کچھ پکا کر کھانے کے لیے ان کے پاس کچھ نہیں ہوتا_ ریاست نے عام ادمی کے لیے سہولتوں سے ہاتھ کھینچ لیا ہے_ غریب مزدور بچوں کے لیے تعلیم کا حصول ممکن نہیں وہ علاج بھی اپنی جیب سے کرانے پر مجبور ہے_ اس وقت گلی محلوں میں جو کلینک کام کر رہے ہیں وہاں بیٹھا فزیشن نزلہ زکام اور بخار کے مریض سے 100 روپے سے کم فیس نہیں لے رہا سوال یہ ہے کہ جو مزدور پورا دن کام کر کے تین یا چار روپے کماتا ہے وہ ایک سو روپیہ دے کر اپنا علاج کرائے گا یا اپنے گھر والوں کے لیے اٹا دال خریدے گا کہنے کو ہمارے ہاں تعلیم مفت ہے اور بچوں کو کتابیں بھی حکومت جانب سے مفت فراہم کی جا رہی ہیں لیکن بچوں کی کاپیوں اور یونیفارم پر جو اخراجات اٹھتے ہیں ایا کوئی محدود امدنی والا عام مزدور یہ بوجھ اٹھانے کے قابل ہے رہی سہی کسر توانائی کے بحران نے پوری کر دی ہے_ بجلی چلی جائے تو سب سے زیادہ متاثر یہی مزدور طبقہ ہوتا ہے جو دیہاڑی پر کام کرتا ہے یا جس نے کسی فیکٹری کارخانے میں بھی اتنا ہی معاوضہ پانا ہے جتنا اس نے کام کیا ہو گا_ لوڈشیڈنگ بڑھ جائے تو اس کا اثر بھی عام مزدور پر سب سے زیادہ ہوتا ہے کہ فیکٹری کا مالک اپنا یونٹ بند کر دیتا ہے اور مزدور بے روزگار ہو جاتا ہے_ کہیں ادارے ایسے ہوں گے جہاں لیبر قوانین کا خیال نہیں رکھا جا رہا لیکن کوئی ان پر توجہ نہیں دیتا_ ان حالات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ مزدوروں کے ساتھ یکجہتی کو محض ایک دن منانے تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ مہنگائی کے ہاتھوں تنگ اور مالی لحاظ سے کمزور ان لوگوں کے مفادات کے تحفظ کے لیے ٹھوس اقدامات عمل میں لائے جائیں جس کا بہترین طریقہ یہی ہو سکتا ہے کہ مزدوروں کے حقوق کی پاسداری یقینی بنانے کے لیے نہ صرف اعلیٰ قوانین بنائے جائیں بلکہ ان پر عمل درامد بھی کیا جائے_ قوانین بنائے جاتے رہیں اور ان پر عمل درامد نہ کرایا جائے تو ایسے قوانین کا کوئی فائدہ نہیں ہوتا_ اس کے ساتھ ساتھ مزدوروں کو بھی اپنے حقوق کے حصول کی جدوجہد ترک نہیں کرنی چاہیے کیونکہ یہ بالکل واضح ہے کہ جب تک وہ خود اپنے حقوق کے لیے اواز بلند نہیں کریں گے کوئی ان کو ان کا حقوق دینے کو تیار نہیں ہو گا چنانچہ اج کے دن کا تقاضہ ہے کہ مزدور طبقہ اپنے حقوق کے لیے خود بھی تگ و دو کا اغاز کرے_

گھڑی برائے نمائش

عبداللہ طارق سہیل

اب تو عوام میں گھڑی پہننے کا رواج بہت ہی کم ہو گیا کہ موبائل فون وقت دکھا دیتا ہے لیکن خواص (ایلیٹ کلاس) میں گھڑی کا اب بھی رواج بلکہ جنون ہے۔ یہ لوگ دو طرح کی گھڑیاں پہنتے ہیں۔ خواص کے غریب غربا چالیس پچاس لاکھ کی گھڑی اور مافوق الغریب غربا کروڑوں کی گھڑی پہنتے ہیں۔ وقت دیکھنا ان کا مسئلہ ہی نہیں ہے، یہ گھڑی وقعت دکھانے کیلئے پہنی جاتی ہے۔ یعنی طبقہ خواص میں بھی امیر غریب کی تفریق موجود ہے۔ ''غریب'' اپنی پچاس ساٹھ لاکھ کی گھڑی دیکھ کر ٹھنڈی اوبھرتے اور ''امرا'' کی کروڑوں والی گھڑی دیکھ کر منہ چھپاتے ہیں۔ خیر، عوام کی حد تک وہ دور گزر گیا جب ہر ایک کی کلائی پر گھڑی ہوتی تھی۔ بہت مہنگی گھڑی تین چار سو یا حد سات سو روپے کی ا جاتی تھی، غریبوں کیلئے ''کیمی'' کمپنی نے ایک گھڑی متعارف کرائی تھی جو پچیس تیس روپے کی اجاتی تھی لیکن کچھ غریب ایسے تھے جو یہ پچیس روپے والی گھڑی بھی نہیں خرید سکتے تھے۔ ایک دیہاتی کا بیٹا دبئی چلا گیا اور پہلی تنخواہ پر باپ کو کچھ روپے بھیجے اور ساتھ ہی ایک گھڑی بھی۔ دلکش ڈائل والی چم چم کرتی گھڑی پا کر غریب کے پہلے تو ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ پھر جب یقین اگیا کہ یہ گھڑی اس کے بیٹے نے سچ مچ اسی کیلئے بھیجی ہے تو خوشی سے سینہ بھی پھول گیا۔ اب تمنا جاگی کہ یہ چمچماتی گھڑی دوسروں کو بھی دکھاؤں۔ چنانچہ گھر سے باہر نکلا۔ بچے کھیل رہے تھے۔ اس نے گھڑی والا ہاتھ لہرا لہرا کر بچوں کو کھیل سے متعلق کچھ مفید مشورے دیے۔ بچے حیران تھے کہ یہ گم سم سا سادہ لوح ''چاچا'' پہلے تو کبھی اس طرح کی کوچنگ نہیں کرتا تھا، اج کیا ہو گیا۔ پھر وہ مسجد جا پہنچا۔ صفیں تیار تھیں، جماعت کھڑی ہونے میں ایک ادھ منٹ باقی تھا۔ اس نے گھڑی والا ہاتھ لہرایا اور کہا، یہ صف اس طرف سے ٹیڑھی لگتی ہے۔ نمازیوں نے کہا نہیں چاچا صف بالکل سیدھی ہے اور اج سے نہیں مدت سے سیدھی ہے۔ اس نے گھڑی والا ہاتھ دوسری طرف لہرایا اور کہا کہ پھر اس طرف سے ٹیڑھی ہو گی۔ جواب ملا کہ نہیں، ادھر بھی بالکل سیدھی ہے۔ اس نے پھر ہاتھ لہرایا اور کہا کہ سیدھی ہے تو سیدھی ہی ہو گی۔ اتنے میں جماعت کھڑی ہو گئی۔ نماز کے بعد نمازی اپس میں بات کرنے لگے کہ اج چاچا کو کیا ہوا۔ ایک سیانے نے کہا دیکھا نہیں، اس کی کلائی میں نئی چمکتی ہوئی گھڑی تھی۔ بے چارہ اسی کو دکھانا چاہتا تھا۔ سب ہنس پڑے۔ پچھلے کچھ مہینوں سے کیا ہو رہا ہے؟۔ یہ ہو رہا ہے کہ ایک ریٹائرڈ بزرگوار ہر ہفتے اپنے پسندیدہ رپورٹر کو ایک خبر ''فیڈ'' کرتے ہیں کہ لودھی صاحب قومی مصالحت کیلئے سرگرم ہو گئے۔ رپورٹر صاحب یہ خبر باقاعدگی سے اسے صفحہ اول پر چھاپ دیتے ہیں اور یہ نہیں بتاتے کہ موصوف کو سرگرم ہونے کیلئے کس نے درخواست کی ہے۔ یا پھر یہ کہ وہ از خود نوٹس کے تحت سرگرم ہوئے ہیں۔ معلوم نہیں، ان بزرگوار کو کس نے اور کیسی گھڑی بھیجی ہے کہ گھر پر بیٹھ کر ارام کرنے، عشرت رفتہ کی یادیں تازہ کرنے کے بجائے یہ گھڑی دکھانے کیلئے بیچ بازار نکل ائے ہیں۔ گھڑی دکھانے کے تازہ ترین ''اپی سوڈ'' میں انہوں نے سرگرمی کا دائرہ وسیع کرتے ہوئے پورا مصالحتی فارمولا بھی پیش کر دیا ہے جس میں یہ فیاضی دکھائی گئی ہے کہ اگر حکومت مصالحت پر امادہ ہو جائے تو اسے ''دو سال'' کی مدت دی جا سکتی ہے یعنی وہ دو برس تک بلا کھٹکے حکومت کر سکتی ہے۔ بدلے میں اسے بس گریٹ خان کو رہا کرنا ہو گا۔ فیاضی قابل داد ہے لیکن اس فیاضی کی طلب گاری کس نے کی ہے؟۔ حکومت کتنی مدت تک حکمرانی کر سکتی ہے۔ اس کا فیصلہ پارلیمنٹ کرتی ہے یا پھر ملک احتجاجی مظاہروں کے طوفان کی زد میں ہو تو حکومت اور اپوزیشن مل کر مذاکراتی عمل کے تحت مڈٹرم الیکشن کا فیصلہ کرتے ہیں۔ کیا ملک میں کوئی احتجاجی تحریک چل رہی ہے؟

(ادارے کا کالم نگاروں / مضمون نگاروں کی ذاتی رائے اوران کے مندرجات سے متفق ہونا ضروری نہیں) ادارہ

صوبائی سیاست کے افق پر ابھرتا ہوا ستارہ

تحریر۔ سمیع اللہ عمرانی

چلیں آج بات کرتے ہیں سورج کی اور اس سے نمودار ہونے والی امید کی کرنوں کی، کیونکہ سورج بھی ایک ستارہ ہے جو باقی لامحدود ستاروں کو چمکنے، گردش کرنے اور اجاگر کرنے میں مدد فراہم کرتا ہے اور یہ تمام کام خالق کائنات کی مرضی اور "کن فیکون" کہنے سے چل رہا ہے، ہم بھی اسی خالق کائنات کے عظیم ترین نظاموں میں سے ایک چھوٹے سے نظام کا حصہ ہیں، جو ہر دور میں اپنے اعمال وحرکات کی وجہ سے جانے و پہچانے جاتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ کمیونیکیشن ریولوشن کے جدید دور نے روایتی طور طریقوں اور ڈھکے چھپے محرکات سے پردہ فاش کر دیا ہے۔ اب نت نئے طریقوں، جدید سائنسی تحقیقات، اور آرٹیفیشل انٹیلیجنس نے اپنی اہمیت سے عوام کو آشنا کر دیا ہے کچھ اسی طرح بلوچستان کے ایک خوبصورت ترین ڈویژن اور میرے دل کے بہت قریب علاقے میں بھی دیکھا گیا ہے۔ نصیر آباد ڈویژن حسین وجمیل نظاروں پر مشتمل خوبصورت ترین علاقہ، موسم کے لحاظ سے گرم، شعوری لحاظ سے باشعور اور زرعی پیداوار کے لحاظ سے لاجواب ڈویژن ہے جہاں کی نوجوان آبادی باشعور اور بے شمار صلاحیتوں سے مالا مال ہے۔ دیکھنے میں آیا ہے کہ نصیر آباد کی نوجوان پاپولیشن نے اپنی آواز کو بلند کرتے ہوئے اپنے حقوق کے حصول کیلئے سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کا موثر استعمال کیا ہے۔ حال ہی کے جنرل الیکشن میں نوجوانوں پر مشتمل بیشتر آبادی نے پرانے روایتی طور طریقوں کو چیلنج کرتے ہوئے کھل کر اپنی رائے کا اظہار کرتے ہوئے نوجوان باصلاحیت، تعلیم یافتہ اور خوش اخلاق سیاست دان سردار بابا غلام رسول عمرانی کو سپورٹ کیا ہے جس نے نوجوان نسل کو بلاتفریق علاقائی ترقی و خوشحالی کی امیدیں اپنے اعمال کے ذریعے دیلائی ہیں۔ سیلابی صورتحال میں وہ عوام کی خدمت میں پیش پیش نظر آئے اور الیکشن سے قبل ناراض علاقائی عمائدین اور معتبر شخصیات کو منانے میں بھی کامیاب رہے۔ اب جب انہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی نے مشیر برائے محنت و افرادی قوت مقرر کیا ہے تو ان سے نوجوانوں کی امیدیں مزید مضبوطی سے وابستہ ہونا شروع ہوگئی ہیں۔ اس میں کوئی شک وشبہات نہیں کہ وہ اقتدار میں ہوں یا نہیں موجودہ حالات میں عوامی سپورٹ انہیں حاصل رہے گی۔ لیکن عوام کے بنیادی مسائل کا موثر حل ایک چیلنج ضرور ہو گا۔ اپنے تفویض کردہ قلمدان اور محکمانہ ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ، انہیں حلقہ میں تعلیمی مسائل، صحت عامہ کے مسائل، انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ، پینے کے صاف پانی کی کمی، روزگار کے وسائل کی کمی، کسان وزمیندار کی بگڑتی ہوئی صورتحال، بجلی کے مسائل اور گیس کے ذخائر سے نزدیک ہونے کے باوجود گیس کی ناپید صورتحال، ان تمام اجتماعی نوعیت کے حامل مسائل کو کس طرح حل کرنا ہے کیا طریقہ کار اختیار کیا جانا چاہئے، اور کون کون سے قانونی طریقے ان مسائل کے حل میں معاون ثابت ہو سکتے ہیں۔ ان سب کا ارتقاء کرتے ہوئے مؤثر حکومت عملی سے اقدامات اٹھانے کی ضرورت ہے۔ صوبائی مشیر سردار بابا غلام رسول عمرانی صوبائی سیاست کے افق پر ایک ابھرتے ہوئے نوجوان سیاست دان ہیں انہوں نے صوبے میں مزدور دوست لیبر پالیسی لانے کا عزم کیا ہوا ہے جس کے ذریعے مزدوروں کے بچوں کو اعلیٰ تعلیمی اسکالرشپ سے استفادہ حاصل ہوگا، ان کی باصلاحیت قیادت میں مزدوروں کی بہبود کیلئے مختص وسائل اب مزدوروں کی معیار زندگی بلند کرنے پر خرچ ہوں گے اور محنت کش طبقے کو آگے بڑھنے کے مواقع میسر آئیں گے۔ ان سب کاوشوں کو عملی جامہ پہنانے کیلئے سیکرٹری ورکرز ویلفیئر بورڈ خلیل مراد بلوچ کا کردار بھی انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا جن کا شمار صوبے کے اعلیٰ تعلیم یافتہ، عوام دوست اور بہترین مزاج کے حامل افسران میں ہوتا ہے۔ علاوہ ازیں، اب صوبائی مشیر لیبر اینڈ مین پاور سردار غلام رسول عمرانی کو اپنے عوامی حلقے کو درپیش مسائل کے حل کیلئے توانا آواز بلند کرنی پڑے گی خوش آئند بات یہ ہے کہ اس وقت حلقے کی تمام اقوام کی نوجوان آبادی ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے جو کہ جمہوریت کا ایک حسن ہے اور یہ حسن تب تک چمکے گا جب تک سورج سے امیدوں کی کرنیں پھوٹتی رہیں گی اور مخلص ومحنت کش افراد کی امیدیں سورج سے پیوستہ رہیں گی۔

انگریز کی غلامی

تحریر: جمیرا علیم

برصغیر پاک وہند پر 89 سال تک انگریز حکومت نے راج کیا۔ 1947 میں جب اس نے ہندوستان چھوڑا تو مسلمانوں کو پاکستان ملا۔ قائداعظم اور لیاقت علی خان جیسی مخلص و ایماندار شخصیات کو اتنا موقعہ ہی نہیں دیا گیا کہ وہ اس کی جڑوں کو مضبوط کرتے اور اس کو بہتر نظام دیتے۔ ان کے بعد جتنے بھی جمہوری حکمران آئے صرف اپنے فارن اکاؤنٹس بھرنے اور اپنے وطن انگلینڈ، امریکہ، دوبئی وغیرہ میں بزنس اور جائیدادیں بنانے آئے۔ ڈکٹیٹرز کے دور میں چند کام ہوئے مگر وہ بھی آدھے ادھورے سے۔ مجموعی طور پر سب نے مل کر ملک کو لوٹا کھسوٹا اور ریٹائر ہو کر اپنے دیس سدھار گئے۔ لیکن میری یہ تحریر اس موضوع پر نہیں بلکہ اکثر پاکستانیوں کی ہر چیز کا منفی پہلو دیکھنے اور کبھی بھی مثبت رخ پر نہ سوچنے کے بارے میں ہے۔ شاید اس منفی سوچ کی وجہ یہ بھی ہے کہ ہمارے معاشرے میں جھوٹ اور کرپشن اس قدر زیادہ ہے کہ لوگ کسی پر اعتبار کرنے کی غلطی کر بھی لیں تو جلد ہی حقیقت سامنے آنے پر ان کو اپنی غلطی کا احساس ہو جاتا ہے اور وہ دوبارہ ایسی غلطی دہرانے کا تصور بھی نہیں کر سکتے۔ لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ انسان کسی کی اچھائی دیکھ کر بھی اس سے انجان بن جائے۔ اس تمہید کا پس منظر ایک بڑا عام سا جملہ ہے "انگریز چلا گیا مگر اپنے غلام چھوڑ گیا۔" اس بات میں کوئی دو رائے نہیں کہ انگریز نے جتنے سال ہم پر حکومت کی ہمیں اپنے برابر نہیں سمجھا کیونکہ تعصب ان کی گھٹی میں پڑا ہے وہ کسی بھی ڈارک اسکن والے کو اپنے سے کمتر ہی سمجھتے ہیں کالوں کی جدوجہد سے تو سبھی واقف ہیں پچھلی صدی تک انہیں گوروں کی بسز، ریسٹورنٹس وغیرہ میں داخلے کی بھی اجازت نہیں تھی۔ پھر وہ ہم ایشینز کو کیسے قابل عزت سمجھتے۔ ان کے تعصب اور تنگ نظری سے قطع نظر ان کی اچھائیوں کو بھی دیکھیے۔ اگر وہ آپ کے ملک میں سڑکوں، ریلوے ٹریکس، یونیورسٹیز، اسکولز، ہاسپٹلز، پلوں، سرنگوں اور آب پاشی کے نظام کے علاوہ دیگر نظام نہ بناتے تو یقین مانیے آپ ابھی بھی اسٹون ایج میں ہی رہ رہے ہوتے کیونکہ نہ تو آپ کو سوائے قائداعظم اور ان کی ٹیم کے کوئی ایسا مخلص اور ایماندار حکمران ملا جو ملک کے لیے کچھ کرتا نہ وہ اس قابل تھے اور ہیں کہ ہمارے ساتھ کوئی نیکی کرتے۔ انگریز کی بنائی ہر چیز اس قدر پائیدار تھی کہ آج ڈیڑھ صدی گزرنے کے بعد بھی نہ صرف موجود ہے بلکہ کام بھی کر رہی ہے۔ ہم سے تو ان کی مرمت تک نہیں ہو سکتی۔ بلوچستان کا ایک چھوٹا سا پل کیا ٹوٹا اس کا ملک سے 8 ماہ تک زمینی رابطہ ہی ممکن نہیں ہو پایا کیونکہ اس پل کو دوبارہ کھڑا کرنے میں 8 ماہ لگ گئے۔ خدانخواستہ کوئی سرنگ گر جائے تو شاید زندگی بھر اسے مرمت نہ کیا جا سکے۔ ہم 76 سال میں پنجاب یونیورسٹی، گنگا رام جیسا ایک بھی تعلیمی ادارہ یا ہاسپٹل نہیں بنا پائے۔ جو بنائے بھی تو ان کا حال ہمارے سامنے ہے۔ ریلوے ٹریک نیا ڈالنا تو دور کی بات ہم تو اس کی مرمت سے بھی قاصر ہیں۔ نئی ٹرینز بنانا تو کجا ہم نے تو پہلی والیوں کو بھی قابل استعمال نہیں رہنے دیا۔ ہاسپٹلز اور تعلیمی ادارے جو انگریز کے دور میں مفت اور بہترین سہولیات وخدمات سرانجام دے رہے تھے ہمارے زیرانتظام آئے تو کرپشن کا شکار ہو کر تباہ ہو گئے۔ 76 سال میں ہم سے یہ تک نہ ہو سکا کہ ہم اپنی قومی زبان کو سرکاری زبان بنا سکتے اپنا تعلیمی نظام مرتب کر سکتے۔ اور آج بھی ہر محکمے میں انگریز سرکار کا ہی نظام چل رہا ہے۔ پھر بھی ہم انہیں کوستے رہتے ہیں۔ چلیے آپ کوستے رہیے مگر یہ خوبی تو مانیے کہ انہوں نے جس بھی ترقی پذیر غریب ملک میں حکومت کی بڑے خلوص سے کی۔ عوام کو کئی فوائد پہنچائے۔ اور جونہی اس ملک نے ان سے آزادی حاصل کی وہ پھر سے تنزلی کا شکار ہو گیا۔ افریقہ اور پاکستان اس کی مثال ہیں۔ جب کہ دوسری طرف انڈیا جیسے ممالک بھی ہیں جو زیر آب الیکٹرک ٹرینز چلا رہے ہیں دوبئی کو پل کے ذریعے اور یورپ کو بائی روڈ اپنے ملک سے جوڑ چکے ہیں۔ اگر چہ وہاں بھی کرپشن کم نہیں مگر وہ اپنے ملک سے مخلص ہیں۔ چند سال پہلے چین کے کسی منسٹر کا بیان پڑھا تھا کہ جب پاکستانی ہم سے کوئی چیز خریدنے یا معاہدہ کرنے آتے ہیں تو پہلا سوال کرتے ہیں کہ ہمیں کتنا حصہ ملے گا۔ جب کہ انڈین پہلے پوچھتے ہیں ہمارے ملک کو کتنا فائدہ ہو گا پھر اپنا حصہ مانگتے ہیں۔ دعائیں دیجئے انگریز سرکار کو کہ اگر ہمارے بڑے ان کے غلام نہ ہوتے تو آج جو چند بنیادی سہولیات حاصل ہیں وہ بھی نہ ملتیں۔ پاکستانی حکمران تو دنیا کے واحد حکمران ہیں جو اپنی عوام کے سورج کی حرارت کے استعمال پر بھی ٹیکس لگا کر اپنی عیاشیاں پوری کرنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ وہ ہمیں سہولیات کیا دیں گے

بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

روز سے ہی مزدوروں کا استحصال شروع کر دیا جاتا ہے۔ حیرت ہے کہ مزدوروں کے حقوق کے علمبردار لوگ اور ادارے خود اپنے ماتحتوں، ملازموں، مزدوروں اور کارکنوں کا استحصال کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اسلام محنت اور محنت کشی کو سراہتے ہوئے محنت کشوں اور مزدوروں کو عزت کی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے محنت کرنے والوں کو جو جاں فشانی سے رزق حلال کماتے ہیں، کا دوست ومحبوب قرار دیا ہے اور خود آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے محنت کرنے والے ہاتھوں کو چوم کر تا قیامت انہیں عظمت عطا فرمائی اور محنت کشوں کے حقوق کو ان الفاظ سے سند عطا فرمائی "مزدور کی مزدوری اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ادا کر دو"

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ں صوبے کے امن وامان کیلئے شدید خطرہ ہیں سیکیورٹی اداروں میں میرٹ پر بھرتی نہ ہونے والے کس طرح کرپشن کا خاتمہ کرنے اور قیام امن کیلئے کردار ادا کریں گے انہوں نے کہا کہ ڈی جی لیویز بلوچستان نے عجلت میں ان فٹ افراد کے آرڈر جاری کر کے واضح کر دیا کہ کرپشن کے سامنے کوئی دوڑ یا انٹرویو کی میرٹ لسٹ معنی نہیں رکھتی سفارشی افراد جنکے شناختی کارڈ یا لوکل اگرچہ کاغذات جمع کرنے کے وقت نہ بنیں ہوں مگر انہیں بھرتی کیا جاسکتا ہے قد چھاتی ناپ میں کمی بھی کرپشن میں چھپائی جاسکتی ہے وزیر اعلیٰ بلوچستان کے حالیہ بیان کہ روزگار میرٹ کی بنیاد پر تقسیم ہوگا اگر کوئی وزیر یا مشیر اس میں ملوث پایا گیا تو اس سے محکمہ واپس لیکر اسکے خلاف کاروائی کی جائے گی مگر ڈی جی لیویز بلوچستان کی کرپشن پر وزیر اعلیٰ بلوچستان کی خاموشی سمجھ سے بالاتر ہے اگر آپ کے قول وفعل میں تضاد ہے تو ڈی جی لیویز بلوچستان کی واضح کرپشن کو چھپانے اور اسکے خلاف کوئی بھی کاروائی کرنے سے گریزاں رہیں اگر آپ بلوچ ہیں اور زبان کی پاسداری کرتے ہیں تو بگٹی کے نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار فراہم کرنے کیلئے سفارشی افراد کے بھرتی آرڈر فوری طور پر منسوخ کیئے جائیں اور نئے سرے سے دوڑ اور انٹرویو کا انعقاد کر کے انصاف کے تقاضوں کو پورا کیا جائے بصورت دیگر پریس کانفرنس پیدل لانگ مارچ اور دھرنا سمیت تادم مرگ بھوک ہڑتال کیمپ کوئٹہ پریس کلب کے سامنے لگانے کا حق محفوظ رکھتے ہیں"

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

۔ جنہوں نے ہاتھوں میں مختلف پلے کارڈز اٹھا رکھے تھے۔ جن پر مزدوروں کے حق میں نعرے درج تھے۔ ریلی کے شرکا نے مزدوروں کے حق میں نعرے لگائے۔ ریلی کے شرکا نے پورے شہر کا چکر لگایا۔ ریلی جلسے میں تبدیل ہوئی جس سے مقررین نے خطاب کرتے ہوئے مزدوروں، محنت کشوں، کے حقوق میں اور جابر حکمرانوں کے جابر اور مزدور دشمن پالیسیوں کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ جلسے کے توسط سے مزدوروں کی دہاڑی ہرنائی میں کول مائنز مزدوروں کو تحفظ دینے اور ان کے بچوں کو انشورنس پالیسی فراہم کرنا حالیہ ستم گیر مہنگائی کو مدنظر رکھتے ہوئے ان کی معاوضے میں اضافہ کرنے جیسے مطالبات حکومت وقت کو پیش کئے گئے۔ اس ظالمانہ پالیسوں کے خلاف اور مزدوروں کے حقوق پر آواز بلند کرتے رہے گے۔ اس جاگیرداری سسٹم سے جمہوری جدوجہد کے ذریعے نجات حاصل کریں گے آج یکم مئی ریلی اور جلسے میں شکاگو کے شہید مزدوروں اور ہرنائی کول مائنز کے شہید مزدوروں کو انکی جدوجہد پر سرخ سلام پیش کیا گیا انھوں نے کہا کہ ہم مزدور بھائیوں کے ساتھ ہے اور ان کے حق میں ہر فورم پر آواز بلند کریں گے۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

متعلقہ اداروں کسٹم انٹیلی جنس حکام اور بلوچستان کے بارڈر سے منسلک اداروں سے پرزور اپیل کی گئی ہے کہ خدارا ہمارے ہیوی ٹرانسپورٹ اور مسافر بردار ٹرانسپورٹ کو ہمارے ملک کے اندر کسی بھی روڈ پر جگہ جگہ سمگلنگ یا سیکورٹی کے نام پر تذلیل نہ کیا جائے سیکورٹی سمگلنگ کا تعلق ملک کے بارڈروں کے ساتھ ہے لہذا حکومت مہربانی کرے دنیا کے دیگر ترقی یافتہ ممالک کی طرح ملک کے بارڈروں پر ایماندار اور مضبوط انسانوں کو تعینات کریں تاکہ کوئی بھی غیر ملکی چیز پاکستان میں بغیر ٹیکس کے اندر نہ اسکے لوکوئٹہ شہر کے اندر گوداموں پر چھاپے مارنا یا پاکستان کے اندر روڈوں پر سمگلنگ کے نام پر گاڑیوں کو روکنا قانون کے برعکس کام ہے جبکہ یہ کام دنیا کے کسی بھی ممالک میں نہیں ہے جو چیز ملک کے اندر آگیا وہ قانونی ہوگیا اگر حکومت سنجیدگی سے بارڈر پر غیر ملکی چیز حکومت کو ٹیکس دیے بغیر نہ آنے دے تو غیر ملکی اشیا تو کیا غیر ملکی پرندہ بھی نہیں آسکتا ہے لہذا حکومت عوام پر روزگار کے دروازے بند نہ کریں اور غیر ملکی اشیاء کو بارڈر پر ہی بند کیا جائے تاکہ ٹرانسپورٹرز پاکستان کے تمام روڈوں پر آمد ورفت آسانی سے کر سکے

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پر سول خریدنے کی کوشش کرتا ہے تو سیکورٹی فورسز چیک پوسٹوں پر ان سے ٹیکس فری سولرز پر بھتہ وصول کرتے ہیں جو باعث تشویش ہے، اجلاس میں زمینداروں کو درپیش مسائل پر غور کیا جائے گا۔ ترجمان کے مطابق زمینداروں کو نان شبینہ کا محتاج بنایا جا رہا ہے جس کی زمیندار ایکشن کمیٹی کسی صورت اجازت نہیں دے گی لہذا آج ہونے والے اجلاس میں 6 مئی کے احتجاج ودھرنے کو حتمی شکل دیا جائے گا۔ بیان میں تمام زمینداروں سے اپیل کی کہ وہ اجلاس میں بروقت شرکت یقینی بنائیں

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کدیزئی، حاجی حضرت کدیزئی، ملا اسماعیل ملازئی، حاجی رفیق علیزئی، عبدالحق کبزئی، حاجی نواب اتمانخیل اور دیگر نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں زمینداروں کو دیوار سے لگانے کے لیے کوئی کسر نہیں چھوڑ رہیں زمیندار پہلے سے ہی بجلی کے بحران بلا جواز لوڈشیڈنگ سے دوچار ہیں اور تو مرکزی اور صوبائی حکومتوں نے تو حد کر دی ہے اور شمسی سولر سسٹم پر بھی ٹیکس لگانے کیلئے پر تول رہے ہی ہیں زمیندار پہلے سے ہی مہنگائی بجلی کی لوڈشیڈنگ کے ستائے ہوئے ہیں باقی کی کسر سولر پینل سسٹم پر ٹیکس لگا کر پوری کرنے کی کوششیں کی جارہی ہیں، مرکزی اور صوبائی حکومتیں اگر زمینداروں کو بجلی فراہم کرنے سے قاصر ہیں تو کم از کم سولر پینل پر ٹیکس لگانے سے باز آئے اور ہم زمیندار کسی بھی صورت سورج سے حاصل کرنے والی بجلی کا ٹیکس نہیں دیں گے اور اسکے اس کھناونے فعل کی شدید مذمت اور شدید مزاحمت کریں گے مرکزئی اور صوبائی حکومت اس سے باز رہے اور اسکے خلاف ہم زمینداران ہر حد تک جائیں گے لورالائی کے زمیندار گذشتہ کئی سالوں سے شدید قحط سالی کی لپیٹ میں رہے اور چند سالوں سے زمیندار سولر پینل کے زریعے اپنی زمینداری کو چلانے میں مصروف عمل ہیں اور حوحتوں کی جانب سے نیا کٹا کھولنے کی تیاریاں کر کے سولر سسٹم پر ٹیکس لگانے کی کوششیں کی جارہی ہیں جس نہ صرف زمیندار بلکہ عام عوام بھی شدید متاثر ہوگی وفاقی حکومت ملک کی معیشت کو بہتر بنانے کے لیے زمینداروں کے لیے کھاد زرعی ادویات اور زمینداری کے لیے استعمال ہونے پر مشینری پر ٹیکس ختم کرے اور بجلی کی فراہمی کو یقینی بنائے نہ کہ زمیندار دشمن پالسیوں سے زمینداروں کی بیخ کنی کرے

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دنیا بھر کے مزدوروں اور مزدوروں کے کیلنڈر میں ایک اہم دن ہے۔ مزدوروں کا عالمی دن، جسے یوم مزدور یا یوم مئی بھی کہا جاتا ہے، بہت سے ممالک میں عام تعطیل ہے، جو محنت کش طبقے کی جدوجہد، کامیابیوں اور قربانیوں کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ یہ دن ان محنت کشوں کے پائیدار جذبے کا منہ بولتا ثبوت ہے جنہوں نے اپنے حقوق، منصفانہ اجرت اور کام کے بہتر حالات کے لیے انتھک جدوجہد کی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مزدوروں کے عالمی دن کی ابتدا امریکہ میں 19ویں صدی کے آخر تک معلوم کی جاسکتی ہے۔ 1886 میں، مزدور یونینوں اور مزدوروں کی تنظیموں نے آٹھ گھنٹے کام کے دن، بہتر اجرت، اور کام کے حالات میں بہتری کے مطالبے کے لیے ملک گیر ہڑتال کی۔ یکم مئی کو شروع ہونے والی ہڑتال نے تیزی سے زور پکڑا، جس میں ملک بھر سے ہزاروں کارکنان شامل ہوئے۔ اگرچہ ہڑتال کو تشدد اور جبر کا سامنا کرنا پڑا، لیکن اس نے جدید مزدور تحریک کی بنیاد رکھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ 1889 میں پیرس میں بین الاقوامی سوشلسٹ کانفرنس نے یکم مئی کو عالمی یوم مزدور کے طور پر منانے کا اعلان کیا۔ تب سے، یہ دن دنیا بھر میں مزدوروں، مزدور یونینوں اور سوشلسٹوں کے لیے ایک ریلینگ پوائنٹ بن گیا ہے۔ آج، مزدوروں کا عالمی دن 150 سے زیادہ ممالک میں منایا جا رہا ہے، دنیا بھر کے شہروں اور قصبوں میں مارچ، ریلیاں اور مظاہرے ہو رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مزدوروں کا عالمی دن محنت کش طبقے کی جدوجہد اور کامیابیوں کا جشن ہے۔ یہ ان کارکنوں کی شراکت کو تسلیم کرنے کا دن ہے جنہوں نے ہمارے معاشروں، معیشتوں اور برادریوں کی تعمیر کی ہے۔ یہ دن مزدوروں کو درپیش جاری جدوجہد کی بھی یاد دہانی کرتا ہے، جس میں کم اجرت، کام کے طویل اوقات، اور کام کے خراب حالات شامل ہیں۔ بہت سے ممالک میں، مزدوروں کا عالمی دن ایک عام تعطیل ہے، جس سے کارکنوں کو مناسب وقفہ لینے اور تقریبات میں شامل ہونے کی اجازت ملتی ہے۔ اس دن کو اکثر مارچوں، ریلیوں اور مظاہروں کے ساتھ منایا جاتا ہے، کیونکہ مزدور اور مزدور یونین بہتر کام کے حالات، زیادہ اجرت اور سماجی انصاف کا مطالبہ کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ مزدوروں کا عالمی دن یکجہتی اور مزاحمت کی طاقتور علامت ہے۔ یہ ایک یاد دہانی ہے کہ محنت کشوں کی جدوجہد الگ تھلگ نہیں ہے بلکہ انصاف اور مساوات کی عالمی تحریک کا حصہ ہے۔ جب ہم اس دن کو مناتے ہیں، ہم ان کارکنوں کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے اپنے حقوق کے لیے جدوجہد کی، اور ہم اپنے آپ کو ایک بہتر دنیا کے لیے جدوجہد کے لیے دوبارہ عہد کرتے ہیں، جہاں تمام کارکنوں کے ساتھ عزت اور احترام کا برتا کیا جاتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں مزدوروں کا عالمی دن انتہائی جوش وخروش سے منایا جا رہا ہے، ملک بھر میں مزدور یونینز اور مزدور تنظیموں کی جانب سے ریلیاں اور مظاہرے کیے جا رہے ہیں۔ اس دن عام تعطیل ہوتی ہے، جس سے کارکنوں کو اپنی روزمرہ کی محنت سے وقفہ لینے اور تقریبات میں شامل ہونے کی اجازت ملتی ہے۔ جب ہم اس اہم دن کو منا رہے ہیں، آیئے ہم کارکنوں کی جدوجہد اور قربانیوں کو یاد کریں، اور ہم ایک ایسے مستقبل کے لیے کام کریں جہاں تمام کارکنوں کے ساتھ وہ عزت اور احترام کیا جائے جس کے وہ مستحق ہیں

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ن ترین اور جنرل سیکرٹری مسعود خان بھی موجود تھے۔ ریلی میں کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ جنہوں نے ہاتھوں میں سرخ جھنڈے اٹھا رکھے تھے۔ ریلی کے شرکا نے شکاگو کے مزدوروں کے حق میں نعرے لگائے۔ ریلی کے شرکا نے پورے شہر کا چکر لگایا۔ اور پریس کلب کے سامنے مظاہرے سے مقررین نے مزدوروں کو درپیش مسائل پر روشنی ڈالی اور شکاگو میں مزدوروں کے حقوق میں جدوجہد کرنے کی پاداش میں ظالم سرمایہ دار کی گولیوں کو نشانہ بن کر جانوں کا نذرانہ دینے پر خراج تحسین پیش کیا گیا مزدوروں نے اپنے مطالبات اور ان کے حل کے لیے شدید نعرہ بازی کی پاکستان میں آئے دن بڑھتی ہوئی مہنگائی اور بے روزگاری کے پیش نظر مزدوروں کی کم از کم ماہانہ تنخواہ 50 ہزار روپے سے زیادہ کی جائے تاکہ ایک مزدور گھرانہ کم از کم اپنے بچوں کے لیے روٹی کپڑا اور کرایہ مکان کا بندوبست کر کے ایام زندگی کو چلا سکے۔

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ یہاں کے منتخب نمائندوں نے دشت کو عوام کو سوائے مایوسی کے کچھ نہیں دیئے ہے ہر دور اقتدار میں نظر انداز کر رکھا ہے انہوں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پرزور اپیل کی ہے کہ دشت چکوگلی جھنڈی در رئیس عبدل کے روڈ کو جلد از جلد پکا کیا جائے تاکہ آنے جانے والوں کیلئے مشکلات میں کمی ہو

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ں دیکھے جاسکتے ہیں انہوں نے کہا کہ اٹھارویں ترمیم میں صوبوں کو مکمل اختیارات مل گئے ہیں لیکن بدقسمتی سے مزدوروں کیلئے کوئی قانون سازی نہیں کی گئی، یہ جو ایک المیہ سے کم نہیں۔ انہوں نے شکاگو کے مزدوروں کے ساتھ ساتھ آج کے مزدور کو بھی خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کم عمر بچوں سے جبری مشقت اور مزدوروں کیلئے موثر قانون سازی کا مطالبہ کیا گیا اور آئندہ بجٹ میں مزدوری کی تنخواہوں میں زیادہ سے زیادہ اضافے کا مطالبہ بھی کیا ہے

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جانوں کا نذرانہ پیش کر کے تاریخ میں ہمیشہ کیلئے امر ہو گئے انہوں نے کہا کہ شکاگو میں محنت کش طبقہ نے مزدوروں کے استحصالی اور نابرابری کے خلاف اپنے عظیم جانوں کا نذرانہ پیش کر کے تاریخ میں ہمیشہ کیلئے امر ہو گئے شکاگو میں محنت کشوں کے قربانیوں کی بدولت دنیا بھر میں محنت کشوں کے حقوق کو تسلیم کیا گیا اور انہوں نے کہا محنت کش ملک کے خوشحالی اور ترقی میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں لیکن بدقسمتی سے پاکستان میں مزدوروں کی حالت زار نہ بدل سکے محنت کش طبقے کا کوئی پرسان حال نہیں حکومت کی جانب سے مزدوروں کے لیے سیفٹی میسر نہ ہونے کی وجہ سے مزدور روز موت کے منہ میں چلے جاتے ہیں کوئلہ کے کانوں میں کام کرنے والے مزدور کول مائنز جھلس جانے سے اب تک ہزاروں کے تعداد میں محنت کشوں کے اموات ہو چکے ہیں انہوں نے کہا کہ تمام مزدوروں کی اجرت میں اضافہ کیا جائے عالمی معیار کے مطابق مزدوروں سہولیات فراہم کئے جائیں

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

یونین کونسل ومیونسپل کمیٹی بنے ہیں تحصیل ناظم ہو چیئرمین شپ ہو انہی افراد کے پاس رہی ہیں لیکن عجب یہ ہے کہ یہ خود روپیہ پتی سے اب پتی کروڑ پتی بن گئے مگر تحصیل گنداخہ کے عام عوام یہ کہنا یقیناً بجا ہوگا کہ زندگی کی تمام تر سہولیات سے محروم ہیں بات یہاں ختم نہیں ہوتی کہ گنداخہ میں سہولیات کا فقدان ہے بلکہ گنداخہ تحصیل کی بیشتر صنعتی وکاروباری اراضیات بھی ان کے ہی بن گئے

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے چند افسران کرواتے ہیں رات کو گرمی مچھر سے زندگی عذاب ہوتی ہے اور چوریوں ڈکیتوں کا بھی خدشہ ہوتا ہے۔ جب میں ڈینگی اور ملیریا پھیلا ہوا محکمہ صحت نے احتیاطی تدابیر کرنے کا مشورہ دیا مگر یہاں کے الیکٹرک افسران ڈینگی ملیریا میں اضافے کے لیے بجلی بند کرتی ہے مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ ختم کی جائے

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حاجی رحمن نصیر، وائس چیئرمین فرہاد عطا، سرپرست اعلیٰ عطا محمد، انفارمیشن سیکرٹری بشیر احمد، سبزی منڈی یونین صدر حبیب اللہ ودیگر معزز تاجر برادری نے میئر تکلیل احمد کو بازار کے درپیش مسائل سے آگاہ کیا پنجگور انجمن تاجران وفد نے کہا سال سے اوپر ہوا ہے کیا بازار کے اہم مسئلوں میں میئر میونسپل کارپوریشن نے کیا کارکردگی سرانجام دیا ہے جبکہ بازار کے مسائل کو حل کرنے میں میونسپل کارپوریشن میئر کا اہم کردار ادا ہوتا ہے انجمن تاجران وفد نے کہا 2023...2024 سالانہ بجٹ ریلیز ہو چکے لہذا بازار میں ترقیاتی منصوبوں اور تعمیراتی روڈ پے عملی طور کام جلد شروع کیا جائے ٹھیکیداروں کو پابند کیا جائے جلد روڈوں کے کام کو مکمل کیا جائے تاجر برادری نے صبر کر کے ہر ممکن تعاون کیا ہے تاجر برادری نے کہا بجٹ ریلیز ہو کر ڈسٹرکٹ کے میونسپل کارپوریشن کو وصول ہوئے ہے تاجر برادری کو یقین دہانی کرائی جائے کہ بازار میں جلد ترقیاتی کام شروع کیے جائیں گے میئر تکلیل احمد نے تاجر برادری کو یقین دہانی کرائی کہ تاجر برادری کی سوچ سے زیادہ بازار کے ترقیاتی اسکیمات کے لیے پروگرام بنایا ہے بہت جلد بازار کا دورہ کر کے ترقیاتی کاموں کا جائزہ لینگے تاجران وفد نے کہا اگر اس بار تاجر برادری کو مایوس کیا گیا روڈ اور بازار میں ترقیاتی کام شروع نہیں ہوئے تو تاجر برادری کسی صورت خاموش نہیں رہیگا

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جوانوں کی محنت کو پیسوں کی منڈی میں تبدیل کر دیا سفارشی بنیاد پر ان فٹ افراد کی بھرتیاں کر کے بگٹی کے امن کو تباہ وبرباد کرنے کی مذموم سازش کی گئی ہے مگر بگٹی کے نوجوان میرٹ کی پامالی کے خلاف خاموش نہیں بیٹھیں گے

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

رواری نے انتخابات میں جو وعدے کیے۔ ان ہر عملدرآمد یقینی بنا رہے ہیں۔ اور اپنے نانا کے نقش قدم پر چل رہے ہیں۔ انہوں نے کیا کہ مہنگائی کے تناسب سے تنخواہوں میں اضافے کا فیصلہ انقلابی ہے۔

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سے بھی پسماندہ ہے، تو جوانوں کے لیے کھیلوں کے میدان ناپید ہیں، پینے کے صاف پانی کی سہولت بھی میسر نہیں، میرے لیے سیاست نہیں عوامی خدمت اہم ہے، شہر اور شہریوں کے درپیش مسائل نے مجھے سیاست کی طرف راغب کیا، روایتی سیاست سے ہٹ کر عوام کی بے لوث خدمت اولین ترجیحات میں شامل ہے، ایم پی اے فنڈز سے واٹر سپلائی اسکیم، کھیلوں کے میدان، آفیسرز کلب، ٹف ٹائلز اور دیگر منصوبوں کے لیے رقم مختص کرائی، اسکے بعد تعلیم اور صحت کے شعبوں کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے توجہ مرکوز کرونگا تاکہ عوام کو انکی دہلیز پر علاج معالجہ کی معیاری سہولت فراہم اور ہمارے نوجوان اپنے علاقے میں اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں، ایک سوال کے جواب میں میر دہنواز بہرانی نے کہا کہ سیاسی میدان میں کسی سے مقابلہ نہیں، ہمارا وژن عوام اور علاقے کی خدمت ہے، بطور ڈپٹی میئر شہر میں تجاوزات کے خاتمے کے لیے سنجیدہ اقدامات اٹھانے کی اشد ضرورت ہے، یہی وجہ ہے کہ گزشتہ روز میونسپل کارپوریشن کے اجلاس میں تجاوزات کے خاتمے کے لیے قرارداد پیش کی جسے ممبران نے کثرت رائے سے منظور کیا، شہر کو خوبصورت اور ترقی یافتہ بنانے کے لیے عوام سے تعاون کا طلب گار ہوں، عوام کے تعاون کے بغیر ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکتا، مجھے امید ہے کہ عوام بھرپور ساتھ دیگی

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

انتظامیہ عوام کو ریلیف دینے سے قاصر ہے کل کے اجلاس میں فیصلہ ہوا کہ سوئی گیس صبح 6 بجے سے دن 3 بجے اور شام 6 سے رات 11 بجے تک مکمل پریشر سے بحال ہوگی مگر نہ شیڈول اور نہ پریشر پر عمل ہو سکا

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سے صبح 7 بجے بحال اور دن کو پورے 16 گھنٹے غائب رہتا ہے تفصیلات کے مطابق پنجگور میں گزشتہ 6 سالوں سے بلاکسی وجہ اور ریزن کے حکمرانوں نے انٹرنیٹ موبائل ڈیٹا پر قدغن لگا کر انٹرنیٹ بند کیا ہوا ہے صارفین کاروباری حضرات طلبا کی شدید مطالبات کے باوجود پنجگور کے بارے میں وفاق اور صوبائی حکومت اور متعلقہ ادارے نے خاموشی اختیار کیا ہوا ہے پنجگور کے 10 لاکھ ابادی کے رہنے والے میں سے جو 20 فیصد پی ٹی سی ایل کے ڈی سی ایل نظام سے انٹرنیٹ سے استفادہ حاصل کر رہے ہیں اس 20 انٹرنیٹ بھی اس ملک کے حکمرانوں کو پنجگور کے عوام کو دینے کا بھی گوارہ نہیں کر رہا ہیں پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ نظام کو پنجگور کیلئے اتنا محدود کر دیا ہے اس نظام کی بدترین لوڈشیڈنگ سے عوام شدید کوفت کا شکار بن گئے ہیں پنجگور میں پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ نظام کی بجلی کی طرح ایسی لوڈشیڈنگ سے منسلک کر دیا ہے جو صبح 7 بجے سے لیکر رات 12 بجے غائب اور رات 12 بجے بحال ہو کر صبح 7 بجے انتہائی سست رفتاری سے چلتا ہے حالانکہ پنجگور کے عوام کی صرف 20 فیصد لوگ پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ نظام سے منسلک باقی 80 فیصد لوگ پی ٹی سی ایل کے اعلیٰ حکام کی عدم توجہی سے پی ٹی سی ایل نظام سے محروم ہیں اسکے باوجود اس 20 فیصد صارفین کو پی ٹی ڈی ایل انٹرنیٹ سروس دینے سے قاصر ہے پنجگور کے طلبا کاروباری حضرات صحافی برادری نے حکومت وقت اور پی ٹی اے کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ پنجگور میں انٹرنیٹ موبائل ڈیٹا سروس کو بحال اور پی ٹی سی ایل انٹرنیٹ نظام کی درستگی کیلئے فوری طور پر اقدامات عمل میں لائی جائے

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

اور بے روزگاری کے ہاتھوں پریشانی کے عالم میں زندگیاں گذار رہے ہیں حکومت کی جانب سے جو بھی ٹیکس لگائے جا رہے ہیں ان ٹیکسز سے سب سے زیادہ متاثر مزدور ہی ہو رہا ہے ملازمین کے پروموشن عرصہ دراز سے رکے ہوئے ہیں اور مزدوروں کی فوری طور پر اپگریڈیشن کی جائے موجودہ مہنگائی کے تناسب سے مزدوروں کی تنخواہیں کی جائیں اس ملک کی تعمیر وترقی میں سب سے زیادہ ہاتھ مزدوروں کا ہے اور متاثر بھی یہی مزدور اور ورکر ہیں

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

خریدنا پڑتے ہیں انہوں کہا کہ صحت کے متعلق سالانہ اربوں روپے جاری ہوتے ہیں خدا جانے وہ کہاں خرچ کیے جاتے ہیں؟ ایک شہری ڈی ایچ کیو ہسپتال کے ادویات کی پرچی اٹھا کر نیشنل پریس کلب پہنچ گیا جہاں انہوں نے الزام عائد کرتے ہوئے بتایا کہ آج صبح ڈی ایچ کیو ہسپتال کے ڈاکٹر نے ادویات کی پرچی لکھ کر دی مگر ہسپتال کے سٹور میں وہ ادویات موجود نہیں تھے، انہوں نے مزید الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ ہسپتال میں سفارشی کلچر عام ہو چکا ہے جس کا جان پہچان یا سفارش ہوتا ہے انہیں ہر طرح کے ادویات ملتے ہیں جبکہ ایمرجنسی کی صورت میں آنے والے غریب مریضوں کو تمام ادویات نجی سٹوروں سے خریدنے پڑتے ہیں، آخر میں انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی، ڈپٹی کمشنر کوہلو نقیب اللہ کاکڑ سمیت دیگر احکام بالا سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ڈاکٹروں کی غیر حاضری، ادویات کی فقدان اور ہسپتال میں بڑھتی ہوئی سفارشی کلچر کا نوٹس لیا جائے

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے، انہوں نے شکاگو کے شہید مزدوروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ شکاگو کے مزدوروں نے ہزاروں جانوں کا نذرانہ دے کر رہتی دنیا تک یہ ثابت کر دیا کہ کوئی بھی ملک مزدوروں کے بغیر نہیں چل سکتا کیونکہ مزدور کسی بھی ملک کی معیشت اور ترقی میں اہم کردار ادا کرتا ہے، مزدور ایک ایسی قوت ہے جس کی بدولت زندگی کا کاروبار چلتا ہے مزدوروں کی ریلی سے، بی این پی عوامی کے مرکزی سیکرٹری ماہی گیری میر عبدالصمد زہری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مزدوروں کا عالمی دن منانے کا مقصد محنت کش مزدوروں کی بحالی کے ٹھوس اقدامات اٹھانا ہے، مگر یہ بات شاید تپتی دھوپ میں اپنے بچوں کے لیے دو وقت کی روٹی کمانے والے مزدور کو نہیں پتہ کہ دنیا انہی کا عالمی دن منا رہی ہے اور اسی دن بھی انہیں آرام کے لیے چھوڑا نہیں جاتا

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی جانب سے مشترکہ جلسہ منعقد کیا گیا، جلسے سے حاجی ممتاز علی سومرو، پیر جان بہرانی ودیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج کے روز پوری دنیا میں مزدوروں کا دن منایا جا رہا ہے بدقسمتی سے مملکت خداداد میں بندہ مزدور آج کے جدید اور ٹیکنالوجی کے دور میں بھی بنیادی حقوق سے محروم ہیں، سرمایہ دار اور جاگیردار طبقہ آج بھی محنت کشوں کے حقوق غصب کیے ہوئے ہیں اور مزدور دو وقت کی روٹی کے حصول کے لیے خون پسینہ ایک کیے ہوئے ہیں تاہم انہیں پھر بھی زندگی کا بوجھ سکون کی نیند سونے نہیں دے رہا، انکا کہنا تھا کہ سرکاری اداروں اور پرائیویٹ سیکٹر میں مزدوروں کو آج بھی مناسب اجرت نہیں مل رہی، مہنگائی اور بیروزگاری نے لاکھوں چولہے بجھا دیے ہیں

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کشوں کو تشدد اور قیمتی جانوں کی قربانی کے صورت میں ادا کرنی پڑی، انہوں نے کہا مئی 1886 کو امریکا کے شکاگو میں مزدوروں کو خونی انقلاب اس وقت برپا ہوا جب آٹھ گھنٹے کام کا مطالبہ کرنے پر مزدور اور محنت کشوں پر گولیاں برسا دی گئیں، انہوں نے کہا کہ ان سب کا خون رائیگاں نہیں گیا دنیا بھر میں ہر سال یکم مئی کو یوم مزدور کے طور پر منایا جاتا ہے اور یہ دن مزدوروں کے حقوق کی یاد دلاتی ہے، جبکہ مین شکاگو کے برعکس پاکستان میں آج اکیسویں صدی میں بھی مزدور استحصال کا شکار اور جائز معاوضے سے محروم ہے، مزید انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے اس بیانک دور میں 8 سے 10 ہزار معاوضہ لینے والے مزدور بالخصوص انہی اشرافیہ اور جاگیرداروں کے شکنجے اور جبر واستحصال کا شکار ہے، جو کسی بھی ذی شعور سے پوشیدہ نہیں، ان کی زندہ مثال بلوچستان، سندھ اور پنجاب میں اینٹ بننے والے بھٹوں میں مزدور نسل در نسل پیسوں کے عوض بھٹی مالکان کے قید میں ہیں، جو مین شکاگو کے مزدوروں کے مترادف ہیں، لیکن افسوس کہ اس حوالے کو لیکر حکومت اور حکومتی نشستوں پر براجمان بیوروکریٹ اور نام نہاد سیاستدان کی خاموشی ایک سوالیہ نشان ہے، حکومت اور اور انسانی حقوق کی تنظیموں کو چاہئے کہ یوم مزدور پر چھٹی منانے کے ساتھ ساتھ مزدوروں کی فلاح و بہبود اور ریلیف کیلئے بھی عملی اقدامات کریں

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کیسکو لیبر یونین بلوچستان کے جنرل سیکرٹری ملک سعید جان لہڑی پی ڈی اے سٹاف ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری حسن خلجی مائنز یونین کے نصیب اللہ اچکزئی شکیل زہری نذر مینگل کریم فرہاد حیدر چلگری کامریڈ روف ودیگر نے خطاب کیا سٹیج سیکرٹری کی فرائض محمد ناصر اور تمر زمان نے سرانجام دی محمد حنیف محمد حسنی نے قرارداد پیش کی مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 1886 کے شکاگو کے جانثاروں اور عظیم مزدور رہنما، ماما سلام بلوچ کو زبردست خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انھوں نے جان کا نذرانہ پیش کر کے 16 گھنٹے کے بجائے ٹائمنگ 8 گھنٹے کر دی گئی اور غلامانہ زندگی گزارنے سے آزاد کر دیا اور اپنے مرضی کی کام کرنے کا موقع فراہم کیا انھوں نے کہا کہ متحد ہوئے بغیر اپنے حقوق حاصل نہیں کر سکتے انھوں نے عنقریب بلوچستان کے تمام لیبر یونین کا اجلاس طلب کر کے ملکر جدوجہد کریں گے بلوچستان کے 62 یونینوں پر عائد پابندی ختم کی جائے دکی سے 9 مغوی کانکنوں کو فوری طور پر بازیاب کرایا جائے شدید مہنگائی نے محنت کشوں کی کمر توڑ دی ہم حکومت سے مطالبہ کرتے ہیں کہ آنے والے بجٹ میں مہنگائی کے ستائے ہوئے محنت کشوں کے تنخواہوں ودیگر مراعات اور پنشن میں سو فیصد اضافہ تمام ایڈہاک الاؤنسز تنخواہوں ضم کیا جائے بلوچستان یونیورسٹی اور واسا ملازمین کو کئی ماہ سے بند تنخواہیں پوری ادا کیا جائے پرائیوٹائزیشن پالیسی ترک کی جائے انھوں نے کہا کہ کنٹریکٹ اور ٹھیکیداری نظام کا خاتمہ کیا جائے اور تمام کنٹریکٹ اور ڈیلی ویجز ملازمین کو مستقل کیا جائے انھوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ آئی ایل او کے ہیلتھ اینڈ سیفٹی برائے مائنز ورکرز کے کنونشن 176 کی توثیق کرے پی ڈی اے، مارکیٹ کمیٹی اور پی ایچ ای سمیت دیگر اداروں کے تمام کنٹریکٹ ملازمین کو ریگولر کی جائے، تمام سرکاری ونیم سرکاری اور پرائیوٹ اداروں کے ملازمین کو کم از کم اجرت کے قانون کے مطابق 32 ہزار کے مطابق تنخواہیں ادا کی جائے۔ کیسکو کے تمام خالی پوسٹوں پر بھرتیاں کی جائے اور 33 ایمپلائز سن کوٹہ بحال کیا جائے بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کی نجکاری بند کی جائے، سٹیٹ لائف انشورنس کی مجوزہ نجکاری منسوخ کی جائے۔ سرکاری اور نیم سرکاری اداروں میں پنشن اصلاحات کے نام پر پنشن کی اور گریجویٹی کی بندش نامنظور، تمام مائنز، بھٹہ اور انڈسٹریل ورکرز کو سوشل سیکورٹی اور EOBI میں رجسٹرڈ کیا جائے

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے مطابق صحبت پور دنیا کی طرح صحبت پور میں لیبر یونین کے ضلعی صدر محمد اقبال عباسی کی قیادت میں ایک مقامی ہوٹل سے شکاگو کے مزدوروں کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے ریلی نکالی گئی جس میں مزدور اور ان سے اظہار یکجہتی کے لئے مسلم لیگ ن کے ڈویژن نصیر آباد کے صدر میاں محمد حسین گولی، جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما ٹکری عبدالرحمان پرکانی نے شرکت کی۔ ریلی مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی صحبت پور کے مرکزی چوک پر جلسے میں تبدیل ہوگئی جس سے ضلعی صدر لیبر یونین محمد اقبال عباسی، مسلم لیگ ن کے ڈویژن نصیر آباد کے صدر میاں محمد حسین گولو، جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما ٹکری عبدالرحمان پرکانی ودیگر نے اپنے خطاب میں کہا کہ صحبت پور سمیت ملک میں ایک مہنگائی کی لہر نے غریب مزدوروں کا جینا محال کر دیا ہے حکومت اپنی بساط کے مطابق مزدوروں کی فلاح و بہبود کے لئے کوشش کر رہی ہے جس کو اور بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ مہنگائی کے تناسب سے مزدوروں کی اجرت میں اضافہ کیا جائے مقررین کا کہنا تھا وفاقی حکومت صوبائی حکومت چھٹی کے بجائے سرکاری سطح پر سیمینار جس میں مزدوروں کی شرکت اور اس کی فلاح وبہبود کے لئے اقدامات کرے۔ مزدور پاکستان کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی ہیں ان پر خاص توجہ دی جائے۔ ریلی کے شرکا کے ہاتھوں میں پلے کارڈز اور بینر تھے جن پر شکاگو کے شہیدوں سے اظہار یکجہتی۔ مزدور بھائی بھائی کے نعرے درج تھے جلسے کے بعد شرکا پرامن طور پر منتشر ہو گئے۔ ریلی اور جلسے کے موقع پر پولیس سیکورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کیے گئے تھے

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بدعنوانی سے حب شہر کو تباہی کی جانب دھکیل دیا جس کے اوپر کرپشن کے کیسز بھی چل رہے ہیں۔ اسی کرپٹ چیف آفیسر نصیب اللہ کو ایک بار پھر ہمارے اوپر مسلط کیا جا رہا ہے۔ جسے کسی صورت قبول نہیں کیا جائے گا انہوں نے کہا حب شہر کرپٹ آفیسرز اور نمائندوں کی ناقص کارکردگی اور عوام دشمن پالیسیوں کی وجہ سے مسائلستان کا گڑھ بن چکا ہے روڈ گلیوں میں سیوریج کا پانی سیلاب کی شکل دکھا رہا ہے عوام کا کوئی پرسان حال نہیں لوگ پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں چوری ڈکیتی رہزنی سے عوام کی زندگی اجیرن بن چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ چیف آفیسر نصیب اللہ کو کرپشن اور غیر اخلاقی رویہ کے باعث ہمارے شدید احتجاج پر حب سے تبادلہ کیا گیا اب مذکورہ چیف آفیسر کو دوبارہ حب پر مسلط کرنے کی کوشش کی جارہی ہے لیکن ہم ایسی کسی بھی سازش کو کامیاب ہونے نہیں دینگے اور اتحادیوں کے ساتھ ملکر شدید احتجاج کیا جائے گا انہوں نے سیکرٹری بلدیات چیف سیکرٹری بلوچستان وزیر اعلیٰ بلوچستان سے مطالبہ کیا کہ سابقہ کرپٹ چیف آفیسر کو حب پر مسلط نہ کیا جائے اور کسی بااخلاق اچھے آفیسر کو حب میں تعینات کیا جائے

بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ش میں نکلا ہوا ہے اور نام نہاد مراعات یافتہ مزدور طبقہ تعطیلات منا کر گھر میں آرام فرما ہیں انہوں نے کہا ہے کہ آج بھی مزدور اسی طرح کسمپرسی کی زندگی گزار رہا ہے جیسا کہ 1886 میں انکو مشکلات کا سامنا تھا انہوں نے کہا ہے کہ اس ہوشربا مہنگائی میں مزدور کی اجرت آٹے میں نمک کے برابر ہے جو کہ ریاست کیلئے بڑا المیہ ہے انہوں نے کہا ہے کہ وقت کے تقاضے کے ساتھ مزدور کی اجرت میں اضافہ کیا جائے

پولیس

ریلوے اسٹیشن	9201499
کینٹ پولیس اسٹیشن	9201087
بجلی روڈ پولیس اسٹیشن	9202042
سٹی پولیس اسٹیشن	9201250
گوالمنڈی پولیس اسٹیشن	1217
پشتون آباد پولیس اسٹیشن	2664040
قائد آباد پولیس اسٹیشن	9202218
انڈسٹریل پولیس اسٹیشن	92111050
پولیس لائن	9201435
کچلاک پولیس اسٹیشن	2890234
سریاب پولیس اسٹیشن	9211080
بروری پولیس اسٹیشن	2853610
نیوسریاب پولیس اسٹیشن	2892033
شالکوٹ پولیس اسٹیشن	2460190
ایمرجنسی سینٹر	15
ایمرجنسی سینٹر (A)	9202555
ایمرجنسی سینٹر (B)	9202777
سول لائن پولیس اسٹیشن	9202730
کرائم برانچ	9201418
صدر پولیس اسٹیشن	9201435
ٹریفک ایمرجنسی	9201991
سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس اسٹیشن	9211707
سی آئی اے	9202253
ایئرپورٹ پولیس اسٹیشن	2880387

بجلی

مرکزی شکایات سینٹر	18
کوئٹہ ڈویژن	9202027
ریونیو آفس سریاب	9211341
سب ڈویژن کرانی	2442834
کچلاک سب ڈویژن	2890075
گوالمنڈی سب ڈویژن	2869001
لیاقت بازار شکایات آفس	9201459
بروری سب ڈویژن	2828409
زرغون آفس	2823403
سپرنٹنڈنٹ انجینئر کوئٹہ	9202003

پی آئی اے

انکوائری	117
ایکس چینج	9201993/9202632
ریزرویشن	9201066
ایئرپورٹ انکوائری	114
ٹکٹنگ	9203873
ایئرپورٹ ایکسچینج	2880213/6
[illegible]	2880028

ٹیلیفون

ہیلپ لائن	1236
شکایات	1218
بلنگ ہیلپ لائن	1200

ہسپتال

ایدھی سینٹر	2830861115
عمر فاؤنڈیشن	2837296
سول ہسپتال ایمبولینس	9202017
سول ہسپتال ایکس چینج	9202017
کرسچن ہسپتال	2842697
وفاقی میڈیکل سینٹر	9211636
ہیلپر آئی ہسپتال	9211087
ریلوے ہسپتال	9211078
لیڈی ڈفرن ہسپتال	2836532
فاطمہ جناح ٹی بی سینیٹوریم	2853618
چلڈرن ہسپتال	2823705/14
مائیکلو شہید ٹرسٹ	2824875/2828383
پاکستان جنرل ہسپتال	2842043/284229
جیلانی ہسپتال	2447183
ایل آر بی	2850362
شعبہ حادثات سول ہسپتال/ایمرجنسی	137
بی ایم سی	2823618/2830553
قومی فاؤنڈیشن میڈیکل سینٹر	2664461

فائر بریگیڈ

سٹی فائر بریگیڈ	2841118/920264
سرکلر روڈ	9201066/16
کنٹونمنٹ بورڈ	9201629

واسا شکایات

ایکسچینج	9211612
سب آفس مالی باغ	9202299
کواری روڈ	9202846
ایوب اسٹیڈیم	9202708

دیگر اہم نمبر

پی ٹی وی کوئٹہ سینٹر	9202626
ریڈیو پاکستان	9202393
کوئٹہ پریس کلب	2821731
بلوچستان بورڈ	9202791

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

صحافت شوبز

ہر نیا دن نئی امید اور نئی انرجی لے کر آتا ہے، صباء قمر

جب ہم ناامید ہو جاتے ہیں تو زندگی بے رنگ اور پھیکی ہو جاتی ہے

لاہور (یواین پی) اداکارہ صباء قمر نے کہا ہے کہ ہر نیا دن نئی امید اور نئی انرجی لے کر آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زندگی میں کبھی بھی امید کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے اور ہمیشہ اچھے کی امید رکھیں اور اچھا سوچیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ امید ہی ہے جو ہمیں جینے کا حوصلہ فراہم کرتی ہے اور جب ہم ناامید ہو جاتے ہیں تو زندگی بے رنگ اور پھیکی ہو جاتی ہے۔ اداکارہ صباء قمر نے کہا ہے کہ ہر نیا دن نئی امید اور نئی انرجی لے کر آتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زندگی میں کبھی بھی امید کا دامن نہیں چھوڑنا چاہیے اور ہمیشہ اچھے کی امید رکھیں اور اچھا سوچیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ امید ہی ہے جو ہمیں جینے کا حوصلہ فراہم کرتی ہے اور جب ہم ناامید ہو جاتے ہیں تو زندگی بے رنگ اور پھیکی ہو جاتی ہے۔

شوہر اور بیوی کا ایک دوسرے کا بہترین دوست ہونا متحرک رشتے کی اہم کنجی ہے، رنویر سنگھ

میں اور دیپیکا نہ صرف ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ ہم ایک دوسرے کے بہترین دوست ہیں

ممبئی (یواین پی) بالی وڈ اداکار رنویر سنگھ نے کہا ہے کہ شوہر اور بیوی کے درمیان بہترین دوستی متحرک رشتے کی کنجی ہے۔ ذرائع ابلاغ کے مطابق اداکار رنویر سنگھ نے اپنے انٹرویو میں کہا کہ شوہر اور بیوی کا ایک دوسرے کا بہترین دوست ہونا ان کے متحرک رشتے کی اہم کنجی ہے، میں اور دیپیکا نہ صرف ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں بلکہ اس سے بھی زیادہ ہم ایک دوسرے کے بہترین دوست ہیں، ہم ایک دوسرے کی ہمت و حوصلہ اور ساتھی ہیں جہاں آپ خوشیوں، خاموشیوں اور خوشگوار لمحات شیئر کرتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ انہوں نے اپنی زندگی میں 2 چیزوں کو سب سے اہم سمجھتے ہیں ایک یہ کہ وہ اداکار بنے اور دوسرا یہ کہ انہیں سب سے خوبصورت جیون ساتھی ملا جس کی کوئی امید کرتا ہے۔

فنکار کو فنون لطیفہ کے تمام شعبوں میں کام کرنا چاہیے، لیلیٰ

لاہور (یواین پی) اداکارہ و ماڈل لیلیٰ نے کہا ہے کہ پاکستان میں بننے والی فلموں کو ہم مکمل فلم تو نہیں کہہ سکتے لیکن جدید ٹیکنالوجی کے ساتھ جو کام کیا جا رہا ہے اس سے ہماری فلم کے معیار میں بہتری دکھائی دے رہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار اداکارہ لیلیٰ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک نوجوان جب شوبز کی دنیا میں قدم رکھتا ہے تو اس کے کچھ ٹارگٹ ہوتے ہیں اور آگے بڑھنے کے لیے وہ کسی نہ کسی سے متاثر بھی ہوتا، جس کو سامنے رکھتے ہوئے وہ مختلف شعبوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منواتا ہے لیکن بدقسمتی سے ہمارے ہاں جب ایک فنکار کسی ٹی وی ڈرامہ میں مقبول ہو جائے تو پھر اس کو ٹی وی تک ہی محدود رہنے دیا جاتا ہے۔ لیلیٰ مزید نے کہا کہ فلم انڈسٹری میں کسی کو اچھا مقام مل جائے تو پھر وہ ٹی وی پر کام کرنے کو ترجیح نہیں دیتا۔ حالانکہ ایک فنکار کو فنون لطیفہ کے تمام شعبوں میں کام کرنا چاہیے۔ کیونکہ فنون لطیفہ کے تمام شعبوں میں کام کرنے سے کوئی بھی فنکار بڑا یا چھوٹا نہیں ہوتا بلکہ یہ اس کی تربیت کا ایک ایسا حصہ ہوتا ہے، جس کو سمجھنا بے حد ضروری ہے۔ یہی وجہ ہے کہ میں نے اپنا فنی سفر فلم انڈسٹری سے شروع کیا، لیکن پھر میں نے تھیٹر اور ٹی وی پر بھی کام کیا اور یہ سلسلہ جاری ہے۔ لیلیٰ نے کہا کہ پاکستان میں اچھی اور معیاری فلموں کا دور واپس آ رہا ہے۔

سلمان خان فائرنگ کیس میں گرفتار ملزم کی خودکشی کی کوشش

ممبئی (سی ایم لنکس) بالی ووڈ کے دبنگ اسٹار سلمان خان کے گھر پر فائرنگ کیس میں گرفتار ملزم نے دوران حراست خودکشی کی کوشش کی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 32 سالہ انوج تھاپن نے اپنے ایک اور ساتھی کے ساتھ مل کر سلمان خان کے ممبئی کے گھر کے باہر فائرنگ میں استعمال ہونے والا اسلحے کا انتظام کیا تھا۔ انوج تھاپن نے ملزم وکی گپتا اور ساگر کو اسلحہ فراہم کیا تھا اور پھر انہوں نے 14 اپریل کی صبح سلمان خان کے گھر کے باہر فائرنگ کی تھی۔ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پہلے ملزم وکی گپتا اور ساگر کو ریاست گجرات کے علاقے بھوج سے گرفتار کیا تھا اور پھر 26 اپریل کو انوج تھاپن کو بھارتی ریاست پنجاب سے گرفتار کیا تھا۔ اب پولیس ذرائع نے بھارتی میڈیا کو بتایا کہ انوج تھاپن نے مبینہ طور پر پولیس حراست میں رہتے ہوئے خودکشی کرنے کی کوشش کی ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ انوج تھاپن کو کس چیز نے خودکشی کی کوشش کرنے پر مجبور کیا اس کی تحقیقات جاری ہیں۔ واضح رہے کہ 14 اپریل کی صبح 5 بجے ممبئی کے علاقے باندرہ میں سلمان خان کی رہائش گاہ گلیکسی اپارٹمنٹ کے باہر موٹر سائیکل سوار 2 مسلح افراد نے تین راؤنڈز فائرنگ کیے تھے اور پھر دونوں افراد فرار ہو گئے تھے۔

راگھو چڈھا سے شادی کا فیصلہ پانچ منٹ کے اندر کر لیا تھا، پرینیتی چوپڑا

مجھے نہیں معلوم تھا کہ یہ شادی شدہ اور بچوں کے باپ بھی ہیں اور انکی کیا عمر

ممبئی (یواین پی) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ پرینیتی چوپڑا نے کہا کہ راگھو چڈھا سے شادی کا فیصلہ ان سے ملاقات کے بعد پانچ منٹ کے اندر کر لیا تھا، یہ سوچے بغیر کے وہ پہلے سے شادی شدہ اور ان کے بچے بھی ہیں۔ 35 سالہ اداکارہ نے حال ہی میں ایک انٹرویو کے دوران اپنے شوہر سے تعلقات کے حوالے سے انکشاف کرتے ہوئے بتایا کہ ہماری ملاقات لندن میں ہوئی اور میں نے عمومی طور پر جیسے ہائے کہتے ہیں کہہ کر آگے بڑھ گئی۔ لیکن اس مرتبہ میں نے کہا ان سے ناشتے پر ملتے ہیں، ہماری ٹیم کے جو آٹھ دس افراد شامل تھے ہم سب اگلے دن ناشتے پر ملے، مجھے انکے بارے میں کچھ معلوم نہیں تھا۔ انکا جو بھی کام تھا اسکا بعد میں پتہ چلا۔ پھر ہم نے ہفتوں نہیں دنوں میں سمجھ لیا کہ ہمیں شادی کر لینا چاہیے۔ اپنی حالیہ فلم "امر سنگھ چمکیلا" کی کامیابی پر خوش پرینیتی چوپڑا کے مطابق میں قسم کھاتی ہوں کہ میں راگھو چڈھا سے ملی اور پانچ منٹ میں جان لیا کہ ہمیں شادی کرنا چاہیے۔ مجھے نہیں معلوم تھا کہ یہ شادی شدہ اور بچوں کے باپ بھی ہیں اور انکی کیا عمر ہے یہ میرے سامنے ناشتے پر بیٹھے میں نے انہیں دیکھا اور سوچا کہ ان سے شادی کرنا چاہتی ہوں، یہ خدا کی طرف سے تھا۔

الوارجن کی فلم ''پشپا2'' 15اگست کو سینما گھروں کی زینت بنے گی

ممبئی (یواین پی) سپر اسٹار الو ارجن کی بلاک بسٹر 'پشپا2' نے ریلیز سے قبل ہی ایک بڑا اعزاز اپنے نام کر لیا ہے اور وہ بنگالی زبان میں ریلیز ہونے والی پہلی پین انڈین فلم بن گئی ہے۔ پین انڈین فلمیں اب تک صرف پانچ زبانوں ہندی، تامل، تیلگو، کنڑا اور ملیالم میں ریلیز ہوتی ہیں لیکن ''پشپا2'' چھ زبانوں میں ریلیز کی جائے گی۔ نامور موسیقار دیوی سری پرساد نے اس کی تصدیق کرتے ہوئے ایک انٹرویو میں بتایا کہ فلم کے گانوں کو بنگالی میوزک دینے کیلئے انہیں مزید دو ماہ محنت کرنی پڑی۔ دوسری طرف فلم میکرز کی جانب سے 'پشپا2' کا ایک بہت بڑا انٹرول منظر شوٹ کیا ہے جبکہ فلم رواں برس 15 اگست کو سینما گھروں کی زینت بنے گی۔ یاد رہے کہ انٹرنیشنل اسٹریمنگ سروس نیٹ فلکس نے 'پشپا2' کے ڈیجیٹل حقوق 275 کروڑ روپے میں خریدے ہیں اور یہ کسی بھی تیلگو فلم کا اب تک سب سے بڑا معاہدہ ہے۔

'آئی آئی' ریلیز ہونے کے بعد لوگوں نے پہچاننا شروع کیا، بابر منگی، نعمان راجپر

کراچی (سی ایم لنکس) کوک اسٹوڈیو سیزن 15 کے پہلے گانے 'آئی آئی' کے بعد سوشل میڈیا پر مقبول ہونے والے سندھی گلوکاروں نے شکوہ کیا ہے کہ لوگوں نے 15 سال بعد اب انہیں ایک ہی گانے کے بعد پہچاننا شروع کر دیا۔ نعمان راجپر اور بابر منگی نے حال ہی میں نجی ٹی وی کو انٹرویو دیا، جس میں انہوں نے اپنے کیریئر سمیت کوک اسٹوڈیو تک پہنچنے کے سفر کا احوال بتایا۔ دونوں گلوکاروں کے مطابق انہیں ریپر گلوکاری کرتے ہوئے 10 سے 14 سال ہو چکے ہیں لیکن انہیں شہرت اب ملی ہیں۔ پروگرام میں بات کرتے ہوئے بابر منگی کا کہنا تھا کہ 'آئی آئی' ریلیز ہونے کے بعد انہیں ٹیکسی ڈرائیور سے لے کر ہوٹل کے ملازمین بھی پہچاننے لگے ہیں اور انہیں شہرت حاصل کر کے اچھا محسوس ہو رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ان کے خاندان کا اصل تعلق لاڑکانہ سے تھا لیکن وہ ہجرت کر کے سکھر منتقل ہو چکے ہیں جب کہ انہوں نے زبیسٹ سے میڈیا اسٹڈیز کی تعلیم حاصل کر رکھی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں شروع سے ہی گلوکاری کا شوق تھا اور وہ کافی عرصے سے نعمان راجپر کے ساتھ مل کر کام کر رہے تھے اور بہت سارے لوگ انہیں جانتے بھی تھے لیکن بڑے پیمانے پر اب انہیں شہرت ملی ہے۔ پروگرام میں بات کرتے ہوئے نعمان راجپر کا کہنا تھا کہ ان کا اصل تعلق خیرپور سے ہے اور انہوں نے انجینئرنگ کی تعلیم حاصل کر رکھی ہے لیکن وہ کم سے کم 14 سال سے گلوکاری کرتے آ رہے ہیں۔ انہوں نے شکوہ کیا کہ 'آئی آئی' ریلیز ہونے کے بعد لوگوں کے ان کے ساتھ ایک دم سے رویے تبدیل ہو گئے، پہلے جو لوگ انہیں بیکار سمجھتے تھے اب وہی لوگ ان کے اپنے رشتیدار کہلانے لگے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ اچھی بات ہے کہ 'آئی آئی' کے بعد لوگوں نے انہیں عزت دینا اور آرٹ کو سمجھنا شروع کیا ہے لیکن کسی کو بھی کسی کی محنت کو نظر انداز کرنے کا حق نہیں

فلم کا شاندار سیٹ بنانے میں پورا ایک سال صرف کیا گیا، سنجے لیلا بھنسالی

میں اپنی سیریز ''ہیرامنڈی'' میں پاکستانی اداکاروں کو کاسٹ کرنا چاہتا تھا، فلمساز



ممبئی (یواین پی) بالی ووڈ کے نامور فلمساز سنجے لیلا بھنسالی نے انکشاف کیا ہے کہ وہ اپنی ویب سیریز ہیرا منڈی: دی ڈائمنڈ بازار میں پاکستانی اداکاروں کو کاسٹ کرنے کے خواہشمند تھے۔ یکم مئی کو نیٹ فلکس پر ریلیز ہونے والی ویب سیریز ہیرا منڈی: دی ڈائمنڈ بازار کے ذریعے ہدایتکار سنجے لیلا بھنسالی نے او ٹی ٹی پلیٹ فارم پر قدم رکھا ہے۔ سنجے لیلا بھنسالی کی تہلکہ خیز ویب سیریز 'ہیرا منڈی: دی ڈائمنڈ بازار' میں سات گانے شامل ہیں جبکہ فلم کا شاندار سیٹ بنانے میں پورا ایک سال صرف کیا گیا۔ اس سیریز کی میگا کاسٹ میں سوناکشی سنہا، منیشا کوئرالہ، ادیتی راؤ حیدری، رچا چڈھا، سنجیدا شیخ، شرمین سیگل اور فردین خان شامل ہیں۔ ہیرا منڈی: دی ڈائمنڈ بازار کے پریمیئر کے بعد سوشل میڈیا پر سنجے لیلا بھنسالی کا حالیہ انٹرویو گردش کر رہا ہے جس میں انہوں نے سیریز کی کاسٹ سے متعلق اہم انکشاف کیا۔ سنجے لیلا بھنسالی نے کہا کہ ویب سیریز 'ہیرامنڈی' کے حوالے سے میرے ذہن میں ایک سے زیادہ کاسٹنگ تھی، میں گزشتہ 18 برس سے یہ سیریز بنانے کے بارے میں سوچ رہا تھا۔ بھارتی فلمساز نے کہا کہ میرے ذہن میں یہ سیریز بنانے کا خیال اُس وقت آیا تھا جب ریکھا جی، کرینہ کپور اور رانی مکھرجی کا بالی ووڈ پر راج تھا، تو میں نے ان تینوں اداکاراؤں کو اپنی ویب سیریز 'ہیرامنڈی' میں کاسٹ کرنے کا سوچا تھا۔

پرفیکشن نہیں بلکہ جادو کے پیچھے دوڑتا ہوں، عامر خان

لوگ مجھے پرفیکشنسٹ بولتے ہیں، اچھی بات ہے لیکن سچائی یہی ہے میں پرفیکشنسٹ نہیں ہوں

ممبئی (یواین پی) بالی وڈ سپر اسٹار عامر خان نے کہا ہے کہ پرفیکشن نہیں بلکہ جادو کے پیچھے دوڑتا ہوں۔ عامر خان کو بالی وڈ میں مسٹر پرفیکشنسٹ کہا جاتا ہے جس کی وجہ ان کی جاندار اداکاری ہے اور یہی وجہ ہے کہ ان کی فلمیں باکس آفس پر کئی 100 کروڑ کماتی ہیں۔ حال ہی میں عامر خان نے پہلی بار کامیڈی شو میں شرکت کی اور اپنی زندگی کے کئی رازوں سے پردہ اٹھایا ہے۔ شو میں گفتگو کرتے ہوئے عامر خان کا کہنا تھا کہ لوگ مجھے پرفیکشنسٹ بولتے ہیں، مجھے اس پر اعتراض نہیں ہے اچھی بات ہے لیکن سچائی یہی ہے کہ میں پرفیکشنسٹ نہیں ہوں کیونکہ پرفیکشنسٹ ہونا بوریت ہے، ہر چیز صحیح کرو میں اس کو مانتا ہی نہیں ہوں میں جادو کو مانتا ہوں۔

صحافت سپورٹس

SPORTS

ویمن ٹیم کے لیے بھی غیر ملکی کوچ تلاش کر رہے ہیں، محسن نقوی

ہماری تیاریاں جاری ہیں، کہیں ایک موقع پر بھی تیاری نہیں رکے گی

کراچی (سی ایم لنکس) چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) محسن نقوی نے کہا ہے کہ ویمن ٹیم جیتا جتایا میچ ہار گئی، شکست کا دکھ ہے، ہمیں ویمن ٹیم پر ابھی بہت کام کرنا ہے۔ کراچی میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی کا کہنا تھا کہ ویمن ٹیم کے لیے بھی غیر ملکی کوچ تلاش کیا جا رہا ہے، خواتین کرکٹرز کے لیے بھی ویسے ہی اقدامات ہوں گے جیسے مینز کے لیے ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل اسٹیڈیم ترقیاتی کام کے بعد دنیا کے بہترین اسٹیڈیمز میں سے ایک ہوگا، کراچی میں اسٹیڈیم کے اطراف میں ہوٹل کے بارے میں جلد خوشخبری ملے گی۔ چیئرمین پی سی بی کا کہنا تھا کہ کرکٹ کا پیسہ کرکٹ پر لگے گا، یہ بینکوں میں نہیں رکھا جائے گا۔ ایک سوال پر محسن نقوی نے کہا کہ ایف آئی والا معاملہ اتنا بڑا نہیں، وہ ادارہ بھی میرے ماتحت ہے، معاملہ اندرونی طور پر حل کریں گے، اگر کوئی اچھا کام کر رہا ہے تو اس کو محدود کیوں کریں۔

ٹی20 ورلڈکپ: قومی ٹیم میں فرسٹ چوائس وکٹ کیپر کیلئے کانٹے کا مقابلہ

محمد حارث سلیکٹرز کی نظروں سے اوجھل، رضوان، اعظم، عثمان اور حسیب ایک دوسرے کے مدمقابل

لاہور (یواین پی) ٹی20 ورلڈکپ اسکواڈ کے اعلان سے قبل قومی ٹیم میں وکٹ کیپر بیٹرز میں کانٹے کا مقابلہ جاری ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق گزشتہ ٹی20 ورلڈکپ ایڈیشن میں جنوبی افریقا کیخلاف جارحانہ اننگز کھیلنے والے نوجوان وکٹ کیپر بیٹر محمد حارث میگا ایونٹ میں سلیکٹرز کی نظروں سے اوجھل ہیں جبکہ اگلی محمد رضوان، عثمان خان اور بیک اپ کے طور پر حسیب اللہ خان کو موقع دیے جانے کا امکان ہے۔ انجری کے شکار اعظم خان کی شمولیت کا فیصلہ اگلی میڈیکل رپورٹس آنے کے بعد کیا جائے گا۔ دوسری جانب ورلڈکپ اسکواڈ سے قبل پاکستان کرکٹ ٹیم کی سلیکشن کمیٹی دورہ آئرلینڈ اور انگلینڈ کیخلاف سیریز ٹیم کا اعلان آج کرے گی، جس میں کئی بڑی تبدیلیاں دیکھنے کو مل سکتی ہیں۔ واضح رہے کہ قومی ٹیم رواں ماہ آئرلینڈ کیخلاف 3 اور انگلینڈ کے ساتھ 4 میچز پر مشتمل ٹی20 سیریز کھیلے گی۔

پی سی بی میں نئے چیف کیوریٹر کی تقرری کا فیصلہ

لاہور (سی ایم لنکس) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے نئے چیف کیوریٹر کی تقرری کا فیصلہ کرلیا۔ پی سی بی کی جانب سے نئے چیف کیوریٹر کے لیے اشتہار دے دیا گیا ہے، جس کے مطابق خواہشمند اور معیار پر پورا اترنے والے امیدوار 16 مئی تک درخواستیں جمع کرا سکیں گے۔ نئے چیف کیوریٹر کی ذمہ داری میں پلاننگ، آپریشنل مینجمنٹ، پچز اور گراؤنڈز سے متعلقہ تمام کام شامل ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین پی سی بی محسن نقوی جدید امور سے واقف شخص کو ذمہ داری دینے کے خواہشمند ہیں۔ واضح رہے کہ آغا زاہد کے پاس اس وقت وکٹوں کی تیاری کی ذمہ داری ہے جبکہ پاکستان میں پچز اور گراؤنڈز کے معیار کو تنقید کا نشانہ بنایا جاتا رہا ہے۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے نئے چیف کیوریٹر کی تقرری کا فیصلہ کرلیا۔ پی سی بی کی جانب سے نئے چیف کیوریٹر کے لیے اشتہار دے دیا گیا ہے، جس کے مطابق خواہشمند اور معیار پر پورا اترنے والے امیدوار 16 مئی تک درخواستیں جمع کرا سکیں گے۔ نئے چیف کیوریٹر کی ذمہ داری میں پلاننگ، آپریشنل مینجمنٹ، پچز اور گراؤنڈز سے متعلقہ تمام کام شامل ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق چیئرمین پی سی بی محسن نقوی جدید امور سے واقف شخص کو ذمہ داری دینے کے خواہشمند ہیں۔

ٹی20 ورلڈکپ 2024: پاک بھارت ٹیمیں سیمی فائنل تک نہیں پہنچیں گی

لندن (سی ایم لنکس) سابق انگلش کپتان اور کمنٹیٹر مائیکل وان ٹی20 ورلڈکپ 2024 میں پاکستان اور بھارت کی ٹیموں سے متعلق اہم پیشگوئی کردی۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (ٹوئٹر) پر ٹوئٹ کرتے ہوئے سابق کرکٹر وکمنٹیٹر مائیکل وان نے ٹی20 ورلڈکپ 2024 میں اپنی ٹاپ فور ٹیموں کا ذکر کرتے ہوئے میزبان ویسٹ انڈیز، انگلینڈ، جنوبی افریقا اور آسٹریلیا کو سیمی فائنل کھیلنے کا مضبوط دعویدار قرار دیدیا۔ انہوں نے پیشگوئی کی ہے کہ پاکستان اور بھارت کی ٹیمیں رواں ٹی20 ورلڈکپ ایڈیشن میں سیمی فائنل کی ریس سے باہر ہوجائیں گی۔ قبل ازیں گزشتہ روز بھارتی بورڈ نے میگا ایونٹ کیلئے اپنے اسکواڈ کا اعلان کیا تھا، جس میں روہت شرما کو بھارتی ٹیم کی کپتانی کی کمان سونپی گئی تھی جبکہ ہاردک پانڈیا کو نائب کپتان مقرر کیا تھا۔ کپتان روہت شرما، ویرات کوہلی، یشسوی جیسوال، سوریا کمار یادیو، رشبھ پنت، سنجو سیمسن، ہاردک پانڈیا، شیوم دوبے، رویندرا جڈیجہ، اکشر پٹیل، کلدیپ یادیو، یوزویندرا چہل، ارشدیپ سنگھ، جسپریت بمراہ اور محمد سراج شامل ہیں۔ دوسری جانب پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے تاحال ٹی20 ورلڈکپ کیلئے اسکواڈ کا اعلان نہیں کیا ہے البتہ آئرلینڈ اور انگلینڈ کیخلاف سیریز کیلئے گرین شرٹس کے اسکواڈ کا اعلان کل (جمعرات) ہوگا۔

آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی بیٹرز رینکنگ جاری

کپتان بابر اعظم ایک درجے ترقی کے ساتھ چوتھے نمبر پر موجود ہیں

دبئی (سی ایم لنکس) آئی سی سی نے ٹی ٹوئنٹی بیٹرز رینکنگ جاری کر دی ہے۔ کپتان بابر اعظم ایک درجے ترقی کے ساتھ چوتھے نمبر پر موجود ہیں جبکہ رضوان کی تیسری پوزیشن برقرار ہے۔ نیوزی لینڈ کے ٹم سائفرٹ 7 درجے ترقی کے ساتھ 17ویں نمبر پر ہیں، بھارت کے سوریا کمار یادو کا پہلا نمبر برقرار ہے۔ باؤلنگ میں شاہین آفریدی کا 3 درجے ترقی کے ساتھ 14واں نمبر ہے۔ دوسری جانب آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 کے سلسلے میں آئی سی سی پچ کنسلٹنٹ اینڈی ایٹکنسن نے گراونڈ اسٹاف سمیت چیف کیوریٹر آغا زاہد سے ملاقات کی۔ چیف کیوریٹر آغا زاہد نے پچز کے حوالے سے بریفنگ دی، اینڈی ایٹکنسن نے پچز کا تفصیلی معائنہ کیا، گراونڈ اسٹاف کو پچز کے حوالے سے ٹپس بھی دیں۔

پی سی بی میں نئے چیف کیوریٹر کی تقرری کا فیصلہ

لاہور (یواین پی) سابق انگلش کپتان اور کمنٹیٹر مائیکل وان ٹی20 ورلڈکپ 2024 میں پاکستان اور بھارت کی ٹیموں سے متعلق اہم پیشگوئی کردی۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس (ٹوئٹر) پر ٹوئٹ کرتے ہوئے سابق کرکٹر وکمنٹیٹر مائیکل وان نے ٹی20 ورلڈکپ 2024 میں اپنی ٹاپ فور ٹیموں کا ذکر کرتے ہوئے میزبان ویسٹ انڈیز، انگلینڈ، جنوبی افریقا اور آسٹریلیا کو سیمی فائنل کھیلنے کا مضبوط دعویدار قرار دیدیا۔ انہوں نے پیشگوئی کی ہے کہ پاکستان اور بھارت کی ٹیمیں رواں ٹی20 ورلڈکپ ایڈیشن میں سیمی فائنل کی ریس سے باہر ہوجائیں گی۔

دورہ انگلینڈ کیلئے پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کے اسکواڈ کا اعلان

لاہور (سی ایم لنکس) دورہ انگلینڈ کیلئے پاکستان ویمنز کرکٹ ٹیم کے اسکواڈ کا اعلان کر دیا گیا۔ ندا ڈار کی قیادت میں 17 رکنی خواتین کرکٹ ٹیم کا اعلان کیا گیا، عالیہ ریاض، عائشہ ظفر، ڈیانا بیگ، فاطمہ ثنا اور گل فیروزہ کے نام دورہ انگلینڈ کیلئے ٹیم میں شامل ہیں۔ منیبہ علی اور نجیبہ علوی (وکٹ کیپر) نشرہ سندھو، ستالیہ پرویز، رامین شمیم اور صدف شمس بھی اسکواڈ کا حصہ ہیں۔ سعدیہ اقبال، سدرہ امین، طوبیٰ حسن، ام ہانی اور وحیدہ اختر کو بھی اسکواڈ میں شامل کیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ پاکستان ویمنز ٹیم دورے میں 3 ٹی ٹوئنٹی اور 3 ون ڈے انٹرنیشنل کھیلے گی، ون ڈے سیریز آئی سی سی ویمنز چیمپئن شپ کا حصہ ہے۔ اس کے علاوہ ٹیم ای سی بی ڈیولپمنٹ الیون کے خلاف دو وارم اپ میچز بھی کھیلے گی۔ اس دورے کا آغاز تین ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سے ہوگا جو 11، 17 اور 19 مئی کو برمنگھم، نارتھمپٹن اور لیڈز میں کھیلے جائیں گے۔ ون ڈے میچز 23، 26 اور 29 مئی کو ڈربی، ٹاؤنٹن اور چیمسفرڈ میں ہوں گے۔

آسٹریلیا کا ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کیلئے اسکواڈ کا اعلان

سڈنی (سی ایم لنکس) کرکٹ آسٹریلیا نے انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے لیے اسکواڈ کا اعلان کر دیا۔ رکی پونٹنگ، گلین میگرا، مائیکل ہسی، میتھیو ہیڈن، ایڈم گلکرسٹ، اسٹیورٹ کلارک اور مائیکل کلارک نے اینڈریو سائمنڈز کے بچوں کے ہمراہ اسکواڈ کا اعلان کیا۔ آل راؤنڈر مچل مارش کو آسٹریلیا ٹی ٹوئنٹی ٹیم کا کپتان بنا دیا گیا۔ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے لیے آسٹریلوی اسکواڈ میں ایشٹن اگر، پیٹ کمنز، ٹم ڈیوڈ، نیتھن ایلس اور کیمرون گرین شامل ہیں۔ جوش ہیزل ووڈ، ٹریوس ہیڈ، جوش انگلس اور گلین میکسویل اسکواڈ کا حصہ ہیں۔

افغانستان نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2024ء کیلئے سکواڈ کا اعلان کر دیا

راشد خان سپن ڈپارٹمنٹ کی قیادت کریں گے، مجیب الرحمان، نور احمد، نتکیال خروٹی اور تجربہ کار محمد نبی کی معاونت حاصل ہوگی

کابل (یواین پی) افغانستان نے جون میں ویسٹ انڈیز اور امریکا میں ہونے والے آئندہ آئی سی سی مینز ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2024ء کے لیے اپنے 15 رکنی سکواڈ کا اعلان کر دیا ہے جس میں راشد خان ٹیم کے کپتان ہوں گے۔ اس سال کے شروع میں آئرلینڈ کے خلاف افغانستان کے لیے ڈیبیو کرنے والے نتکیال خروتی، جنہوں نے صرف 5.90 کے اکانومی ریٹ کے ساتھ تین میچوں میں پانچ وکٹیں حاصل کی تھیں، شاندار کارکردگی کے بعد اسکواڈ میں جگہ حاصل کی ہے۔ مزید برآں سکواڈ میں محمد اسحاق ایک ہونہار وکٹ کیپر بلے باز ہیں جنہوں نے اس سے قبل 2020ء اور 2022ء کے آئی سی سی انڈر 19 مینز کرکٹ ورلڈکپ میں افغانستان کی نمائندگی کی تھی۔

آسٹریلیا نے ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ 2024ء کے لیے سکواڈ کا اعلان کر دیا

سٹیو سمتھ، جیک فریزر-میک گریک ورلڈ کپ سکواڈ سے باہر

سڈنی (یواین پی) آسٹریلیا نے 2024ء کے T20 ورلڈکپ کے لیے اپنے اسکواڈ کا اعلان کیا ہے جس میں سٹیو اسمتھ اور جیک فریزر-میک گریک جیسے نمایاں بیٹر سکواڈ کا حصہ نہیں ہیں جب کہ کیمرون گرین اور ایشٹن ایگر نے کیریبین جانے والی 15 کھلاڑیوں کی ٹیم میں جگہیں حاصل کی ہیں۔ یہ ایک دہائی میں پہلی بار ہے کہ اسٹیو اسمتھ کو سلیکٹرز کے اسٹریٹجک انتخاب کو اجاگر کرنے والے مردوں کے ورلڈکپ سکواڈ سے باہر رکھا گیا ہے۔ ایشٹن آگر اور کیمرون گرین تقریباً 18 ماہ تک بین الاقوامی T20 کرکٹ سے غیر حاضری کے باوجود اس سلیکشن سے سب سے زیادہ فائدہ اٹھانے والے ہیں۔



بقیہ 1 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کرتا ہے، کم وسائل کے باوجود کوسٹ گارڈز کی کارکردگی بہترین ہے۔اور ادارے کی پیشہ ورانہ کارکردگی، اسمگلنگ کے خاتمے و جوانوں کے بلند عزم، حوصلہ اور کوششوں خصوصا انسداد منشیات کے حوالے سے کیے گئے اقدامات اور کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ پاکستان کوسٹ گارڈز زمین اور سمندر میں بیک وقت اپنے فرائض انجام دینے والی واحد فورس ہے جس کا نہ صرف زمانہ امن بلکہ کسی بھی مشکل اور جنگی صورت حال میں ایک اہم کردار ہے۔اس لیے حکومت کی جانب سے پاکستان کوسٹ گارڈز کو مزید فعال اور مضبوط بنانے کے لیے ہر ممکن مدد اور درکار وسائل کی فراہمی کی یقین دہانی کراتے ہوئے پاکستان کوسٹ گارڈز کے لیے نیک خواہشات کا اظہار بھی کیا۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ہیڈ کوارٹرز پاکستان کوسٹ گارڈز کے مختلف شعبوں کا دورہ کیا۔قبل ازیں ڈی جی پاکستان کوسٹ گارڈز بریگیڈیئر غلام عباس نے وفاقی وزیر داخلہ کا ہیڈ کوارٹرز کوسٹ گارڈز پہنچنے پر استقبال کیا وفاقی وزیر داخلہ نے یادگار شہداء پر پھول چڑھائے اور سلامی پیش کی۔اور شہدا کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ کو پاکستان کوسٹ گارڈز کے پیشہ ورانہ امور پر بریفنگ دی گئی۔ جس میں کوسٹ گارڈز کی ذمہ داریاں نبھانے اور ہر قسم کی اسمگلنگ خصوصا انسداد منشیات کی روک تھام کے لیے کی گئی کوششوں کا ذکر کیا گیا۔وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کو پاکستان کوسٹ گارڈز کی پیشہ ورانہ تربیتی امور اور اسمگلنگ کی روک تھام کے لیے کئے گئے اقدامات اور پکڑی گئی منشیات، شراب اور دیگر جنرل آئٹمز کی تفصیلات بھی بتائی گئیں جس میں منشیات کو نذر آتش کرنے کا عمل شامل ہے

بقیہ 2 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

، اپنا پسینہ بہانے والی طاقت کو خون میں نہلا دیا گیا، مگر ان جاں نثاروں کی قربانیوں نے محنت کشوں کی توانائیوں کو بھرپور کر دیا۔ مزدوروں کا عالمی دن کارخانوں، کھیتوں کھلیانوں، کانوں اور دیگر کارگاہوں میں سرمائے کی بھٹی میں جلنے والے لاتعداد محنت کشوں کا دن ہے اور یہ محنت کش انسانی ترقی اور تمدن کی تاریخی بنیاد ہیں انہوں نے کہا کہ مہنگائی نے مزدوروں کی زندگیوں میں بہت بڑا بحران لے کر آئی ہے۔موجودہ حالات کے پیش نظر مہنگائی کی وجہ سے دھاڑی دار طبقے بری طرح متاثر ہو چکے ہیں۔اسلئے میں ہمہ وقت کوشاں ہوں کہ گلگت بلتستان کے عوام کو روزگار، غریبوں کو اسپیشل پیکج وغیرہ فراہم کرا کر انکی زندگیوں میں خوشحالی لاسکو اور انشاء اللہ ہر گھڑی مزدور طبقے کیلئے اپنی کوششیں جاری رکھوں گا۔انہوں نے یوم مزدور کے دن کے حوالے سے مزدوروں سے مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے عہد کیا کہ مزدور طبقے کی حقوق کیلئے ہمیشہ کوشاں رہیں گے

بقیہ 3 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ایک سمندری راستے سے سمگل کر کے لایا جا رہا ہے۔رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ ملک میں سالانہ 2 ارب 80 کروڑ لیٹر ایرانی ڈیزل اور پٹرول سمگل کر کے لایا جا رہا ہے جس سے قومی خزانے کو کم از کم 227 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ اسمگل شدہ ایرانی تیل کا تقریبا 45 فیصد سندھ اور 25 فیصد پنجاب اور خیبر پشتونخوا میں منتقل کیا جاتا ہے جبکہ 30 فیصد بلوچستان میں استعمال ہوتا ہے۔رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ بلوچستان کی لگ بھگ 15 فیصد آبادی کا روزگار ایرانی تیل کی سمگلنگ سے وابستہ ہے۔رپورٹ میں انکشاف کیا گیا ہے کہ ایرانی تیل کی سمگلنگ میں بلوچستان کے کئی موجودہ اور سابق وزراء اور سیاستدان بھی ملوث ہیں۔ان میں سابق صوبائی اسد بلوچ، لالہ رشید بلوچ، جمل کلمتی، سابق وزیر اعلی عبدالقدوس بزنجو کے بھائی تمیل بزنجو، سابق صوبائی وزیر محمد خان لہڑی کے بھائی آصف لہڑی سمیت کئی دیگر سیاستدان شامل ہیں۔

بقیہ 4 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے عوام مصنوعی قلت کی وجہ سے ایک بوند بوند کو ترس گئے ہیں جو کہ عوام کے ساتھ ظلم و ناانصافی ہے۔جیونی کے عوام کو پانی کی فراہمی کو ممکن بنایا جائے اور مین پائپ لائن میں پانی کی مقدار کو بڑھایا جائے۔ بیان میں کہا گیا کہ گوادر کے حوالے سے حکمران تو دعوے تو بہت کرتے ہیں لیکن عملا گوادر پورا ضلع بنیادی ضروریات سے محروم ہے۔بارشوں و سیلاب نے گوادر شہر کو ڈبو دیا۔ جہاں لوگوں کو شدید نقصان پہنچا۔لیکن کمزور ریلیف بچاؤ اور بحالی کے عمل نے مذید عوام کی مشکلات کا شکار بنا دیا۔ بیان میں کہا گیا کہ جیونی سمیت دیگر علاقوں میں پینے کی فراہمی کو فوری طور پر ممکن بنایا جائے اور عوام کو زندگی مہیا کیا جائے

بقیہ 5 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے ہمیشہ مزدوروں کا ساتھ دیا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ریلوے محنت کش یونین کے زیر اہتمام ریلوے سٹیشن پر یوم مئی کے جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا ان کا کہنا تھا کہ مزدور طبقہ کسی بھی ادارے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے ہم نے ہمیشہ مزدور طبقہ کا ساتھ دیا ہے ان کے مسائل کیلئے جدوجہد کی ہے ریلوے کالونی کے مسائل سے آگاہ ہوں مکینوں کو جو مسائل درپیش ہیں ان کے حل کیلئے بھرپور کوشش کریں گے کوئٹہ سے چھ ٹرینیں چلتی تھی جس سے ریلوے کو کافی فائدہ پہنچ رہا تھا اور ریل کا سفر ایک بہترین سفر ہے مزدور ساتھیوں کے ساتھ اسلام آباد جا کر ٹرینوں کی بندش کے حوالے سے وفاقی وزیر ریلوے سے بات کر کے مسائل کے حل کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کروں گا۔انہوں نے کہا کہ بلوچستان ایک لاوارث صوبہ ہے اور اس کے ساتھ سوتیلی جیسا سلوک کیا جا رہا ہے سونا چاندی کی سرزمین کے لوگ پانی کو ترس رہے ہیں ریلوے مزدوروں کو چار پانچ سال سے پنشن اور گریجویٹی نہیں دی گئی جبکہ حکمران اور افسر شاہی عیش و عشرت کر رہے ہیں

بقیہ 6 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بدقسمتی سے تاحال میونسپل کارپوریشن کے ذمہ دار اور عملے پراسرار جانور کی سراغ لگانے اور متاثرہ لوگوں کی مدد کرنے سے قاصر ہے تفصیلات کے مطابق پنجگور کے علاقے چتکان ٹی وی سٹیشن کے قریب عاصم اسماعیل کے گھر میں پراسرار جانور نے حملے کرکے 9 کے قریب بکریوں کو کاٹ کر ہلاک کیا ہے ہلاک کیے گئے بکریوں کی مالیت لاکھوں روپے میں بتائی جاتی ہے پنجگور چتکان ٹی وی اسٹیشن کے قریب پراسرار جانور کی پے در پے حملے اور لوگوں کو نقصان دینے کے باوجود میونسپل کارپوریشن اب تک خاموش ہے نہ ہی پراسرار جانور کی سراغ لگا رہا ہے اور نہ ہی متاثرہ لوگوں کی مدد کر رہا ہے جس سے اہل علاقے میں شدید خوف اور بے چینی پیدا ہو چکی ہے اور اہل علاقے کے لوگوں کی راتیں بڑی مشکل سے گزر رہی ہے متاثرہ گھر والوں نے بتایا کہ گزشتہ رات پراسرار جانور نے رات کو ہمارے گھر کے بکریوں پر حملہ کرکے 9 کے قریب بکریوں کے گردن کاٹ کر بکریوں کو ہلاک کیا ہے جس سے ہمیں لاکھوں کا نقصان اور قیمتی بکریاں ہلاک ہو چکے ہیں اتنی بڑی نقصانات اور قیمتی بکریاں ضائع ہونے کے باوجود میونسپل کارپوریشن تاحال خاموش اور پراسرار جانور کی تدارک کیلئے اقدامات نہیں کر رہی ہے حالانکہ گزشتہ شب پراسرار جانور نے اسی علاقے میں حولدار محمد رحیم نامی شخص کے گھر میں بھی ایک درجن کے قریب بکریوں کو پراسرار جانور نے کاٹ کر ہلاک کیے تھے جس کی سوشل میڈیا سمیت پرنٹ اور الیکٹرونک میڈیا میں بھی چرچا ہوئے تھی اسکے باوجود ضلعی انتظامیہ اور خصوصا میونسپل کارپوریشن عملی اقدامات سے گریزاں ہے اہل علاقے کا مطالبہ ہے کہ مزید کسی بڑے نقصان سے بچانے کیلئے ضلعی انتظامیہ اور میونسپل کارپوریشن اقدامات کریں

بقیہ 7 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تمام طبقات کے حقوق متعین کئے ہیں، تاہم مزدور کے حقوق کے حوالے سے اسلام میں کہا گیا ہے کہ مزدور کو اس کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے اس کی مزدوری ادا کر دی جائے، آنحضرت ? کی طرف سے مزدوروں کے حق میں اہل دنیا کے لئے یہ ایک اہم پیغام ہے، لیکن آج کل کے معاشروں میں عملی میدان اس حوالے سے کمزوری ہے، آج بھی جاگیردار اور سرمایہ دار مزدوروں کے ساتھ ظلم کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔محترمہ درچین نے کہا کہ انسانی تاریخ میں محنت وعظمت اور جدوجہد سے بھرپور استعارے کا دن یکم مئی ہے۔1886ء میں شکاگو میں سرمایہ دار طبقے کے خلاف اٹھنے والی آواز، اپنا پسینہ بہانے والی طاقت کو خون میں نہلا دیا گیا، مگر ان جاں نثاروں کی قربانیوں نے محنت کشوں کی توانائیوں کو بھرپور کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ مزدوروں کا عالمی دن کارخانوں، کھیتوں، کھلیانوں، کانوں اور دیگر کارگاہوں میں سرمائے کی بھٹی میں جلنے والے لاتعداد محنت کشوں کا دن ہے اور یہ محنت کش انسانی ترقی اور تمدن کی تاریخی بنیاد ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج ہم عالمی یوم مزدور کے موقع پر شکاگو کے ان محنت کشوں کی لازوال جدوجہد کو سلام پیش کرتے مزدور دنیا کے کسی بھی خطے سے تعلق ہو پاکستان ہو یا شکاگو کو قابل قدر و عظمت ہے، ان کی اس عظمت کو سلام ہے۔بی اے پی کی رہنما درچین مری نے کہا کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو لیبر پالیسی دی تھی، اس کا ذکر خطبہ حجۃ الوداع میں بھی موجود ہے کہ جو لوگ تمہارے ہاتھ کے نیچے کام کرتے ہیں وہ تمہارے بھائی ہیں، ان پر کام کا وہ بوجھ نہ ڈالو جس کی وہ طاقت نہ رکھتے ہوں۔انہوں نے کہا کہ حکومت کی یہ ذمہ داری ہے کہ وہ مزدوروں کے لئے جامع قوانین بنائیں تاکہ ان کے حقوق کا تحفظ ہو سکے، حالانکہ 1919 کو عالمی ادارہ محنت کے قیام پر محنت کشوں کے اس بنیادی حق کو تسلیم کیا گیا۔

بقیہ 8 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سیکرٹری ڈاکٹر بایزید روشان، صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال کاسی نے خطاب کرتے ہوئے شکاگو کے 1886 کے ان عظیم شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ مزدوروں نے اپنے حقوق کیلئے جو قربانیاں دی ہے وہ ہمیشہ یاد رکھیں جائیں گی، سٹیج سیکرٹری کے فرائض پارٹی کے صوبائی ڈپٹی سیکرٹری علی محمد ترین نے سرانجام دیئے۔اس سے پہلے پارٹی ضلع کوئٹہ کا ضلعی کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں علاقائی یونٹوں نے اپنی کارکردگی کا تفصیلی رپورٹ پیش کیا گیا اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے فیصلے کیے گئے

بقیہ 9 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

پاکستان بھر میں بڑے کسان خوشحال اور آسودہ ہیں جبکہ چھوٹے کسان مختلف مسائل کا شکار ہیں چھوٹے کسان ملک کی بڑی آبادی کے لئے اجناس مہیا کرنے میں بڑا اہم کردار ادا کرتے ہیں کسان کو اوپر اٹھا؟ بغیر ہم ملک کو اوپر نہیں اٹھا سکتے

بقیہ 10 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

10 رہ جاتی ہیں باقی غائب کردی جاتی ہیں۔آئی جی ایف سی، آئی جی پولیس سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ان غیر قانونی اقدامات کا نوٹس لیکر تاجروں کو انصاف دیا جائے۔اگر یہ سلسلہ بند نہ ہوا تو بلوچستان اسمبلی کے سامنے دھرنا دیں گے جس سے حالات کی تمام تر ذمہ داری حکومت اور متعلقہ حکام پر عائد ہوگی۔ یہ بات انہوں نے بدھ کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کے دوران کیا اس موقع پر حضرت علی اچکزئی، یاسین مینگل، حاجی سعد اللہ اچکزئی، حاجی ہاشم کاکڑ، حاجی ظفر کاکڑ، سید عبدالخالق آغا، نقیب کاکڑ، محمد جان درویش، منظور ترین، محمد فضل، سردار ولی، نعمت ترین، کلیم اللہ کاکڑ، حاجی رحمت اللہ اچکزئی، حاجی محمد عیسیٰ، حاجی داؤد اچکزئی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ ان کا کہنا تھا کہ کشتی سے لوڈ گاڑیوں کو کسٹم کی مختلف چیک پوسٹوں پر یارو، لکپاس، بلیلی، کولپور، زیارت کراس، درخشان چیک پوسٹ سمیت دیگر مقامات پر روک کر ان سے بھتہ وصول کرتے ہیں بلوچستان جغرافیائی لحاظ سے ایران اور افغانستان بارڈر سے جڑا ہوا ہے صوبے کے عوام کا ذریعہ معاش تجارت، زراعت، مالداری پر منحصر ہے ان شعبوں کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا گیا ہے

بقیہ 11 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ت انہوں نے پاکستان ملی لیبر فیڈریشن بلوچستان کے کے زیر اہتمام شکاگو کے جانثار مزدوروں کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے منعقدہ جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دنوں کوئٹہ میں صفائی کرتے ہوئے راہ چلتے ٹرک نے مزدوروں کو کچل دیا جس میں دو مزدور شہید ہوئے لیکن افسوس کہ ارباب اختیار کو ان مزدوروں کی خبر تک نہیں اور مزدور کن مشکلات سے گزر ہیں آفیسر شاہی اپنی عیاشیوں میں مصروف عمل ہے اب بھی وقت ہے کہ مزدور ایک ساتھ ہو کر اپنے حقوق کیلئے جدوجہد کریں۔انہوں نے کہا کہ مزدوروں کی قیادت دن بدن سرمایہ اور اہورہی ہے جبکہ مزدور نان شبینہ کے محتاج ہو گئے ہیں پورے بلوچستان میں ایک واحد تعلیمی ادارہ بلوچستان یونیورسٹی ہے جہاں پورے صوبے سے طلبہ وطالبات تعلیم حاصل کرنے آتے ہیں یونیورسٹی ایک خودکفیل ادارہ ہونے کے باوجود پروفیسر، کلرک، کلاس فور کے ملازمین کئی ماہ سے تنخواہوں سے محروم ہیں جس کی وجہ سے انکے گھروں میں نوبت فاقوں تک آ پہنچی ہے۔تقریب سے آل پاکستان کلرک اینڈ ٹیکنیکل ایمپلائز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر شمس اللہ کاکڑ، حاجی غلام حیدر ہنگورزئی، ملک یار محمد شاہوانی، خان محمد مینگل، یونین کے چیئرمین خدا بخش لانگو، آل بلوچستان میونسپل ورکرز ایسوسی ایشن کے صدر لال رحیم بلوچ، جنرل سیکرٹری ندیم کھوکھر، بیگ محمد حسنی، آفیسر ایسوسی ایشن لیبر مین پاور کے صدر میر محمد اعظم رئیسانی، پاکستان مسلم لیگ مرکزی کے صوبائی صدر میر حضور بخش رنگلوزئی پی ایم سی ایمپلائز ایسوسی ایشن کے صدر شاہ کاسی، اے جی آفس ایسوسی ایشن کے صدر ملک سعید اعوان نے بھی خطاب کیا جبکہ حاجی اسد ہنگورزئی اور خان محمد مینگل نے اسٹیج سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیئے

بقیہ 12 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

معذور افراد خواجہ سراج وکلا صحافی اور سول سوسائٹی کے افراد شریک تھے اس موقع پر مختلف رہنماؤں کا کہنا تھا کہ محنت کشوں کے عالمی دن سب محنت کش مزدور کے ساتھ اظہار یکجہتی کے طور پر منایا جارہا ہے خواجہ سراج کا کہنا ہے کہ پاکستانی حکومت کو چاہیے ایک آرڈر جاری کرے جس سے محنت کش خواتین اور افراد کو ان کے حق کے مطابق مزدوری ملنی چاہیے ہم شکاگو کے شہیدوں کو سرخ سلام پیش کرتے ہیں یہ دن ہمیں محنت کشوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے پاکستان کی حکومت کو چاہئے ایک آرڈر پاس کرے جس میں مزدوری کی اجرت بڑھائی جائے

بقیہ 13 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گوشت بردار ٹرک کو روکنے کا اشارہ کیا تاہم رکنے کی بجائے ڈرائیور نے فرار ہونے کی کوشش کی اور ٹرک کو ایک پارکنگ ایریا میں داخل کرنے کے بعد اندری گیٹ بند کردیا۔مزید براں پی ایف اے آپریشن ٹیم نے مقامی پولیس کی مدد سے گیٹ کھول کر تقریبا پانچ ٹن ناقص گوشت لوڈ ٹرک اپنے تحویل میں لیا۔ بعدازاں ٹرک میں موجود چکن میٹ کے سیمپل لے کر لیبارٹری ٹیسٹ کے لئے بھجوائے گئے ، لیبارٹری رپورٹ کے مطابق پکڑا گیا لاکھوں مالیت کا گوشت انسانی استعمال کے لیے مضر صحت پایا گیا۔ بعدازاں پی ایف اے ٹیم کی نگرانی میں ناقص و غیر صحت بخش چکن میٹ کی بڑی مقدار شہر سے باہر محفوظ مقام پر تلف جبکہ ناقص گوشت کی سپلائی میں ملوث عناصر کے خلاف مزید قانونی کارروائی شروع کردی گئی

بقیہ 14 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ڑیوں سے نامعلوم شخص کی نعش برآمد نعش سول ہسپتال حسب منتقل کردیا گیا تاہم شناخت نہ ہو سکی پولیس کے متوفی کی عمر 50 سے 55 سال درمیان ہے اس حوالے پولیس مزید کارروائی کررہی ہے

بقیہ 15 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ی عبدالجبار شیخ وقار بھلپوٹو شکیل بھلپوٹو زاہد بھلپوٹو زبیر مری و دیگر مزدور رہنماؤں نے کہا کہ آج کا دن شکاگو کے شہدا کو خراج تحسین پیش کرنے کا ہے مزدور اللہ کا دوست ہوتا ہے مزدوروں کو حقوق کی حاصلات و تحفظ کے لیے متحد ہو کر جدوجہد کرنا ہوگی حکومتی اداروں کی نجکاری کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ہم مزدوروں کو بے روزگار و نجکاری نہیں کرنے دیں گے بلکہ شدید مزاحمت کی جائے گی اور احتجاج کا دائرہ وسیع کیا جائے گا حکومت مزدوروں کو اعلان کردہ اجرت و معاوضہ فراہم کر کے ریلیف پیکیج کا اعلان کرے حقوق ایسے نہیں ملیں گے بلکہ چھیننے پڑیں گے مزدوروں نے یوم مئی کے حوالے سے پریس کلب تک ریلی نکالی اور حقوق کے لیے نعرے بازی کی تقریب میں مزدوروں و معذوروں نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی

بقیہ 16 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مروت شاہین ضمیر جوائنٹ سیکرٹریز، رحمت علی خان ایڈیشنل جنرل سیکرٹری اور متوکل خان صوبائی ڈپٹی جنرل سیکرٹری منتخب کیے گئے ہیں۔ انٹرا پارٹی نتائج کے مطابق ارم فاطمہ نائب صدر خواتین منتخب ہوئیں، صلاح الدین مومند، قاسم علی خان اور شاہی خان شیرانی نائب صدور منتخب ہوئے۔میاں افتخار حسین کو اے این پی خیبر پختونخوا کا صدر جب کہ حسین شاہ صوبائی جنرل سیکرٹری منتخب کیا گیا جس کے ساتھ ہی پارٹی کی صوبائی کونسل کی تشکیل مکمل ہوئی، صوبائی کابینہ کا انتخاب بلا مقابلہ ہوا

بقیہ 17 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں رجسٹرڈ مزدوروں کے بچوں کو اعلی تعلیم سمیت صحت اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے تاکہ مزدوروں کے بچوں کو بھی تمام شعبہ ہائے زندگی یکساں ترقی کے مواقع میسر آسکیں

بقیہ 18 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

بجلی گھروں کی فول پروف سیکیورٹی یقینی بنانے کیلئے ایف سی اہلکاروں کی تعیناتی ہوگی۔ نیلم جہلم، منگلا، گل پور پاور ہاؤسز کی فول پروف سیکیورٹی کیلئے ایف سی کو تعینات کیا جائے گا۔اس حوالے سے حکومتی ذرائع کا کہنا ہے کہ آزاد کشمیر میں فرنٹیئر کانسٹیبلری کے 6 پلاٹون تعینات کیے جائیں گے اور یہ تعیناتی 3 ماہ کیلئے ہوگی۔خیال رہے کہ وفاقی حکومت نے 26 مارچ کو خیبر پختونخوا کے علاقے شانگلہ میں بشام کے مقام پر گاڑی پر خودکش حملے کے نتیجے میں 5 چینی باشندوں سمیت 6 افراد کی ہلاکت کے بعد امن وامان کی صورتحال برقرار رکھنے اور چینی باشندوں کی سیکیورٹی پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے کا اعلان کیا تھا۔ وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا پاکستان چین کے ساتھ دوستانہ تعلقات اور معاشی اشتراک کو مزید فروغ دینے کا خواہاں ہے اور چینی باشندوں کی فول پروف سیکیورٹی یقینی بنایا جائیگا۔گزشتہ ہفتے پنجاب میں چینی شہریوں اور کام کرنے والے افراد کی سیکیورٹی کے معاملے پر محکمہ داخلہ پنجاب نے ڈپٹی انسپکٹر جنرل اسپیشل پروٹیکشن یونٹ کو مراسلہ جاری کیا تھا۔مراسلے میں کہا گیا تھا کہ پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کے منصوبوں کے علاوہ کام کرنے والے چینی شہریوں اور ملازمین کی سیکیورٹی کو فوری طور پر بڑھایا جائے۔ سرکاری و نجی اداروں میں کام کرنے والے چینی شہریوں کو بلٹ پروف گاڑیوں میں سفر کروایا جائے۔ محکمہ داخلہ پنجاب کے مراسلے میں حکم دیا گیا ہے کہ چینی شہریوں کیلئے بلٹ پروف گاڑیاں 2 روز میں خریدی جائیں یا کرائے پر حاصل کی جائیں

بقیہ 19 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ن لیگ کو خیبر پختونخوا میں پارٹی صورتحال و دیگر امور پر بریفنگ دی۔ دریں اثنا گورنر خیبر پختونخوا غلام علی نے وزیر اعلی پنجاب مریم نواز سے ملاقات کی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور اور بین الصوبائی ہم آہنگی کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر خیبر پختونخوا حاجی غلام علی نے مریم نواز کو بطور پہلی خاتون وزیر اعلی پنجاب کا منصب سنبھالنے پر مبارکباد دی اور ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ گورنر خیبر پختونخوا غلام علی کا کہنا ملاقات کے دوران کہنا تھا کہ وزیر اعلی مریم نواز شریف کی عوام کی خدمت کیلئے لگن قابل تحسین ہے۔ وزیر اعلی پنجاب نے مریم نواز نے گورنر خیبر پختونخوا کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ انشاء اللہ پنجاب دیگر صوبوں کیلئے بڑے بھائی کا کردار ادا کرتا رہے گا، دیگر اکائیوں سے مل کر کام پاکستان کو مشکلات کے بھنور سے نکالیں گے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کی مشکلات کا اندازہ ہے حکومت پنجاب ہر ممکن کوشش کرے گی کہ ان کی مشکلات کے خاتمے کیلئے کردار ادا کریں۔ ہم چاہتے ہیں کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو بھی وہ ساری سہولیات ملنی چاہئیں جو ان کا حق ہے۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز اور گورنر خیبر پختونخوا غلام علی کے درمیان ملاقات میں دونوں صوبوں کے مابین تعاون میں مزید اضافے اور مختلف شعبوں میں تعاون پر بات چیت کی گئی، ملاقات میں ملکی صنعت و انڈسٹری کو درپیش مشکلات پر بھی گفتگو کی گئی

بقیہ 20 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی سرپرست مولانا نعمت اللہ صوبائی سیکرٹری اطلاعات مولوی رحمت اللہ حقانی عبداللطیف مجاہد شیر جان صالح و دیگر نے گوداموں مارکیٹوں اور دکانوں پر کسٹم کی چھاپے کی بھرپور مذمت کرتے ہوئے کہا کہ کسٹم اسمگلنگ کے نام پر ٹیکس شدہ مالوں پر ڈاکہ ڈال رہا ہے وفاق نے بلوچستان سے سوتیلی ماں جیسا سلوک رکھا گیا اب روزگار کی مواقع بھی چھین رہا ہے بیروزگاری کی باعث صوبہ بدامنی جیسے مسائل کا شدید شکار ہے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی ایرانی تیل کی سپلائی بند کرنے سے پہلے صوبے کی عوام کے لیے روزگار کی مواقع پیدا کرے ایرانی ڈیزل اور پٹرول کے کاروبار سے ہزاروں افراد وابستہ ہیں ایرانی ڈیزل اور پٹرول کے بندش کی وجہ سے نہ صرف کاروبار کرنے والے لوگ متاثر ہو رہے ہیں ڈیزل اور پیٹرول کی بندش سے خطرناک صورتحال پیدا ہوگی انہوں نے کہا کہ گوداموں اور دکانوں کے تالے توڑنا لاکھوں روپے مالیت کا قیمتی کپڑا اٹھانا کہاں کا قانون ہے کسٹم حکام بارڈروں پر رشوت لینے کی باوجود دکانوں اور مارکیٹوں میں رشوت اور بھتہ وصول کر رہے ہیں اگر رشوت نہیں دیتے ہیں پھر مارکیٹوں پر چھاپے مارتے ہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں نہ کوئی فیکٹری ہے اور نہ اور روزگار کے مواقع دیئے بلکہ جاری صنعتوں کو بند کیا گیا معدنیات، ماہی گیری اور آئل وگیس کے شعبوں میں سرمایہ کاری کے وسیع مواقع موجود ہونے کے باوجود لیکن بلوچستان اس سے محروم ہے تاجر برادری تنہا نہیں جمعیت نظریاتی ان کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑے ہیں۔

بقیہ 21 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹوئیٹ کر دینا اور ٹی وی پر بیان داغ دینا بہت آسان کام ہے، گھروں سے نکلیں کام کریں تاکہ آپ کی کی بھی ٹک ٹاک بنیں اور خبریں لگیں۔ وزیراعلی پنجاب کا کہنا ہے کہ آج میں اللہ پاک کا شکر ادا کرتی ہوں کہ 6 ہفتے کی قلیل مدت میں فیلڈ ہسپتالوں کا نواز شریف اور میں نے جو خواب دیکھا وہ پورا ہوا، یہ ایک ناممکن ٹاسک تھا جس کو 6 ہفتوں میں مکمل کیا گیا ہے، سیکرٹری ہیلتھ علی جان اور صوبائی وزراء نے 24 گھنٹے کام کر کے اس پروجیکٹ کو مکمل کیا، یہ فیلڈ ہسپتال میں وہ تمام سہولیات موجود ہیں جو ایک کلینک میں ہوتی ہیں، آج یہ تمام فیلڈ ہسپتال پورے پنجاب میں پھیل جائیں گے

بقیہ 22 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

حافظ امجد اسلام و دیگر شریک تھے۔وفد نے مفتی منیب الرحمن سے ان کے بھائی کے انتقال پر اظہار افسوس کرتے ہوئے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کیا۔انہوں نے کہا غم اور دکھ کی اس گھڑی میں پاکستان مرکزی مسلم لیگ لواحقین کے ساتھ کھڑی ہے۔سوگوار خاندان کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔وفد نے مرحوم کے لیے دعا مغفرت و درجات کی بلندی اور لواحقین کے صبر کی دعا کی۔ملاقات کے موقع پر ملکی صورتحال پر تبادلہ خیال بھی کیا گیا۔اس موقع پر کراچی کے صدر احمد ندیم اعوان کا کہنا تھا کہ ذاتی مفادات کی خاطر سیاستدانوں ملکی سلامتی کو داؤ پر لگا دیا ہے۔ ہمیں ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر اجتماعی مفادات کے لئے اپنی توانائیاں خرچ کرنا ہوں گی۔ بدامنی، مہنگائی اور انتشار جیسے چیلنجوں کا مقابلہ کرنے کے لئے انفرادی اور اجتماعی سطح پر مثبت کردار کو لے کر آگے بڑھنا ہوگا۔

بقیہ 23 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کے دوستوں کو سلام، دین اسلام نے کسب حلال کے لیے محنت کو عظمت کا درجہ اور محنت کش کی عزت کا شعور دیا۔انہوں نے کہا کہ محنت کر کے خاندان کا سہارا بننے والی کارکن خواتین کو خصوصا خراج تحسین پیش کرتی ہوں، محنت کشوں کے حقوق کے شعور کی بیداری پر شکاگو کے شہدا کی جدوجہد کو سلام پیش کرتے ہیں، مزدور صنعت وحرفت کے ستارے ہیں اور ہر محنت کش، ہر مزدور ہر کارکن حقیقی ہیرو ہے۔ مریم نواز شریف نے کہا کہ مزدور کا عزم وحوصلہ ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے، دنیا کی ہر عمارت، ہر پل، ہر شاہراہ اور ہر پراجیکٹ میں مزدور کا خون پسینہ شامل ہے، ہم محنت کشوں کے حقوق کے احترام کا عہد کرتے ہیں، حکومت مزدوروں کا معیار زندگی بلند کرنے اور ان کی خوشحالی کے لیے پرعزم ہے۔انہوں نے کہا کہ محنت کشوں کیلئے مناسب اجرت، تحفظ اور احترام یقینی بنانا ہوگا، آیئے مزدوروں اور محنت کشوں کے احترام کے کلچر کو فروغ دیں، ایک ایسا معاشرہ بنانے کی کوشش کریں جہاں ہر محنت کش کی قدر ہو

بقیہ 24 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

یم وفد میں خالد مقبول صدیقی، فاروق ستار اور مصطفی کمال و دیگر شامل تھے، جبکہ ملاقات میں وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ اور وزیرداخلہ محسن نقوی بھی موجود تھے۔ذرائع کا کہنا ہے کہ مسلم لیگ ن کی قیادت کے رویے سے نالاں ایم کیو ایم کا پیپلز پارٹی کے ساتھ چلنے کا فیصلہ کیا، ایم کیو ایم اور پیپلز پارٹی کے درمیان مل کر عوام کی خدمت کرنے پر اتفاق ہوا، ایم کیو ایم وفد نے شہر میں اسٹریٹ کرائم کی وارداتوں پر تشویش کا اظہار کیا، ایم کیو ایم نے اسٹریٹ کرائم کی روک تھام کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھانے کی سفارش بھی کی۔ایم کیو ایم اب تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ عوامی اور سیاسی مسائل پر بات کرے گی۔ترجمان ایم کیو ایم کے مطابق صدر آصف علی زرداری اور ایم کیو ایم وفد کی ملاقات میں چیلنجز سے نمٹنے کیلئے حکمت عملی وضع کرنے پر زور دیا گیا، سندھ خصوصا کراچی میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال پر صدر سے تشویش کا اظہار کیا گیا۔ ایم کیو ایم نے صدر سے کراچی میں امن وامان کی بحالی کیلئے اثر رسوخ استعمال کرنے کی درخواست کی۔وفد نے ملاقات میں لوگوں کے قیمتی جانی مالی نقصان پر تشویش کا اظہار کیا

بقیہ 25 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ووکیشنل ٹریننگ سینٹر اور آرٹ گیلری کا بھی دورہ کیا اس موقع پر کراچی بار ایسوسی ایشن کے وکلا اور سینٹرل جیل کراچی کا عملہ بھی ان کے ہمراہ تھے اس موقع پر سکینہ ایڈووکیٹ نے قیدیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ سے ملنے آئی ہوں قیدی بھی انسان ہیں، انہیں بھی بنیادی سہولیات ملنی چاہئیں، انہوں نے کہا کہ بچوں کو اپنی ماؤں کے ساتھ دیکھ کر ایسا نہیں لگ رہا کہ یہ جیل ہے اور جیل میں موجود بچوں کے لیے سکولنگ جو کی جا رہی ہے قابل تعریف ہے سکینہ ایڈووکیٹ نے کہا کہ دیکھ رہی ہوں کہ سینٹرل جیل انتظامیہ قیدیوں کو معاشرے کا کارآمد شہری بنانے کے لیے کوشاں ہے۔ سینٹرل جیل میں قید اپنے جرم کی سزا کاٹنے والے قیدیوں کو معاشرے کا کارآمد شہری بنانے کیلئے موجودہ جیل انتظامیہ کے اقدامات عوام کے ذہنوں میں جیل کے بارے میں منفی سوچ کو ختم کرنے میں معاون ثابت ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ قیدیوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے جو ممکن ہوسکے وہ اقدامات اٹھائے جائیں گے قیدیوں کی بہتری کے لیے ہم مزید اقدامات کرتے ہوں گے انہوں نے مزید کہا کہ دعا ہے کہ نظام عدل میں بہتری آئے تاکہ کوئی بے گناہ جیل نہ پہنچے۔ انہوں نے قیدیوں کے لیے جیل خانہ جات سندھ اور محکمہ داخلہ سے ضروری اصلاحات کرنے کی سفارشات بھی کی آخر میں انہوں نے بچوں میں گفٹس بھی تقسیم کیے

بقیہ 26 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ہے، انہوں نے شکاگو کے شہید مزدوروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ شکاگو کے مزدوروں نے ہزاروں جانوں کا نذرانہ دے کر رہتی دنیا تک یہ ثابت کردیا کہ کوئی بھی ملک مزدوروں کے بغیر نہیں چل سکتا کیونکہ مزدور کسی بھی ملک کی معیشت اور ترقی میں اہم کردار ادا کرتا ہے، مزدور ایک ایسی قوت ہے جس کی بدولت زندگی کا کاروبار چلتا ہے مزدوروں کی ریلی سے، بی این پی عوامی کے مرکزی سیکرٹری ماہی گیری میر عبدالصمد زہری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مزدوروں کا عالمی دن منانے کا مقصد محنت کش مزدوروں کی بحالی کے ٹھوس اقدامات اٹھانا ہے، مگر یہ بات شاید تپتی دھوپ میں اپنے بچوں کے لیے دو وقت کی روٹی کمانے والے مزدور کو نہیں پتہ کہ دنیا ابھی کا عالمی دن منا رہی ہے اور اسی دن بھی انہیں آرام کے لیے چھوڑا نہیں جاتا۔

بقیہ 27 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تھ ظلم و زیادتی ہے جو قابل افسوس ہے پاکستان تحریک انصاف کے رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختونخواہ ایم پی اے افتخار علی مشوانی نے یکم مئی یوم مزدور کے موقع پر بین الاقوامی گلوبل ٹائمز میڈیا یورپ کے ساتھ ایک انٹرویو میں کہا کہ مزدوروں کے عالمی دن پر مزدوروں کی عظمت کو سلام پیش کرتا ہوں اور مزدوروں کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں۔

بقیہ 28 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کی اجرت میں اضافے کی بجائے کمی کرنا مزدوروں کے ساتھ ناانصافی ہے انہوں نے کہا کہ مزدور کہنے کو تو ایک محنت کش اور غریب طبقہ سمجھا جاتا ہے لیکن اس کی اہمیت کو اجاگر کیا جائے تو یہ بہت ہی قابل احترام ہے، یہ اپنی دن رات کی محنت سے وہ کارنامے انجام دیتا ہے کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے لیکن اس کے لیے افسوس کی بات یہ ہے کہ نہ تو اس کے حقوق ادا کیے جاتے ہیں اور نہ ہی اس کی محنت کو تسلیم کیا جاتا ہے، محنت کش افراد گھروں اور عمارتوں کو حسین اور خوبصورت بنا کر ملک اور شہر کی رونق میں اضافہ کرتے ہیں، کھیتوں اور کھلیانوں میں اپنے خون پسینے کی محنت سے وہ غلہ اور اناج تیار کرتے ہیں جو ہماری صحت کا ضامن بنتا ہے۔مزدور اپنے رزق کی خاطر دوسروں کے گھروں کی تعمیر میں ساری زندگی گزار دیتے ہیں اور اپنے لیے زمین پر ایک گھر بھی نہیں بنا سکتے، دوسروں کی فرمائشوں کے مطابق گھروں کی تزئین اور آرائش میں ساری زندگی صرف کر دیتے ہیں لیکن اپنے لیے خوشی کا ایک لمحہ بھی نہیں سمیٹ سکتے۔ نہ صرف یہ بلکہ صاحب ثروت افراد کے زیر عتاب بھی رہتے ہیں، یہاں تک کہ اپنے حقوق بھی اس طرح مانگتے ہیں جیسے کوئی گناہ کر رہے ہوں۔ہمارے یہاں مزدوروں کی مراعات اور سہولیات کا کوئی خیال نہیں کیا جاتا، یہاں تک کہ مزدوروں کے عالمی دن پر جو خاص ان کے لیے سال میں ایک مرتبہ آتا ہے اس پر بھی یہ غریب مزدور چھٹی نہیں کرتا، اپنے اور گھر والوں کا پیٹ بھرنے کے لیے نہ سردی، نہ گرمی، نہ بارش نہ دھوپ کی کسی چیز کی پروا نہیں کرتا یہاں تک کہ آرام کی پروا بھی نہیں کرتا اور آخری سانس تک محنت کش مزدور ہی رہتا ہے جس کے نتیجے میں اس کا دامن ہمیشہ خالی ہی رہتا ہے۔ یکم مئی یوم مزدور کے موقع پر وزرات اوورسیز کے فوکل پرسن برائے اٹلی اکرام الدین اپنے بیان میں کہا کہ اٹلی حکومت اوورسیز پاکستانی اور دیگر ممالک کے مزدوروں کی مزدوری کی اجرت میں اضافہ کیا جائے اور مزدوروں کو بہترین سہولیات اور مراعات دینے میں کلیدی کردار ادا کریں تاکہ مزدوروں کو بروقت انکی مزدوری کی اجرت مل سکے۔

بقیہ 29 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

خیالات کا اظہار انہوں نے عالمی یوم مزدور کے موقع پر خاران میں جاری گندم کٹائی میں خود حصہ لے کر محنت کش عوام سے اظہار یکجہتی کیا، میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا کہ محنت کش طبقے کی ملک وقوم کے خدمات ناقابل فراموش ہیں انہوں نے معیشت کی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے بدقسمتی سے محنت کش طبقہ آج بھی مختلف مسائل اور مشکلات سے دوچار ہیں میر عبدالکریم نوشیروانی نے وفاقی وصوبائی حکومتوں سے اپیل کی کہ وہ محنت کش طبقے کی خوشحالی کے خصوصی اقدامات اٹھائیں میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا کہ خاران اور رخشان ڈویژن زرخیز علاقے ہیں یہاں گندم پیاز زیرہ کپاس کی بہترین فصل کاشت ہوتی ہے مگر زمینداروں کو مکمل بجلی نہ ملنے سے زرعی پیداوار سے متعلق مسائل کا سامنا رہتا ہے یہاں کے زمینداروں کو مکمل بجلی ملیں تو پورے ملک میں زرعی پیداوار کے حوالے سے خاران اور رخشان ڈویژن نمایاں کردار ادا کرے گا میر عبدالکریم نوشیروانی نے خاران کے عوام سے اپیل کی کہ وہ گندم کٹائی میں بھرپور حصہ لے کر اپنے علاقے کو آباد کریں،

بقیہ 30 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کہ مختلف روڈ راستوں اور شہر کے دل گھنٹہ گھر چوک سے ہوتے ہوئے پریس کلب پہنچی جہاں پر رہنماؤں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مزدوروں کی دی ہوئی قربانی کی وجہ سے مزدوروں کا مقام بلند ہے، ہم مزدور طبقے کے حق کیلئے جدوجہد کرتے رہینگے ملک کے اندر آج بھی مزدور اپنے حقوق سے محروم ہیں مزدوروں کے حق سرمائیدار بیوپاری کھا رہا ہے ہیں کنڈکوٹ ضلع کہ مزدور رہنما مرحوم میر صحبت خان باجکانی کی شروع کی گئی جدوجہد کی وجہ سے ہمارے ضلع کے اندر بیوپاریوں سے مزدوروں کے حقوق لے رہے ہیں بڑھتی ہوئی مہنگائی کی وجہ سے مزدور طبقہ پریشان ہے اسلئے مزدوروں کو حکومت ریلیف دے یوم مزدور کے حوالے سے ہم اپنے مزدور طبقے کو یقین دلاتے ہیں کہ جو بھی مزدوروں کے حق ہیں وہ سرمائیداروں بیوپاریوں سے ہر صورت میں لینگے اور اپنے مزدوروں کو کبھی بھی تنہا نہیں چھوڑینگے،

بقیہ 31 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

گھنٹوں تک کرکے بجلی آنے کے بعد بھی وقفہ وقفہ سے بجلی کی آنکھ مچولی لوگوں کے قیمتی الیکٹریکل سامان کو نقصان پہنچا رہی ہے انھوں نے کہا ایک طرف گرمی دوسری جانب عید کا سیزن میں درزیوں اور دیگر کاروباری لوگوں کو نقصان ہو رہا ہے اسکے علاوہ لوگوں کے فریج ٹیلیویژن پنکھے ودیگر سامان بجلی کی آنکھ مچولی سے جل گئے ہیں واپڈا اہلکاروں نے اگر کسی ایک لائن پر کام کرنا ہوتا ہو تو پورے شہر کی بجلی گھنٹوں تک بند کردیتے ہیں جو کہ اب ناقابل برداشت ہوگئی ہے انہوں نے کہا کہ واپڈا توکنڈی اگر اس سلسلہ کو بند کر کے لوگوں کو شیڈول کے مطابق بجلی دینے میں مزید کوتاہی کی تو نیشنل پارٹی توکنڈی واپڈا کے خلاف سلسلہ وار احتجاجی تحریک کا آغاز کرے گی جس کی تمام تر ذمہ داری واپڈا توکنڈی اور ضلعی آفیسران پر عائد ہوگی۔

بقیہ 32 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

فنڈ قائم کیا جس سے 08 موذی بیماریوں کے لیے غریب لوگوں کو علاج کے لیے رقم دی جاتی رہی۔ جس سے دو ہزار سے زیادہ لوگوں نے پاکستان کے اچھے ہسپتالوں میں علاج کروایا۔ مگر افسوس کے ساتھ کہا جاتا ہے، کہ نگران حکومت میں اس انتہائی اہم سہولت پر توجہ نہیں دی گئی اور مریضوں کو فنڈز کی فراہمی رک گئی اور غریب مریضوں کو مزید اس طرح فائدہ نہیں مل سکا جس طرح انہیں ملنا چاہیے تھا۔ان خیالات کا اظہار بی این پی (عوامی) کے مرکزی صدر اور سابق رکن صوبائی اسمبلی وڈیرہ میر اسد اللہ بلوچ نے ایڈ بلوچستان اور پبلک اکاؤنٹبلٹی فورم کے عادل جہانگیر، میر بہرام بلوچ، میر بہرام لہڑی، رانا احسن، اظہر مینگل، عنایت سرپرہ اور ندیم محمد حسنی اور سیاسی وسماجی رہنما ڈاکٹر ناشناس لہڑی کے ساتھ ملاقات میں کیا۔ اس موقع پر ایڈ بلوچستان کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر عادل جہانگیر نے وڈیرہ میر اسد اللہ بلوچ سے کہا کہ ہماری آرگنائزیشن پچھلے 08 سالوں سے بلوچستان میں رائٹ ٹو انفارمیشن کے قانون پر عمل درآمد کے لیے جدوجہد کر رہی ہے ہماری کوششوں سے تین سال قبل صوبائی اسمبلی نے آرٹی آئی لا تو منظور کر لیا مگر اس قانون پر عملدرامد کے لیے انفارمیشن کمیشن بنانے میں ابھی تک ٹال مٹول سے کام لیا جا رہا ہے۔ اور نہ تو سب اداروں میں انفارمیشن افسرز تعینات کئے گئے، جس سے بلوچستان کے عوام اس اہم حق سے محروم ہیں۔ انہوں نے وڈیرہ میر اسد اللہ بلوچ سے درخواست کیا کہ وہ ایڈ بلوچستان کے مشن کو کامیاب کرنے میں ان کا ساتھ دیں۔ میٹنگ سے رکن صوبائی اسمبلی وڈیرہ میر اسد اللہ بلوچ نے مزید کہا کہ ہماری ذمہ داری قانون سازی تھی اور اسے ہم نے بلوچستان اسمبلی سے پاس کروایا۔ اب اس قانون پر عمل درآمد نا گزیر ہے، اس سے صوبے میں شفافیت اور احتساب کا نظام قائم ہونے میں مدد ملے گی اور سماجی اور فلاحی پراجیکٹس کا تسلسل جاری رہنے میں مددگار ثابت ہوگی عوام کی سہولت اور ان کے حق کے لیے ہم ہمیشہ کی طرح آئندہ بھی ایڈ بلوچستان سمیت دیگر سماجی و فلاحی اداروں کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہیں، انشاءاللہ ہم سب مل کر انفارمیشن کمیشن کے قیام میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے میں کامیاب ہوجائیں گے

بقیہ 33 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ین جنرل سیکرٹری قربان علی جمالی کے زیر نگرانی میں اری گیشن ریسٹ ہاؤس میں تقریب کا انعقاد کیا جبکہ دوسری ریلی اور جلسہ مزدور یونین کے صدر محمد رفیق عمرانی کی زیر قیادت فیصل پارک گراؤنڈ میں منعقد کیا گیا متحدہ لیبر فیڈریشن کے جلسے کے مہمان خاص انجمن تاجران آغا رحیم گروپ کے صوبائی نائب صدر میر محمد رحیم ہنگلوئی اعزازی مہمان ضلعی صدر انجمن تاجران عبدالجبار تنیہ تھے اور مزدور یونین کے جلسے کے مہمان خاص میئر میونسپل کارپوریشن اوستا محمد میر مظفر خان جمالی اور اعزازی مہمان سرکردہ محمد صدیق عمرانی تھے اس موقع پر منعقد ہونے والی پہلی تقریب سے میر محمد رحیم ہنگلوئی محبوب علی ترین عبدالخالق لہڑی عبدالحفیظ جمالی اور دوسرے جلسے سے میر مظفر خان جمالی سرکردہ محمد صدیق عمرانی محمد رفیق عمرانی و دیگر نے بھی خطابات کئے مہمانوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شکاگو کے مزدوروں کی قربانیوں کی بدولت آج ہم مزدور یہ دن منا رہے ہیں اور ہمیں جو مراعات اور مقرر ٹائم کے تحت کام کروایا جاتا ہے مزید کہا کہ ہمارے شہر میں مزید لیبر حال تعمیر کئے جائیں اور گورنمنٹ کی جانب سے جو مزدوروں کیلئے جو مراعات کا اعلان کیا جاتا ہے وہ بھی فراہم کیا جائے اور اس مہنگائی میں مزدوروں کا اپنے گھر کا گزر سفر کرنا مشکل ہوگیا ہے ان دونوں تقریبات میں مختلف یونین کے صدور عہدیداراوں اور مزدور طبقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی شرکت کی۔

بقیہ 34 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ت کو سیل کرنے کا انتباہ تفصیلات کے مطابق سکھر میں پاکستان ریلوے اور بجلی کمپنی سکھر الیکٹرک پاور کمپنی سیپکو کے درمیان چند ماہ قبل سے واجبات کی عدم ادائیگی پر شروع ہونے والا تنازعہ شدت اختیار کر گیا ہے اور دونوں اداروں نے ایک دوسرے کے خلاف کارروائیوں کا آغاز کر دیا ہے سیپکو کی جانب سے چند روز قبل ملک کے تیسرے بڑے ریلوے اسٹیشن روہڑی کی بجلی کی سپلائی واجبات کی عدم ادائیگی پر منقطع کردی تھی، جس کی وجہ سے روہڑی ریلوے اسٹیشن کئی روز تک تاریکی میں ڈوبا رہا اور مسافروں کو سخت پریشانی کا سامنا کرنا پڑا تاہم ریلوے اسٹیشن کی بجلی کی بحالی کے بعد اب ریلوے نے سیپکو کے خلاف کارروائی کا آغاز کر دیا ہے اور ریلوے کی اراضی پر قائم سیپکو کی تنصیبات کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے ان کے خلاف باقاعدہ کارروائی کا آغاز کردیا

بقیہ 35 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

جاتا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد امریکا کے شہر شکاگو کے محنت کشوں کی جدوجہد کو یاد کرنا ہے۔انسانی تاریخ میں محنت وعظمت اور جدوجہد سے بھرپور استعارے کا دن یکم مئی ہے۔ 1886ء میں شکاگو میں سرمایہ دار طبقے کے خلاف اٹھنے والی آواز، اپنا پسینہ بہانے والی طاقت کو خون میں نہلا دیا گیا، مگر ان جاں نثاروں کی قربانیوں نے محنت کشوں کی توانائیوں کو بھرپور کر دیا۔ مزدوروں کا عالمی دن کارخانوں، کھیتوں کھلیانوں، دکانوں اور دیگر کارگاہوں میں سرمائے کی بھٹی میں جلنے والے لاتعداد محنت کشوں کا دن ہے اور یہ محنت کش انسانی ترقی اور تمدن کی تاریخی بنیاد ہیں

بقیہ 36 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ٹوئیٹ کر دینا اور ٹی وی پر بیان داغ دینا بہت آسان کام ہے، گھروں سے نکلیں کام کریں تاکہ آپ کی کی بھی ٹک ٹاک بنیں اور خبریں لگیں۔ وزیراعلی پنجاب کا کہنا ہے کہ آج میں اللہ پاک کا شکر ادا کرتی ہوں کہ 6 ہفتے کی قلیل مدت میں فیلڈ ہسپتالوں کا نواز شریف اور میں نے جو خواب دیکھا وہ پورا ہوا، یہ ایک ناممکن ٹاسک تھا جس کو 6 ہفتوں میں مکمل کیا گیا ہے، سیکرٹری ہیلتھ علی جان اور صوبائی وزراء نے 24 گھنٹے کام کر کے اس پروجیکٹ کو مکمل کیا، یہ فیلڈ ہسپتال میں وہ تمام سہولیات موجود ہیں جو ایک کلینک میں ہوتی ہیں، آج یہ تمام فیلڈ ہسپتال پورے پنجاب میں پھیل جائیں گے، گاؤں میں پہنچ کر اعلان ہوگا کہ ہسپتال موجود ہے اور گاؤں کے تمام لوگ اس سے علاج کروا سکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ پہلے کنٹینرز جلاؤ گھیراؤ اور بل پھاڑنے کیلئے استعمال کیا جاتا تھا، اب اس میں فیلڈ ہسپتال بن رہے ہیں، پنجاب میں ہم دو ہفتوں میں ایئر ایمبولینس سروس شروع کر رہے ہیں، ہماری ایئر ایمبولینس سروس بھی غریبوں کیلئے ہے، ادویات کی مفت فراہمی بھی شروع کر دی گئی ہے، نواز شریف نے ہیلتھ کارڈ بنایا اور کامیابی سے چلایا، ہم اب پاکستان کا پہلا اسٹیٹ آف دی آرٹ کینسر ہسپتال بھی بنانے جا رہے ہیں۔قبل ازیں وزیراعلی خیبر پختونخوا علی امین گنڈاپور کا کہنا تھا کہ باتوں اور ٹک ٹاک سے کچھ نہیں ہوتا پنجاب پولیس میں ریفارمز لانے کی ضرورت ہے، وردی پہن کر ٹک ٹاک تو اچھی بن سکتی ہے لیکن اس سے مسائل حل نہیں ہو سکتے، میں کچھ کہتا ہوں تو سارے میرے پیچھے پڑ جاتے ہیں، یہ پنجاب پولیس الیکشن میں دھاندلی کی آلہ کار بنی تھی، وردیاں پہننے سے مسائل حل نہیں ہوتے، پاکستان تحریک انصاف کی سابقہ حکومت میں معاشی صورتحال بہتر تھی اور عالمی اداروں کی جانب سے معاشی اعشاریہ میں بہتری کی نشاندہی بھی کی گئی تھی جبکہ پی ڈی ایم کی سولہ ماہ کی حکومت کی کارکردگی عوام کے سامنے ہے جس میں ملک میں مہنگائی تاریخ کی بلند سطح پر پہنچ گئی تھی اور انہوں نے معیشت کا بیڑہ غرق کر دیا

بقیہ 37 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ صارف اور کمپنی کے درمیان معاہدے کے تحت کمپنی کنکشن جاری کرتی ہے اگر صارف کمپنی کو بل کی بروقت ادائیگی اور باہمی معاہدے کی پاسداری کر رہا ہے تو ایف بی آر کو مداخلت کا اختیار نہیں۔انہوں نے کہا کہ ذرائع ابلاغ پر آنے والی خبروں سے ہی پتہ چل رہا ہے کہ ایف بی آر کا مقصد صرف خوف وہراس پھیلانا ہے اور شہریوں میں خوف وہراس پھیلانا بھی جرم ہے

بقیہ 38 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

5 ہزار 517 ارب روپے خرچ ہوگئے۔رپورٹ کے مطابق ایف بی آر نے نوماہ میں 6 ہزار 711 ارب روپے ٹیکس جمع کیا، این ایف سی کے تحت صوبوں کو 3815 ارب روپے منتقل ہوئے، جولائی سے مارچ نان ٹیکس ریونیو 2416 ارب روپے ریکارڈ کیا گیا۔ پیٹرولیم لیوی کی مد میں صارفین سے ریکارڈ 719 ارب 59 کروڑ روپے کی وصولی کیے گئے جو گزشتہ سال کے مقابلے 357 ارب زیادہ ہے۔حکومت کے جاری اخراجات 9 ہزار 201 ارب روپے سے بھی تجاوز کر گئے، دفاع پر 1222 ارب، ترقیاتی منصوبوں پر 454 ارب روپے خرچ کیے گئے، سبسڈیز پر 473 ارب، پنشن کی ادائیگی پر 611 ارب سے زیادہ خرچ ہوئے۔حکومت کے سول امور چلانے پر نوماہ میں 518 ارب روپے کے اخراجات آئے

بقیہ 39 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

میں سرخ جھنڈے اور بینرز تھے، اسد اللہ راہوجو، نوید میرانی، عاشق موول، وزیر انصاری، علی رضا عباسی، اسحاق شیخ، غلام حیدر شیخ کی سربراہی میں ریلی نکالی گئی ریلی شہر کے مختلف راستوں سے ہوتی ہوئی پریس کلب پہنچی جہاں پر مزدور رہنماؤں نے خطاب کرتے کہا ہے کہ محنت کش طبقے نے اپنے حقوق کے لیے سرمایہ داروں کے خلاف آواز بلند کی جس کے جواب میں سرمایہ داروں نے 1886 میں مزدوروں کو شہید کیا جس کے بعد پوری دنیا میں مزدور انقلاب آیا- 1886 سے لے کر آج تک ہم محنت کش شکاگو کے محنت کشوں کو یاد کر کے یہ دن مناتے ہیں لیکن بدقسمتی سے آج بھی سرمایہ دار طبقہ مزدوروں کے حقوق کا استحصال کر رہا ہے- ہمارے ملک میں مہنگائی کی بنیاد پر مزدوروں کی اجرت کم از کم 60 ہزار ہونی چاہیے جو نہیں دی جارہی اور نہ ہی مزدوروں کو مطلوبہ سہولیات میسر ہیں۔

بقیہ 40 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

تھرکینال کی جانب سے زونل صدر محبوب علی ترین جنرل سیکرٹری قربان علی جمالی کے زیر نگرانی میں اری گیشن ریسٹ ہاؤس میں تقریب کا انعقاد کیا جبکہ دوسری ریلی اور جلسہ مزدور یونین کے صدر محمد رفیق عمرانی کی زیر قیادت فیصل پارک گراؤنڈ میں منعقد کیا گیا متحدہ لیبر فیڈریشن کے جلسے کے مہمان خاص انجمن تاجران آغا رحیم گروپ کے صوبائی نائب صدر میر محمد رحیم ہنگلوئی اعزازی مہمان ضلعی صدر انجمن تاجران عبدالجبار تنیہ تھے اور مزدور یونین کے جلسے کے مہمان خاص میئر میونسپل کارپوریشن اوستا محمد میر مظفر خان جمالی اور اعزازی مہمان سرکردہ محمد صدیق عمرانی تھے اس موقع پر منعقد ہونے والی پہلی تقریب سے میر محمد رحیم ہنگلوئی محبوب علی ترین عبدالخالق لہڑی عبدالحفیظ جمالی اور دوسرے جلسے سے میر مظفر خان جمالی سرکردہ محمد صدیق عمرانی محمد رفیق عمرانی و دیگر نے بھی خطابات کئے مہمانوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ شکاگو کے مزدوروں کی قربانیوں کی بدولت آج ہم مزدور یہ دن منا رہے ہیں اور ہمیں جو مراعات اور مقرر ٹائم کے تحت کام کروایا جاتا ہے مزید کہا کہ ہمارے شہر میں مزید لیبر حال تعمیر کئے جائیں اور گورنمنٹ کی جانب سے جو مزدوروں کیلئے جو مراعات کا اعلان کیا جاتا ہے وہ بھی فراہم کیا جائے اور اس مہنگائی میں مزدوروں کا اپنے گھر کا گزر سفر کرنا مشکل ہوگیا ہے ان دونوں تقریبات میں مختلف یونین کے صدور عہدیداراوں اور مزدور طبقہ نے کثیر تعداد میں شرکت کی شرکت کی۔

بقیہ 41 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

ی لیاقت بلوچ نے کہا کہ اسرائیل ایک ناجائز ریاست ہے، فلسطین ارض مقدس ہے، فلسطینیوں کو ان کا حق دلوانا ایک ملی فرض ہے، فلسطینیوں نے پوری دنیا میں بیداری کی ایک لہر پیدا کی ہے۔لیاقت بلوچ نے کہا کہ ہسپتال تباہ، سکول تباہ، پناہ گزین کیمپ تباہ، بمباری سے سب مسمار کر دیا جاتا ہے، او آئی سی، اقوام متحدہ کے اجلاس میں جنگ بندی کی قراردادیں منظور ہوتی ہیں لیکن ویٹو کی طاقت استعمال کر کے قراردادوں کو رد کر دیا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ فلسطینیوں نے اس کے باوجود ایک جذبہ دیا ہے، یہ جذبہ سلامت رہے گا، اقوام متحدہ ایک جانب دار ادارہ ہے، مسلم دشمنی کی طرف ادارہ ہے، ویٹو پاور نے اس ادارے کو تباہ کر دیا۔لیاقت بلوچ نے کہا کہ عالم اسلام کو اللہ نے طاقتور وسائل دیے ہیں، پاکستان ایٹمی طاقت رکھتا ہے، پاکستان سے بے پناہ توقعات ہیں لیکن المیہ یہ ہے کہ ہمارا نظام منتشر ہے جس کی وجہ سے ہم عالمی سطح پر لوگوں کی توقعات پر پورا نہیں اتر رہے۔نائب امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ عالم اسلام یکجہتی کی طرف آئے، سعودی عرب، پاکستان، ایران مصر، ملائشیا سمیت دیگر ممالک ایک پیج پر آئیں تو عالم اسلام اپنے مسائل کا حل تلاش کر سکتا ہے، انہوں نے کہا کہ پاکستان کی پارلیمنٹ فلسطین پر اپنی پالیسی واضح کرے

بقیہ 42 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

دن کا تقاضا ہے کہ حکومت مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے ٹھوس اور موثر پالیسیاں مرتب کر کے ان پر عملدرآمد یقینی بنائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لیبر ڈے کے موقع پر گولڈ سینٹر آفس میں منعقدہ خصوصی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ جس میں سکھر اسمال ٹریڈرز اور ایس ڈی اے رہنماؤں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے حاجی محمد جاوید میمن ودیگر رہنماؤں کا مزید کہنا تھا کہ انتہائی افسوس کا مقام ہے کہ حکومت کی جانب سے مزدوروں کی فلاح و بہبود اور بہتری کیلئے قانون سازی اور اعلانات تو کیے جاتے ہیں لیکن ان پر عملدرآمد کہیں پر بھی نظر نہیں آتا۔ بڑے بڑے سرمایہ دار مزدور طبقہ کے حقوق پامال کر رہے ہیں لیکن ان کے خلاف کوئی بھی قانون یا ادارہ مدد کرنے کو تیار نہیں جس کے باعث ملکی معیشت کی ترقی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والے مزدوروں کے مسائل میں دن بدن اضافہ ہوتا جا رہا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ آج لیبر ڈے کے موقع پر حکومتی سطح پر مذاکرے، سیمینارز اور دیگر پروگرامات تو منعقد کیے جاتے ہیں لیکن حقیقی معنوں میں مزدوروں کے مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔ یکم مئی لیبر ڈے کا تقاضا ہے کہ مزدوروں کی فلاح و بہبود اور انکے مسائل کے حل کیلئے ٹھوس اور موثر پالیسیاں مرتب کر کے ان پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے تاکہ ملکی ترقی میں اہم کردار ادا کرنے والے مزدوروں کے مسائل حل ہوسکیں۔اس موقع پر شکاگو کے مزدوروں کی جدوجہد کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت بھی پیش کیا گیا۔

بقیہ 43 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کرتے تھے کہ جب تک ملک کی ترقی میں مزدوروں کی حقوق کو تسلیم نہیں کیا جاتا اس وقت تک معاشرہ کبھی بھی ترقی نہیں کرسکتا اس لئے ہم سمجھتے ہیں کہ مزدوروں کی حقوق کیلئے سب ملکر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا مزدوروں کی محنت معاشرے کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتی ہے اور معاشرے کی بنیادوں کو مضبوط کرتی ہے۔آج کا دن ان محنت کشوں کے معاشرتی اور اقتصادی اہمیت کو یاد کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے، جن کی محنت اور تجاویز کے بغیر، ہمارا معاشرتی سلامتی اور ترقی ناممکن ہوتی ہے۔ اس موقع پر، ہم ان کے انصافی اور انسانی حقوق کی حفاظت کی بھی ضرورت کو یاد کرتے ہیں۔مزدور کسی بھی معاشرے کی بنیادی اکائی ہیں اسلام نے مزدور کی اہمیت کے پیش نظر اسکی قدر و منزلت اور حقوق کے بارے میں احکامات دیے ہیں حدیث نبوی میں مزدور کا پسینہ خشک ہونے سے پہلے اسکی اجرت کی ادائیگی کا حکم دیا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ ایک ایسا عظیم دن ہے جو ہمیں یہ درس دیتا ہے کہ قوموں کی تعمیر وترقی میں محنت کشوں کا کردار کسی طرح اہمیت رکھتا ہے۔ بین الاقوامی مزدور دن پر ہمیں مزدوروں کے مقام کو بہتر بنانے کے لیے عزم کرنا چاہئے، ان کی محنت کی قدر کرنی چاہئے اور ان کیلئے بہترین ممکنہ معاشی، سماجی اور قانونی حفاظت فراہم کرنی چاہئے۔ اس دن پر ہمیں مزدوروں کے حقوق کی ترقی اور ان کیلئے بہترین ممکنہ معاشی مواقع کی فراہمی کیلئے کام کرنا چاہئے۔ اسی طرح، ان کی صحت، تعلیم، اور معاشی بہتری کیلئے ان کو سہولت فراہم کرنے کا بھی عزم کرنا چاہئے۔ بین الاقوامی مزدور دن کی مناسبت سے ہمیں مزدوروں کے انصافی اجرت اور مواقع کی فراہمی کیلئے قانونی اصلاحات کی ضرورت کا بھی احساس ہوتا ہے۔ ان کے معاشی، شعوری، اور روحانی فراہمی کیلئے ہمیں مزدوروں کے لیے پروگرامات اور انسان دوست پالیسیوں کی ترقی کرنی چاہئے۔ اس موقع پر ہمیں ان کے موقعاتی حقوق کی پاسداری کے ساتھ ان کی زندگی کے مختلف پہلوؤں کو بہتر بنانے کا وعدہ کرنا چاہئے

بقیہ 44 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

محنت کشوں کی جدوجہد کو یاد کرتا ہے۔ انسانی تاریخ میں محنت وعظمت اور جدوجہد سے بھرپور استعارے کا دن یکم مئی ہے۔1886 میں شکاگو میں سرمایہ دار طبقے کے خلاف اٹھنے والی آواز، اپنا پسینہ بہانے والی طاقت کو خون میں نہلا دیا گیا، مگر ان جاں نثاروں کی قربانیوں نے محنت کشوں کی توانائیوں کو بھرپور کر دیا۔ مزدوروں کا عالمی دن کارخانوں، کھیتوں، کھلیانوں، کانوں اور دیگر کارگاہوں میں سرمائے کی بھٹی میں جلنے والے لاتعداد محنت کشوں کا دن ہے اور یہ محنت کش انسانی ترقی اور تمدن کی تاریخی بنیاد ہیں۔ آج ہم عالمی یوم مزدور کے موقع پر شکاگو کے ان محنت کشوں کی لازوال جدوجہد کو سلام پیش کرتے مزدور دنیا کے کسی بھی خطے سے تعلق ہو پاکستان ہو یا شکاگو کو قابل قدر وعظمت ہے انکی اس عظمت کو سلام! انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے فیڈریشن نے کبھی مزدوروں کو ان کے جائز حقوق نہیں دیا یہاں بھی سرمایہ دارانہ اور جاگیردارانہ نظام نے نہ عوام کو صحیح معنوں میں ان کا حقوق دیا نہ ہی مزدوروں کو ان کا حقوق دیا جارہا ہے انہوں نے کہا کہ آج دنیا بھر میں مزدوروں کی محنت سے تعمیر وترقی کا پہیہ چل رہا ہے

بقیہ 45 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

مشکلات کا سامنا ہے، ہسپتال میں آئے ہوئے مریضوں اور ان کے لواحقین نے مقامی صحافی کو بتایا کہ ہم دور دراز علاقوں سے بڑے آس لے کر اپنے مریضوں کو ڈی ایچ کیو ہسپتال لاتے ہیں مگر سہولیات کی المیہ یہ کہ ہمیں سرنج سمیت تمام ادویات نجی سٹوروں سے خریدنا پڑتے ہیں جبکہ ہسپتال میں کئی میل و فیمیل ڈاکٹرز تعینات ہیں جو ڈیوٹی نہیں دیتے، اتنے بڑے ہسپتال میں ڈاکٹرز و دیگر سہولت میسر نہیں ہے جس کی وجہ سے ہمیں تمام ادویات نجی سٹوروں سے خریدنا پڑتے ہیں انہوں کہا کہ صحت کے متعلق سالانہ اربوں روپے جاری ہوتے ہیں خدا جانے وہ کہاں خرچ کیے جاتے ہیں؟ ایک شہری ڈی ایچ کیو ہسپتال کے ادویات کی پرچی اٹھا کر نیشنل پریس کلب پہنچ گیا جہاں انہوں نے الزام عائد کرتے ہوئے بتایا کہ آج صبح ڈی ایچ کیو ہسپتال کے ڈاکٹر نے ادویات کی پرچی لکھ کر دی مگر ہسپتال کے سٹور میں وہ ادویات موجود نہیں تھے، انہوں نے مزید الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ ہسپتال میں سفارشی کلچر عام ہو چکا ہے جس کا جان پہچان یا سفارش ہوتا ہے انہیں ہر طرح کے ادویات ملتے ہیں جبکہ ایمرجنسی کی صورت میں آنے والے غریب مریضوں کو تمام ادویات نجی سٹوروں سے خریدنے پڑتے ہیں، آخر میں انہوں نے وزیر اعلی بلوچستان سرفراز بگٹی، ڈپٹی کمشنر کوہلو نقیب اللہ کاکڑ سمیت دیگر احکام بالا سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ڈاکٹروں کی غیر حاضری، ادویات کی فقدان اور ہسپتال میں بڑھتی ہوئی سفارشی کلچر کا نوٹس لیا جائے

بقیہ 46 ☆ روزنامہ صحافت کوئٹہ

کہ خرابیوں کو دور کر کے محکمے کو بہتری کی جانب سے گامزن کیا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی کی سینٹرل کمیٹی کے رکن صوبائی وزیر اریگیشن میر محمد صادق عمرانی، صوبائی مشیر لیبر اینڈ مین پاور سردار زادہ بابا غلام رسول عمرانی، قائمقام اسپیکر غزالہ گولہ، پیپلز لیبر بیورو بلوچستان کے صدر شاہجہان گجر سمیت دیگر مقررین نے یوم مزدور کے موقع پر کوئٹہ پریس کلب میں منعقدہ تقریب سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا مقررین نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے ہمیشہ مزدوروں، کسانوں اور پسے ہوئے طبقے کی نمائندگی کی ہے آج ملک میں مزدوروں کو 8 گھنٹے ڈیوٹی دینے کی سہولت بھی شہید ذوالفقار علی بھٹو نے دی تھی اور ان کی بنائی ہوئی پالیسیوں کے تحت مزدور آج روزگار کما رہے ہیں پیپلز پارٹی نے ہمیشہ لوگوں کو روزگار کی فراہمی یقینی بنائی ہے اس میں دو رائے نہیں ذوالفقار علی بھٹو نے مزدوروں سمیت ہر پسے ہوئے طبقے کو جینے کا حوصلہ دیا اور مواقع فراہم کئے پیپلز پارٹی ہی حقیقی عوام کی نمائندہ جماعت ہے جس کی قیادت تمام طبقات سمیت مزدوروں کے مسائل کے حل کے لئے کوشاں ہے پیپلز پارٹی نے صوبے میں امن کی بحالی، دہشت گردی کے خاتمے، تعلیم، صحت کی فراہمی اور مسائل سے چھٹکارے کے لئے اپنا کردار ادا کرنا شروع کر دیا ہے

محکمہ لیبر میں ماضی کی بے ضابطگیوں کا احتساب کیا جائیگا، صوبائی وزراء

آج ملک میں مزدوروں کو 8 گھنٹے ڈیوٹی دینے کی سہولت بھی شہید ذوالفقار علی بھٹو نے دی تھی اور ان کی بنائی ہوئی پالیسیوں کے تحت مزدور آج روزگار کما رہے

پیپلز پارٹی نے مزدوروں کی نمائندگی کی ہے تربیت یافتہ لیبر تیار کر کے روزگار کے لئے بیرون ملک بھیجنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے، تقریب سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی وزراء، قائمقام اسپیکر بلوچستان اسمبلی اور دیگر رہنماؤں نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی نے مزدوروں کی نمائندگی کی ہے تربیت یافتہ لیبر تیار کر کے روزگار کے لئے بیرون ملک بھیجنے کا منصوبہ بنایا گیا ہے تاکہ ہمارے مزدور بیرون ملک جا کر ملک کی معیشت کو مضبوط بنانے میں اپنا کردار ادا کرسکیں محکمہ لیبر اینڈ مین پاور میں ماضی میں ہونے والی بے ضابطگیوں کا احتساب کیا جائے گا تا (باقی صفحہ 7 نمبر 46)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو طالب علم اپنے مسائل سے آگاہ کررہے ہیں

کسی بھی ادارے کو چلانے میں مزدور طبقے کا کردار ناقابل فراموش ہے، لیاقت لہڑی

حلقے کے عوام اور مزدوروں کے مسائل حل کریں گے ہم نے ہمیشہ مزدوروں کا ساتھ دیا ہے

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں) رکن صوبائی اسمبلی میر لیاقت علی لہڑی، محنت کش یونین کے چیئرمین افضل بنگلزئی، سابق چیئرمین و سینئر صحافی ندیم مراد قلندرانی، عطاء محمد بلوچ، حاجی رحیم لانگو، راجہ عرفان، نوید کاسی، جہانزیب بلوچ، رفیق بلوچ و دیگر نے کہا ہے کہ کسی بھی ادارے کو چلانے میں مزدور طبقہ کا اہم رول ہے حلقہ کے عوام اور مزدوروں کے مسائل حل کریں گے ہم (باقی صفحہ 7 نمبر 5)

پاکستان کوسٹ گارڈز کو جدید خطوط پر اپ گریڈ کیا جائے گا، وفاقی وزیر داخلہ

انسداد اسمگلنگ کیلئے کوسٹل گارڈز کو اہم کردار کرنا ہے، کوسٹل ایریاز سے اسمگلنگ روکنے کیلئے پاکستان کوسٹ گارڈز کو مزید متحرک کردار ادا کرنا ہے

کم وسائل کے باوجود کوسٹ گارڈز کی کارکردگی بہترین ہے، اور ادارے کی پیشہ ورانہ کارکردگی، اسمگلنگ کے خاتمے وجوانوں کے بلند عزم کو سراہتے ہیں

اوتھل (یو این اے) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ہیڈ کوارٹرز پاکستان کوسٹ گارڈز کا دورہ کیا۔ اور تقریب و اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی نیا اہم اعلان کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کوسٹ گارڈز کو جدید خطوط پر اپ گریڈ کیا جائے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ انسداد اسمگلنگ کے لیے کوسٹل گارڈز کو اہم کردار کرنا ہے، کوسٹل ایریاز سے اسمگلنگ روکنے کے لیے پاکستان کوسٹ گارڈز کو مزید متحرک کردار ادا (باقی صفحہ 7 نمبر 1)

مہنگائی نے مزدوروں کی زندگیوں میں بڑا بحران پیدا کیا، شعیب نوشیروانی

موجودہ حالات کے پیش نظر مہنگائی کی وجہ سے دھاڑی دار طبقے بری طرح متاثر ہو چکے ہیں

خاران (یو این اے) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی نے عالمی یوم مزدور کے دن کے مناسبت سے کہا کہ اس دن کو منانے کا مقصد شکاگو کے محنت کشوں کی جدوجہد کو یاد کرنا ہے۔ انسانی تاریخ میں محنت و عظمت اور جدوجہد سے بھرپور استعارے کا دن کیم مئی ہے۔ 1884 میں شکاگو میں سرمایہ دار طبقے کے خلاف اٹھنے والی آواز (باقی صفحہ 7 نمبر 2)

ایرانی تیل کی سمگلنگ میں بلوچستان کے کئی موجودہ اور سابق وزراء اور سیاستدان ملوث ہیں، رپورٹ

کوئٹہ (آن لائن) ملک کے سول حساس ادارے نے اپنی ایک رپورٹ میں انکشاف کیا ہے کہ ایرانی تیل کی سمگلنگ میں دوبارہ اضافہ ہورہا ہے۔ ملک میں ہر روز 89 لاکھ لیٹر جاقی، واشک، پنجگور، کیچ کے 5 زمینی اور گوادر کے (باقی صفحہ 7 نمبر 3)

گزشتہ چالیس سے زائد دنوں سے جیونی میں پانی کی عدم فراہمی نے عوام کو پانی پینے سے بھی محروم کردیا، نیشنل پارٹی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی بیان نے جاری بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ چالیس سے زائد دنوں سے جیونی میں پانی کی عدم فراہمی نے عوام کو پانی پینے سے بھی محروم کردیا۔ پانی زندگی کے لیے ضروری ہے لیکن جیونی (باقی صفحہ 7 نمبر 4)

حب، مشیر برائے صنعت و حرفت بلوچستان میر علی حسن زہری کا جام غلام قادر سول ہسپتال کا دورہ کررہے ہیں

شکاگو کے مزدوروں کی قربانی کو ہمیشہ یاد رکھی جائے گی، پشتونخوامیپ

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے زیر اہتمام کیم مئی مزدوروں کے عالمی دن کے حوالے سے اجتماع کوئٹہ پریس کلب میں پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے کے زیر صدارت منعقد ہوا جس سے پارٹی کے مرکزی سینئر سیکریٹری سید قادر آغا ایڈووکیٹ، مرکزی (باقی صفحہ 7 نمبر 8)

زراعت کا ملک کی معیشت میں کردار نہایت اہم ہے، سینیٹر عبدالقادر

کسانوں کو ریلیف فراہم کر کے ہی 25 کروڑ سے تجاوز آبادی کیلئے خوراک اور اجناس کا انتظام کرنا ممکن ہے

کوئٹہ (پ ر) چیئرمین اسٹینڈنگ کمیٹی برائے پیٹرولیم و ریسورسز اور سیاسی و اقتصادی امور کے ماہر سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ زراعت کا ملک کی معیشت میں نہایت اہم کردار ہے پاکستان کی آبادی 25 کروڑ سے تجاوز کر گئی ہے اتنی بڑی آبادی کے لئے خوراک اور اجناس کا انتظام کرنا ایک بڑا چیلنج ہے زراعت ہماری معیشت کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے (باقی صفحہ 7 نمبر 9)

مزدور ڈے انسانی تاریخ میں محنت و عظمت، جدوجہد سے بھرپور استعارے کا دن ہے، در جبین مری

کوئٹہ (آن لائن) ممبر اہلوچستان کی چیئرپرسن اور بلوچستان عوامی پارٹی کی رہنماء محترمہ در جبین مری نے کہا ہے کہ عالمی یوم مزدور کیم مئی مزدوروں عالمی دن ہر سال منایا جاتا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد امریکا کے شہر شکاگو کے محنت کشوں کی جدوجہد کو یاد کرنا ہے۔ اسلام نے (باقی صفحہ 7 نمبر 7)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ایک بزرگ شہری کی درخواست پر متعلقہ حکام کو احکامات جاری کررہے ہیں

پنجگور، چتکان ٹی وی اسٹیشن کے قریب پراسرار جانوروں کا حملہ 9 بکریاں ہلاک

بکریوں کی مالیت لاکھوں روپے میں بتائی جاتی ہے، میونسپل کارپوریشن متاثرین کی مدد کرے

پنجگور (یو این اے) پنجگور میونسپل کارپوریشن کی عدم توجہی اور غفلت کے باعث پنجگور کے علاقے چتکان ٹی وی اسٹیشن کے قریب ایک اور گھر میں پر اسرار جانوروں کا حملہ گھر میں 9 کے قریب بکریوں کو کاٹ کر ہلاک کردیا واضح رہے کہ گزشتہ شب بھی پراسرار جانور کی حملے سے حوالدار محمد رحیم کی ایک درجن کے قریب بکریوں کو پراسرار جانور نے کاٹ کر ہلاک کیا ہے لیکن (باقی صفحہ 7 نمبر 6)

بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے کوئٹہ کو مضر صحت گوشت سپلائی کی بڑی کوشش ناکام بنادی

لاکھوں مالیت کے مضر صحت مرغی کے گوشت کی سپلائی سے متعلق خفیہ اطلاع موصول ہوئی تھی

جس پر اتھارٹی حکام نے کوئٹہ شہر کے مختلف داخلی راستوں پر ناکے لگا کر مبینہ طور پر پنجاب سے آنے والے مضر صحت چکن میٹ کی نگرانی شروع کردی۔

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان فوڈ اتھارٹی نے کوئٹہ شہر کو مضر صحت گوشت سپلائی کی بڑی کوشش ناکام بنادی۔ ترجمان بلوچستان فوڈ اتھارٹی کے مطابق لاکھوں مالیت کے مضر صحت مرغی کے گوشت کی سپلائی سے متعلق خفیہ اطلاع موصول ہوئی تھی، جس پر اتھارٹی حکام نے کوئٹہ شہر کے مختلف داخلی راستوں پر ناکے لگا کر مبینہ طور پر پنجاب سے آنے والے مضر صحت چکن میٹ کی نگرانی شروع کردی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز قمرالزمان کی سربراہی میں آپریشن ٹیم نے ایئرپورٹ روڈ کلی الماس چوک کے مقام پر ایک مشتبہ مال بردار ٹرک جاتے ہوئے دیکھا۔ بی ایف اے ٹیم نے مشتبہ (باقی صفحہ 7 نمبر 13)

حکومت تاجروں کے منہ کا نوالہ چھین رہی ہے، عبدالرحیم کاکڑ

دکانوں، گوداموں پر چھاپے مار کر شمسی پلیٹیں، پاکستانی سگریٹس سمیت دیگر سامان قبضے میں لیکر کیس بنائے جاتے ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مرکزی انجمن تاجران بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت تاجروں کو سہولیات دینے کی بجائے ان کے منہ سے نوالہ چھین رہا ہے دکانوں، گوداموں پر چھاپے مار کر شمسی پلیٹیں، پاکستانی سگریٹس سمیت دیگر سامان قبضے میں لیکر کیس بنائے جاتے ہیں اگر کسی زمیندار نے 50 شمسی پلیٹیں خریدی ہیں تو وہ پلیٹیں کسٹم آفس تک پہنچتے پہنچتے صرف (باقی صفحہ 7 نمبر 10)

بلوچستان کے مزدور ظلم کی چکی میں پس رہے ہیں، شکر خان رئیسانی

میٹروپولیٹن کے مزدوروں کو چار ماہ بعد ایک تنخواہ ادا کی جاتی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) پاکستان ملی لیبر فیڈریشن بلوچستان کے صدر میر شکر خان رئیسانی نے کہا کہ بلوچستان میں مزدوروں کے ساتھ اتنا ظلم ہورہا ہے کہ میٹروپولیٹن کے مزدوروں کو چار ماہ بعد ایک تنخواہ ادا کی جاتی ہے ریلوے ٹی ایل اے کے ملازمین کو تین تین ماہ تک تنخواہ نہیں دی جاتی اسی طرح واسا کوئٹہ کے مزدور عوام کو پانی فراہم کرتے ہیں اسکے باوجود دو ماہ سے ملازمین کو تا حال تنخواہیں ادا نہیں کی گئی ہیں جو کہ ملازمین کے ساتھ سراسر ظلم کے مترادف ہے۔ یہ با (باقی صفحہ 7 نمبر 11)

محنت کشوں کے عالمی دن کے موقع پر خیرپور میں مختلف تنظیموں کی جانب سے ریلی نکالی

خیرپور (رپورٹ سجاد حسین شر) محنت کشوں کے عالمی دن کے موقع پر خیرپور میں مختلف تنظیموں کی جانب سے ریلی نکالی اور سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس میں سماجی رہنما خواتین (باقی صفحہ 7 نمبر 12)

آج کا دن شگاگو کے شہدا کو خراج تحسین پیش کرنے کا ہے، عبدالجبار شیخ

کھوکھر گوٹھ میں مزدوروں کے عالمی دن کے حوالے سے تقریب کا انعقاد

خیرپور (رپورٹ سجاد حسین شر) متحدہ مزدور فیڈریشن و پیپلز لیبر بیورو خیرپور کے زیر اہتمام کھوکھر گوٹھ میں مزدوروں کے عالمی دن کے حوالے سے تقریب کا انعقاد کیا گیا تقریب میں فیروز پھلپوٹو اربیلو انجن سید پرویز شاہ رستم خان پھلپوٹو غلام نبی لاشاری الیاس لاشاری زوار محب میر جت علی عنصر سندھو سینئر صحافی اشرف مغل، مدثر زیدی، شاہستہ انجن علی گل منگی سیما نثار (باقی صفحہ 7 نمبر 15)

ساکران حیدر گوٹھ کے قریب جھاڑیوں سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد

حب (آن لائن) ساکران حیدر گوٹھ کے قریب جھاڑیوں سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد ہوئی ذرائع کے مطابق ضلع حب کے علاقے ساکران حیدر گوٹھ کے قریب جھا (باقی صفحہ 7 نمبر 14)

ریاست مزدوروں کے حقوق کا تحفظ یقینی بنائے، نواب اسلم رئیسانی

انسانی تاریخ میں محنت و عظمت اور جدوجہد سے بھرپور استعارے کا دن کیم مئی ہے

مستونگ (یو این اے) چیف آف سراوان و رکن صوبائی اسمبلی نواب اسلم خان رئیسانی نے یوم مزدور کی عالمی ڈے کے حوالے سے اپنے ایک پیغام جاری کرتے ہوئے کہا کہ دنیا بھر میں آج عالمی یوم مزدور کیم مئی مزدوروں کے عالمی دن کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد ریاست مزدوروں کی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنائے اس دن امریکا کے شہر شکاگو کے (باقی صفحہ 7 نمبر 44)

بڑھتی ہوئی مہنگائی، غربت، بیروزگاری نے مزدوروں کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، جاوید میمن

ملکی ترقی، خوشحالی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والے مزدور انتہائی کسمپرسی کی زندگی بسر کررہے ہیں

سکھر (رپورٹ اسلم سومرو) سکھر اسمال ٹریڈرز کے صدر، ایس ڈی اے چیئرمین حاجی محمد جاوید میمن نے کہا ہے کہ ملکی ترقی، خوشحالی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھنے والے مزدور انتہائی کسمپرسی کی زندگی بسر کررہے ہیں، بڑھتی ہوئی مہنگائی، غربت، بیروزگاری نے مزدوروں کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے، حکمران طبقہ اور بڑے سرمائے دار امیر سے امیر تر ہوتے جارہے ہیں اور مزدور طبقہ دو وقت کی روٹی کے حصول کیلئے بھی پریشان نظر آتا ہے۔ کیم مئی مزدوروں کے عالمی (باقی صفحہ 7 نمبر 42)

بلوچستان میں مزدور دوست لیبر پالیسی لائیں گے، غلام رسول عمرانی

مزدوروں کی بہبود کیلئے مختص وسائل انکی بہتری پر خرچ ہونگے، مزدوروں کے نام پر مختص وسائل ہڑپ کرنے والوں کا محاسبہ کرینگے

ورکرز ویلفیئر بورڈ کے تحت مزدوروں کے بچوں کو اعلیٰ تعلیمی وظائف دیئے جائینگے تاکہ مزدوروں کے بچوں کو یکساں مواقع میسر آسکیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی نے عالمی یوم مزدور کی مناسبت سے اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ بلوچستان میں مزدور دوست لیبر پالیسی لائینگے اور مزدوروں کی بہبود کے لیے مختص وسائل انکی بہتری پر خرچ ہونگے انہوں نے کہا کہ مزدوروں کے نام پر مختص وسائل ہڑپ کرنے والوں کا محاسبہ کرینگے اور ورکرز ویلفیئر بورڈ کے تحت مزدوروں کے بچوں کو اعلیٰ تعلیمی وظائف دیئے جائینگے سردار غلام رسول عمرانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا وژن مزدوروں کی فلاح و بہبود کا واضح عکاس ہے، جس کے تحت صوبے (باقی صفحہ 7 نمبر 17)

اے این پی انٹرا پارٹی انتخابات: میاں افتخار حسین صدر خیبر پختونخوا منتخب

اے این پی کی صوبائی کابینہ کا انتخاب بلا مقابلہ ہوا، صوبائی کونسل اجلاس میں کابینہ کی تشکیل مکمل ہوئی

پشاور (یو این پی) میاں افتخار حسین عوامی نیشنل پارٹی (اے این پی) خیبر پختونخوا کے صدر جب کہ حسین شاہ صوبائی جنرل سیکریٹری منتخب ہوگئے رپورٹ کے مطابق اے این پی کے انٹرا پارٹی انتخابات کے جاری کردہ نتائج کے مطابق سید عاقل شاہ سینئر نائب صدر، ارسلان خان ناظم سیکریٹری اطلاعات منتخب ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ حامد طوفان، مطیع اللہ مروت، آیاز شعیب اور (باقی صفحہ 7 نمبر 16)

مزدوروں کے حقوق تسلیم کیے بغیر معاشرہ ترقی نہیں کرسکتا، بلال مندوخیل

پیپلز پارٹی مزدوروں کے حقوق پر کسی بھی صورت سودا بازی نہیں کریگی، مزدوروں کے شانہ بشانہ ہو کر حالات کی بہتری کیلئے اقدامات اٹھائینگے

ہم سب کو مزدوروں کے قربانیوں کی قدر کرنی چاہیے، پیپلز پارٹی واحد سیاسی جماعت ہے جس نے ہمیشہ مزدوروں کے حقوق کیلئے جدوجہد کی ہے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے یوم مزدور کے عالمی کے موقع پر شکاگو کے مزدوروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی مزدوروں کے حقوق پر کسی بھی صورت سودا بازی نہیں کرینگے بلکہ مزدوروں کے شانہ بشانہ ہو کر حالات کی بہتری کیلئے اقدامات اٹھائینگے ہم سب کو مزدوروں کے قربانیوں کی قدر کرنی چاہئے۔ پاکستان پیپلز پارٹی واحد سیاسی جماعت ہے جنہوں نے ہمیشہ مزدوروں کی حقوق کیلئے جدوجہد کی ہے اور کرتے رہیں گے کیونکہ شہید ذوالفقار علی بھٹو نے ہمیشہ مزدوروں کے حوالے سے بات کرتے تھے اور کہا (باقی صفحہ 7 نمبر 43)

نواز شریف سے گورنر خیبر پختونخواہ غلام علی کی ملاقات

جاتی امراء میں ہونے والی ملاقات میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز بھی ملاقات میں شریک تھیں

لاہور (یو این پی) پاکستان مسلم لیگ ن کے قائد اور سابق وزیر اعظم نواز شریف سے گورنر خیبر پختونخواہ حاجی غلام علی نے جاتی امراءمیں ملاقات کی، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز بھی ملاقات میں شریک تھیں، دونوں رہنماؤں کے درمیان باہمی دلچسپی کے امور سمیت صوبہ خیبر پختونخواہ کی موجودہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر خیبر پختونخواہ حاجی غلام علی نے قائد (باقی صفحہ 7 نمبر 19)

آزاد کشمیر میں چینی باشندوں کی سیکورٹی کیلئے ایف سی تعینات کرنے کا فیصلہ

وزیر اعظم نے سمری کی وفاقی کابینہ سے منظوری لینے کی اجازت دیدی

اسلام آباد (یو این پی) حکومت نے آزاد کشمیر میں چینی باشندوں کی سیکورٹی کیلئے ایف سی تعینات کرنے کا فیصلہ کیا ہے، وزیر اعظم شہباز شریف نے سمری کی وفاقی کابینہ سے منظوری لینے کی اجازت دے دی، آزاد کشمیر کی حکومت نے امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے کیلئے ایف سی کی خدمات حاصل کرنے کیلئے وفاقی حکومت سے درخواست کی تھی۔ چینی باشندوں اور (باقی صفحہ 7 نمبر 18)

فلسطین اور کشمیر اُمت کے اہم ترین مسائل ہیں: لیاقت بلوچ

فلسطینیوں کو ان کا حق دلوانا ایک ملی فرض ہے، فلسطینیوں نے پوری دنیا میں بیداری کی ایک لہر پیدا کی ہے

لاہور (یو این پی) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ فلسطین اور کشمیر امت کے اہم ترین مسائل ہیں، گزشتہ 80 سال سے عالم اسلام اس صورتحال سے دوچار ہے، ان مسائل کے حل میں جتنی تاخیر ہورہی اتنا ہی عالمی امن بھی تباہ ہے اور اسلامی ممالک کی حالت بھی تشویشناک ہورہی ہے۔ قومی فلسطین کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نائب امیر جماعت اسلا (باقی صفحہ 7 نمبر 41)

تاجروں کے گوداموں اور مارکیٹوں میں کسٹم چھاپوں کی مذمت کرتے ہیں، مولانا قادر لونی

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علماء اسلام (نظریاتی) بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کبدانی نائب امیر مولانا عبدالرؤف نائب امیر مولانا خدائے نظر نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبداللہ حقانی جوائنٹ (باقی صفحہ 7 نمبر 20)

یوم مئی عالمی مزدوروں کے حوالے سے پوری دنیا کی طرح ضلع اوستا محمد میں بھی دو مختلف ریلیاں اور جلسے منعقد

اوستا محمد (نمائندہ خصوصی) یوم مئی عالمی مزدور دن کے حوالے سے پوری دنیا کی طرح ضلع اوستا محمد میں بھی دو مختلف ریلیاں اور جلسے منعقد کئے گئے اور اپنے شکاگو کے مزدوروں کی قربانیوں کو یاد کیا گیا پہلی ریلی اور جلسہ متحدہ لیبر فیڈریشن ایری گیشن ایمپلائز ایسوسی ایشن کھیرتھر کینال کی جانب سے (باقی صفحہ 7 نمبر 40)

ڈی ایچ کیو ہسپتال میں ادویات کی فقدان پیناڈول کی گولی اور سرنج تک نایاب مریض رل گئے

کوہلو (نامہ نگار) تفصیلات کے مطابق بلوچستان ضلع کوہلو کے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں ادویات و سہولیات کا اشد فقدان ہے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں دیگر ادویات کی طرح بخار کی گولی اور سرنج تک نایاب ہوگئے ہیں جبکہ ڈاکٹروں کی عدم موجودگی کے باعث مریضوں کو شدید (باقی صفحہ 7 نمبر 45)

کوئٹہ، پاکستان ورکرز کنفیڈریشن کے زیر اہتمام کیم مئی یوم مزدور کے موقع پر ریلی کی قیادت منظور احمد بلوچ، علی بخش جمالی، پیر محمد کاکڑ، حاجی عبدالکریم اور دیگر کررہے ہیں

کم از کم اجرت 32000 کیا جائے
عالمی یوم مزدور زندہ باد سلام بلوچ

کیم مئی مزدوروں کے عالمی دن کے طور پر منایا جاتا ہے، جاوید قریشی بخاری

بیلہ (نامہ نگار) عالمی یوم مزدور دن موقع پر سابقہ چیئرمین زکوٰۃ وعشر کمیٹی و چیئرمین درگاہ گل شاہ بخاری خادم الفقراء جاوید قریشی بخاری و درگاہ گل شاہ بخاری کے خادم خادم الفقراء محمد ناصر اویسی بخاری نے اپنے مختصر بیان میں کہا کیم مئی مزدوروں کے عالمی دن کے طور پر منایا (باقی صفحہ 7 نمبر 35)

سکھر میں ریلوے اور سیپکو کے ادارے ایک دوسرے کے سامنے آگئے

سکھر (رپورٹ اسلم سومرو) سکھر میں ریلوے اور سیپکو کے ادارے ایک دوسرے کے سامنے آگئے، سیپکو نے روہڑی ریلوے اسٹیشن کی بجلی تو ریلوے نے سیپکو کا گرڈ اسٹیشن سیل کردیا، ریلوے نے سیپکو کی اپنی اراضی پر قائم تنصیبات غیر قانونی قرار دے دیں، مزید سیپکو تنصیبا (باقی صفحہ 7 نمبر 34)

یوم مئی عالمی مزدوروں کے حوالے سے پوری دنیا کی طرح ضلع اوستا محمد میں بھی دو مختلف ریلیاں

اوستا محمد (نمائندہ خصوصی) یوم مئی عالمی مزدور دن کے حوالے سے پوری دنیا کی طرح ضلع اوستا محمد میں بھی دو مختلف ریلیاں اور جلسے منعقد کئے گئے اور اپنے شکاگو کے مزدوروں کی قربانیوں کو یاد کیا گیا پہلی ریلی اور جلسہ متحدہ لیبر فیڈریشن ایری گیشن ایمپلائز ایسوسی ایشن کھیرتھر کینال کی جانب سے زونل صدر محبوب علی تر (باقی صفحہ 7 نمبر 33)

ٹک ٹاک بنانے کیلئے باہر نکل کر کام کرنا پڑتا ہے، مریم نواز

مجھ پر الزام لگتا ٹک ٹاکر بن رہی ہوں، ویڈیوز بن رہی ہیں، آپ بھی اے سی والے کمروں سے نکلیں خدمت کریں

لاہور (یو این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے خیبر پختونخوا کے ہم منصب علی امین گنڈاپور کو جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ ٹک ٹاک بنانے کیلئے باہر نکلنا پڑتا ہے اور کام کرنا پڑتا ہے۔ لاہور میں ایک تقریب سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ مجھ پر الزام لگتا ٹک ٹاکر بن رہی ہوں، ویڈیوز بن رہی ہیں، آپ بھی اے سی والے کمروں سے نکلیں خدمت کریں تو آپ کی بھی ویڈیوز بنیں گی (باقی صفحہ 7 نمبر 36)

صارفین کی موبائل سمیں بند کرنے کا حکم غیر قانونی ہے، قانونی ماہرین

اشرافیہ ملک سے پیسہ لوٹ کر بیرون ممالک لے جاتی ہے یہ وہ چیخ ہے، جس نے ملک کی جڑوں کو کھوکھلا کردیا ہے

لاہور (یو این پی) قانونی ماہرین نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی جانب سے انکم ٹیکس فائل نہ کرنے والے صارفین کی موبائل سمیں بند کرنے کے حکم کو غیر قانونی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اس کے لیے قانون سازی کی ضرورت ہے اگر قانون سازی کے بغیر ایسا اقدام کیا گیا تو وہ غیر قانونی اور غیر آئینی تصور ہوگا۔ سینئر قانون دان اظہر صدیق ایڈووکیٹ (باقی صفحہ 7 نمبر 37)

حکومتی آمدن 5 ہزار 313 ارب، خرچے 9 ہزار 651 ارب سے تجاوز

رواں مالی سال حکومت کی آمدن اور اخراجات کی تفصیلات جاری

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی حکومت کا ابتدائی 9 ماہ میں مالی خسارہ 4 ہزار 337 ارب روپے تک پہنچ گیا۔ حکومتی آمدن 5 ہزار 313 ارب جبکہ خرچے 9 ہزار 651 ارب روپے سے تجاوز کر گئے۔ وزارت خزانہ کی جاری کردہ تفصیلات کے مطابق ابتدائی نو ماہ میں مالی خسارہ 4 ہزار 337 ارب روپے تک پہنچ گیا۔ اس عرصے کے دوران قرضوں پر سود کی مد میں (باقی صفحہ 7 نمبر 38)

کوئٹہ: بی این پی عوامی کے سربراہ و رکن صوبائی اسمبلی میر اسد اللہ بلوچ بلوچستان بلڈ بینک کا دورہ کررہا ہے

ن لیگ سے نالاں ایم کیو ایم کی پیپلز پارٹی سے قربتیں بڑھنے لگیں

ایم کیو ایم اب عوامی اور سیاسی مسائل پر تمام سیاسی جماعتوں کے ساتھ بات کرے گی

اسلام آباد (یو این پی) پاکستان مسلم لیگ ن کے رویے کی وجہ سے نالاں اتحادی جماعت ایم کیو ایم کی پیپلز پارٹی سے قربتیں بڑھنے لگیں، دونوں جماعتوں میں سیاسی تحفظات سے متعلق ڈیڈلاک ختم ہو گیا۔ میڈیا کے مطابق صدر مملکت آصف علی زرداری سے ایم کیو ایم وفد نے ملاقات کی، ملاقات میں سیاسی صورتحال اور کراچی کے مسائل پر بات چیت کی گئی۔ ایم کیو ا (باقی صفحہ 7 نمبر 24)

مزدوروں کا معیار زندگی بلند کرنے کے لیے پر عزم ہیں‘ مریم نواز شریف

محنت کشوں کیلئے مناسب اجرت، تحفظ اور احترام یقینی بنانا ہوگا‘ وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (یو این پی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے محنت کشوں کے عالمی دن پر مزدوروں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ مزدوروں کا معیار زندگی بلند کرنے کے لیے پر عزم ہیں۔ عالمی یوم مزدور پر اپنے خصوصی پیغام میں وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ عالمی یوم مزدور پر دنیا بھر کے محنت کشوں کو سلام پیش کرتی ہوں، محنت کش اللہ کے دوست ہیں، اللہ (باقی صفحہ 7 نمبر 23)

مزدوروں کے عالمی دن پر ملک بھر کی طرح نوڈیرو میں شکاگو کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ریلی نکالی گئی

نوڈیرو (نامہ نگار) مزدوروں کے عالمی دن پر ملک بھر کی طرح نوڈیرو میں شکاگو کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے ریلی نکالی گئی۔ پاکستان ٹریڈ یونین فیڈریشن، رائس ملز ورکرز یونین اور دیگر مزدور یونینز نے ملکر ریلی نکالی اس موقعہ پر مزدوروں کے ہاتھوں (باقی صفحہ 7 نمبر 39)

مزدوروں کی دی ہوئی قربانی کی وجہ سے مزدوروں کا مقام بلند ہے، طارق باجکانی

کنڈ حکوٹ (رپورٹ/عبدالرزاق آزاد) کنڈ حکوٹ یوم مزدور کے حوالے سے لیبر یونین کی جانب سے شکاگو کے مزدوروں کی جانب سے دی گئی قربانی کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے سیکڑوں مزدوروں نے غلہ منڈی سے لیبر یونین کے رہنما طارق باجکانی، ڈاڈو جکھرانی، شمن علی باجکانی سمیت دیگر کی قیادت میں ریلی نکالی گئی ریلی شہر (باقی صفحہ 7 نمبر 30)

مرکزی مسلم لیگ کے وفد کی مفتی منیب الرحمٰن سے ملاقات

ہمیں ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر اجتماعی مفادات کے لئے اپنی توانائیاں خرچ کرنا ہوں گی

کراچی (پ ر) پاکستان مرکزی مسلم لیگ کے وفد کی احمد ندیم اعوان کی سربراہی میں مہتمم جامعہ نعیمیہ مفتی منیب الرحمٰن سے جامعہ نعیمیہ کراچی میں ملاقات کی۔ وفد نے مفتی منیب الرحمٰن سیان کے چھوٹے بھائی ڈاکٹر محبوب الرحمٰن کے انتقال پر تعزیت کی۔ وفد میں مرکزی مسلم لیگ کراچی کے صدر احمد ندیم اعوان، رویت ہلال کمیٹی کے ممبر مفتی محمد یوسف کشمیری، رہنما (باقی صفحہ 7 نمبر 22)

کوئٹہ، رکن صوبائی اسمبلی میر لیاقت لہڑی ریلوے محنت کش یونین کے زیر اہتمام یوم مزدور کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کررہے ہیں

محنت کش طبقہ ہمارا فخر ہیں ان کے خدمات ناقابل فراموش ہیں، عبدالکریم نوشیروانی

وفاقی و صوبائی حکومتیں محنت کش طبقے کی خوشحالی سے اہم اقدامات اٹھائیں

خاران (فدا ریگی) میر عبدالکریم نوشیروانی نے یوم مزدور کے موقع پر خاران میں گندم کٹائی میں حصہ لے کر محنت کشوں سے اظہار یکجہتی کیا، پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنماء سابق صوبائی وزیر میر عبدالکریم نوشیروانی نے کہا کہ محنت کش طبقہ ہمارا فخر ہیں ان کے خدمات ناقابل فراموش ہیں وفاقی و صوبائی حکومتیں محنت کش طبقے کی خوشحالی سے اہم اقدامات اٹھائیں ان (باقی صفحہ 7 نمبر 29)

ملکی ترقی اور بہتر معیشت میں مزدوروں کا اہم کردار ہے، اکرام الدین

اٹلی حکومت اوورسیز پاکستانیوں کی مزدوری کی اجرت میں اضافہ کیا جائے، فوکل پرسن وزرات اوورسیز اٹلی

سسلی (انٹرنیشنل ڈیسک) گلوبل ٹائمز میڈیا یورپ کے مطابق وزارت اوورسیز کے فوکل پرسن برائے اٹلی اکرام الدین نے کیم مئی یوم مزدور کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ ملکی ترقی اور ملکی بہتر معیشت میں مزدوروں کا اہم کردار ہے انہوں نے کہا کہ مزدوروں کو ناکام پر اجرت نہ دینا مزدوروں کے ساتھ ظلم و زیادتی ہے مزدوروں (باقی صفحہ 7 نمبر 28)

کے پی حکومت مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے کوشاں ہے، افتخار علی مشوانی

مزدوروں کے عالمی دن پر مزدوروں کی عظمت کو سلام پیش کرتا ہوں، رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختون خواہ

مردان (نمائندہ خصوصی) گلوبل ٹائمز میڈیا یورپ کے مطابق پاکستان تحریک انصاف کے رکن صوبائی اسمبلی خیبر پختون خواہ ایم پی اے افتخار علی مشوانی نے کہا کہ خیبر پختون خواہ حکومت وزیر اعلیٰ خیبر پختون خواہ علی امین گنڈاپور کی سربراہی میں مزدوروں کی فلاح و بہبود کیلئے بہترین اقدامات کررہی ہے انہوں نے کہا کہ مزدوروں کو ناکام پر اجرت نہ دینا مزدوروں کے سا (باقی صفحہ 7 نمبر 27)

قیدیوں کو معاشرے کا کار آمد شہری بنایا جائے، سکینہ ایڈووکیٹ

بچوں کو اپنی ماؤں کے ساتھ دیکھ کر ایسا نہیں لگ رہا کہ یہ جیل ہے اور جیل میں موجود بچوں کے لیے سکولنگ جو کی جارہی ہے قابل تعریف ہے

قیدیوں کو ریلیف فراہم کرنے کے لیے جو ممکن ہو سکے وہ اقدامات اٹھائے جائیں گے قیدیوں کی بہتری کے لیے ہم مزید اقدامات کرنے ہوں گے

کراچی (پ ر) سکینہ ایڈووکیٹ نے سینٹرل جیل کراچی کا تفصیلی دورہ کیا جہاں پر انہوں نے جیل کے مختلف حصوں جن میں مرد اور خواتین قیدیوں کے علاوہ نوعمر بچوں کی بیرکوں کا معائنہ کرتے ہوئے قیدیوں کے ساتھ جیل کے عملے کے رویے کے بارے میں آگاہی حاصل کی انہوں نے کھانے کے معیار اور قیدیوں کو دیے جانے والے روزانہ کے کھانے کی فہرست بھی چیک کی جبکہ جیل کے مختلف حصوں بشمول ہسپتال، (باقی صفحہ 7 نمبر 25)

مزدور و محنت کش سماج میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، میر عبدالصمد زہری

حب (نامہ نگار) بلوچستان نیشنل پارٹی عوامی کے مرکزی سیکرٹری ماہی گیری نے کیم مئی یوم مزدوروں کی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی مزدور ڈے کے موقع پر وطن عزیز اور دنیا بھر کے بلند ہمت محنت کشوں کی عظمت کو ہم سلام پیش کرتے ہیں، انہوں نے کہا کہ کیم مئی مزدور طبقے سے اظہار ہمدردی کا دن ہے، دنیا بھر میں کیم مئی کو مزدور ڈے کے حوالے سے منایا جاتا (باقی صفحہ 7 نمبر 26)

بلوچستان میں 77 سالوں سے ترقی نہ ہونے کے برابر ہے، اسد بلوچ

تین سال قبل صوبائی اسمبلی نے ارٹی ائی لا تو منظور کرلیا مگر اس قانون پر عملدرآمد کے لیے انفارمیشن کمیشن بنانے میں ابھی تک ٹال مٹول سے کام لیا جارہا ہے

ہر دور میں ہم عوام کی فلاح و بہبود کیلئے بہت سارے سماجی و فلاحی پروجیکٹس شروع کردیتے ہیں مگر نئی حکومت آتے ہی یہ منصوبے بند کردیے جاتے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں 77 سالوں سے ترقی نہ ہونے کے برابر ہے۔ ہر دور میں ہم عوام کی فلاح و بہبود کیلئے بہت سارے سماجی و فلاحی پروجیکٹس شروع کردیتے ہیں، مگر حکومت کے خاتمے کے بعد ان عوامی و سماجی فلاحی پروجیکٹس کو تسلسل کے ساتھ جاری نہیں رکھا جاتا جس کی وجہ سے عوامی فنڈز ضائع ہوجاتے ہیں۔ سابق حکومت میں ہم نے بلوچستان میں مریضوں کے لیے خطیر رقم سے عوامی انڈو ومنٹ (باقی صفحہ 7 نمبر 32)

تو کنڈی میں بجلی کی بلاجواز غیر اعلانیہ اور طویل لوڈ شیڈنگ بدترین کیخلاف احتجاجی مظاہرہ

نوکنڈی (اے این این) نوکنڈی میں بجلی کی بلاجواز غیر اعلانیہ اور طویل لوڈ شیڈنگ بدترین اوور بلنگ اور بجلی کی آنکھ مچولی کے خلاف نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام احتجاجی مظاہرہ ہوا مظاہرے سے نیشنل پارٹی کے تحصیل صدر واحد بخش شیرزئی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوکنڈی پاکستان کا گرم ترین علاقہ ہے اور ابھی گرمیاں شروع ہوتے ہی بجلی کا غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ سات آٹھ (باقی صفحہ 7 نمبر 31)

کوئٹہ، پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے زیر اہتمام یوم مئی کے اجتماع سے نصر اللہ خان زیرے، سید قادر آغا ایڈووکیٹ، ڈاکٹر بایزید روشان اور فقیر خوشحال کاسی اور دیگر خطاب کررہے ہیں